رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اخلاق حسنہ کا حکم دیتے ہیں

لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ سَیِّدُنَا	ہمارے سردار	۲۔ أَحْسَنُ	سب سے بہترین
۳۔ أَکْرَمُ	سب سے زیادہ کریم	٤۔ خُلُقٌ	اخلاق
۵۔ أَغْرَاضٌ	مقاصد	٦۔ بُعِثْتُ	مجھے بھیجا گیا
۷۔ أَخْبَرَ	خبر دی	۸۔ أُتَمِّمٌ	مکمل۔ تکمیل
۹۔ مَکَارِمُ	بلند۔ اچھے۔ اعلیٰ	۱۰۔ أَمَرَ	اس نے حکم دیا
۱۱۔ أُمُوْر	کام	۱۲۔ أَوْسَطُ	میانہ روی
۱۳۔ خِیَارٌ	بہت۔ اچھا	١٤۔ نِسَاءٌ	عورتیں
۱۵۔ تَوَاضَعَ	اس نے عاجزی کی	١٦۔ وَضَعَ	اس نے گرادیا
۱۷۔ خَرَجَ	وہ نکلا	۱۸۔ یَرْجِعُ	وہ لوٹتا ہے
۱۹۔ یُرِدُّ	وہ چاہتا ہے	۲۰۔ خَیْرٌ	بھلائی
۲۱۔ یُقْبَلُ	قبول کیا جاتا ہے	۲۲۔ طُوْبٰی	خوشخبری دو
۲۳۔ عَلِمَ	سکھایا گیا	٢٤۔ کَسْبٌ	کمائی
۲۵۔ یَدَیْ	دونوں ہاتھ	٢٦۔ عَامِلٌ	کام کرنے والا
۲۷۔ نَصَحَ	وہ خیر خواہی کرے	۲۸۔ نِصْفٌ	آدھا
۲۹۔ اَلطَّاعِمُ	کھانے والا	۳۰۔ صَائِمٌ	روزہ رکھنے والا
۳۱۔ رِفْقٌ	نرمی	۳۲۔ ذَانَ	اس نے زینت دی
۳۳۔ یُنْزَعُ	چھین لی جاتی ہے	٣٤۔ شَانَ	برا بنا دیا

٣٥۔ أُولٰی	سب سے زیادہ قریب	٣٦۔ اَلْمُتَّقُوْنَ	پرہیزگار (جمع)
٣٧۔ حَیْثُ	جہاں کہیں	٣٨۔ تَفَکَّرُوْا	تم غور وفکر کرو
٣٩۔ تُقَدِّرُوْا	تم اندازہ لگاؤ	٤٠۔ قُدْرَۃٌ	قدرت

اردو ترجمہ

كَانَ سَيِّدُنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلِيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ أَحْسَنَ النَّاسِ وَ أَكْرَمَهُمْ خُلُقًا وَهُوَمِنْ أَغْرَاضِ بِعْثَتِهٖ كَمَا أَخْبَرَنَا بِهٖ فَقَالَ: إِنَّمَا بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْأَخْلَاقِ وَمَحَاسِنَ الْأَعْمَالِ۔ وَقَدْ أَمَرَ أُمَّتَهٗ بِحُسْنِ الْخُلُقِ فَمِنْ ذٰلِكَ مَاقَالَ:

ہمارے سردار اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں میں سب سے زیادہ اچھے اور اخلاق میں سب سے زیادہ کریم تھے اور یہی آپکے مبعوث کیے جانے کی غرض تھی جیسا کہ آپ نے ہمیں اسکے بارے میں خبر دی تھی پس آپ نے فرمایا ''بے شک مجھے بلند اخلاق اور اچھے اعمال کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہے'' آپ ﷺ نے اپنی امت کو حسن اخلاق کا حکم دیا پس اس میں سے ہے جو آپ ﷺ نے فرمایا:

١۔ خَيْرُ الْأُمُوْرِ أَوْسَطُهَا۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

ا۔ بہترین کام میانہ روی ہے۔

٢۔ أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَّخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَآئِهِمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

٢۔ لوگوں میں کامل ایمان والا وہ ہے جو ان میں اخلاق کے لحاظ سے اچھا ہے اور تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنی عورتوں کے لئے بہتر ہے۔

٣۔ مَنْ تَوَاضَعَ لِأَخِيْهِ الْمُسْلِمِ رَفَعَهُ اللّٰهُ وَمَنِ ارْتَفَعَ عَلَيْهِ وَضَعَهُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ)

٣۔ جو کوئی اپنے مسلمان بھائی کے لئے عاجزی کرتا ہے۔ اللہ اسکا مرتبہ بلند کرتا ہے اور جو کوئی اس پر غرور کرتا ہے اللہ اس کو گرا دیتا ہے۔

٤۔ مَنْ خَرَجَ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَرْجِعَ۔

٤۔ جو طلب علم کے لئے نکلا وہ اللہ کی راہ میں ہے یہاں تک کہ وہ لوٹ آئے۔

۵۔ مَنْ یُرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ۔

۵۔ اللہ جس کے ساتھ بھلائی کرنا چاہتا ہے اس کو دین میں سمجھ دیتا ہے۔

٦۔ لَایُقْبَلُ إِیْمَانٌ بِلَا عَمَلٍ وَلَا عَمَلٌ بِلَا إِیْمَانٍ۔

٦۔ عمل کے بغیر ایمان اور ایمان کے بغیر عمل قبول نہیں کیا جاتا۔

٧۔ طُوْبٰی لِمَنْ عَلِمَ بِعِلْمِہٖ۔

۷۔ خوشخبری سنا دیجیے اسے جس نے علم کے ذریعے سیکھا۔

٨۔ خَیْرُ الْکَسْبِ کَسْبُ یَدَیْ عَامِلٍ إِذَ انَصَحَ

۸۔ بہترین کمائی کام کرنے والے کی ہاتھ کی کمائی ہے۔ جب وہ خیر خواہی کر رہا ہو۔

٩۔ لَاإِیْمَانَ لِمَنْ لَّا أَمَانَۃَ لَہ' وَلَا دِیْنَ لِمَنْ لَّا عَھْدَلَہ'

۹۔ صبر نصف ایمان ہے اور یقین مکمل ایمان ہے۔

١٠۔ الصَّبْرُ نِصْفُ الْإِیْمَانِ وَالْیَقِیْنُ اَلْإِ یْمَانُ کُلُّہٗ۔

۱۰۔ کھا کر شکر ادا کرنے والا روزے دار صابر کی طرح ہے۔

١١۔ اَلطَّاعِمُ الشَّاکِرُ کَالصَّائِمِ الصَّابِرِ۔

۱۱۔ بے شک نرمی جس چیز میں ہو اس کو خوبصورتی بخشتی ہے اور جس چیز سے نکال لی جائے اسے بدصورت بنادیتی ہے۔

١٢۔ إِنَّ الرِّفْقَ لَا یَکُوْنَ فِیْ شَیْءٍ إِلَّا زَانَہ' وَلَا یُنْزَعُ مِنْ شَیْءٍ إِلَّاشَانَہٗ۔

۱۲۔ بے شک لوگوں میں سے میرے سب سے زیادہ قریب متقی ہے وہ جو کوئی بھی ہو اور جہاں کہیں بھی ہو۔

١٣۔ إِنَّ أَوْلَی النَّاسِ بِیَ الْمُتَّقُوْنَ مَنْ کَانُوْا وَحَیْثُ کَانُوْا۔

۱۳۔ اللہ کی مخلوق پر غور کرو اللہ پر غور نہ کرو۔

١٤۔ تَفَکَّرُوْافِیْ خَلْقِ اللّٰہِ وَلَاتَتَفَکَّرُوْافِی اللّٰہِ فَإِنَّکُمْ لَنْ تَقْدِرُوْا قَدْرَہٗ۔

۱۴۔ پس بے شک تم اس کی قدرت کا اندازہ نہیں لگا سکتے۔ کیونکہ تم اس کی عظمت کے بارے میں غور مت کرو۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ اِحْفَظِ الْحَدِيْثَ النَّبَوِيَّ:

حدیث نبوی کو یاد کرو:

"اِنَّمَا بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْأَخْلَاقِ وَمَحَاسِنِ الْأَعْمَالِ"

س2۔ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِيْ مِنَ الْأَسْئِلَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیجیے:

۱۔ مَنْ هُوَ أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَانًا؟

مومنوں میں سے کامل ترین ایمان والا کون ہے؟

اَلَّذِيْ أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

۲۔ كَيْفَ يُعَرِّفُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الصَّبْرَ وَالرِّفْقَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبر اور نرمی کی تعریف کیسے کرتے ہیں؟

اَلرِّفْقُ زِيْنَةٌ وَالصَّبْرُ نِصْفُ الْإِيْمَانِ

۳۔ قَدْ ذُكِرَ التَّوَاضُعُ وَالتَّرَفُّعُ فِيْ حَدِيْثٍ وَّاحِدٍ مِنْ هٰذَا الدَّرْسِ فَمَا هُوَ الْحَدِيْثُ؟

تواضع اور تکبر کا ذکر اس سبق کی ایک حدیث میں کیا گیا ہے وہ کونسی حدیث ہے۔

مَنْ تَوَاضَعَ لِأَخِيْهِ الْمُسْلِمِ رَفَعَهُ اللّٰهُ وَمَنِ ارْتَفَعَ عَلَيْهِ وَضَعَهُ اللّٰهُ

س3۔ أَكْمِلِ الْجُمَلَ التَّالِيَةَ بِكَلِمَةٍ مُّنَاسِبَةٍ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں:

۱۔ مَنِ ارْتَفَعَ عَلٰى أَخِيْهِ الْمُسْلِمِ وَضَعَهُ اللّٰهُ۔

۲۔ لَا يُقْبَلُ اِيْمَانٌ بِلَا عَمَلٍ وَّلَا عَمَلٌ بِلَا إِيْمَانٍ۔

۳۔ وَلَادِيْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهٗ

س4۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو اعراب لگائیں:

۱۔ طوبى لمن علم بعلم

طُوْبٰى لِمَنْ عَلِمَ بِعِلْمٍ

۲۔ من اولی برسول الله صلی الله علیه وآله وسلم؟
مَنْ اَوْلٰی بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ؟

۳۔ هل الیقین نصف الایمان
هَلِ الْیَقِیْنُ نِصْفُ الْإِیْمَانِ۔

س5۔ خُذْ عَشَرَةَ أَسْمَاءٍ مِّنَ الدَّرْسِ ثُمَّ اكْتُبْهَا جَمْعًا وَّ مُفْرَدًا:

سبق سے دس اسم لیں پھر ان کی واحد اور جمع لکھیں:

واحد	جمع	واحد	جمع
اَلدَّرْسُ	اَلدُّرُوْسُ	اَلْخُلُقُ	اَلاخلاقُ
غَرَضٌ	أَغْرَاضٌ	حُسْنٌ	مَحَاسِنٌ
اَلْعِلْمُ	اَلْعُلُوْمُ	اَلشَّاكِرُ	اَلشَّاكِرُوْنَ
عَمَلٌ	أَعْمَالٌ	اَلْمُتَّقِی	اَلْمُتَّقُوْنَ
إِمْرَأَةٌ	نِسَاءٌ	خَيْرٌ	خِيَارٌ
دِيْنٌ	اَدْيَانٌ	اَمْرٌ	أُمُوْرٌ

س6۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ میانہ روی اختیار کرو۔
تَعَوَّدُوا الْإِعْتَدَالَ

۲۔ ہاتھ سے روزی کماؤ
اِكْتَسِبُوْا بِاَيْدِيْكُمْ

۳۔ اخلاص سے ایمان مضبوط ہوتا ہے۔
اَلْإِخْلَاصُ يُقَوِّی الْإِيْمَانَ

۴۔ نرمی اچھی چیز ہے۔
اَلرِّفْقُ جَيِّدٌ

۵۔ اللہ کا شکر ادا کرو۔
أُشْكُرُوا اللّٰهَ

OOOOOOOOO

اَلدَّرسُ الثَّانِی عَشَرَ (بارھواں سبق)

منتخب اشعار (۲)

شِعرُ المَدَائِحِ النَّبَوِیَّةِ

مدح نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے اشعار

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ یَجلُوا	وہ دور کرتا ہے	۲۔ یُوحٰی	وحی کی جاتی ہے
۳۔ یَقُولُ	وہ کہتا ہے	٤۔ یَهدِینَا	وہ ہمیں ہدایت دیتا ہے
۵۔ نَخشٰی	ہم ڈرتے ہیں	٦۔ ضَلَالٌ	گمراہی
۷۔ یَخُونُ	وہ خیانت کرتا ہے	۸۔ یُخبِرُنَا	وہ ہمیں خبر دیتا ہے
۹۔ یَخُونُ	وہ خیانت کرتا ہے	۱۰۔ یَحُولُ	وہ دھوکہ دیتا ہے
۱۱۔ نَرٰی	ہم دیکھتے ہیں	۱۲۔ عَدِیلٌ	ہم پلہ۔ برابر
۱۳۔ تَرَقَطُّ	کبھی نہ دیکھا	۱٤۔ عَینٌ	آنکھ
۱۵۔ خُلِقتَ	پیدا کیا گیا	۱٦۔ مُبَرَّأً	بے عیب
۱۷۔ تَشَاءُ	تو چاہے	۱۸۔ شَهِدَتْ	اس عورت نے گواہی دی
۱۹۔ مَولُودٌ	پیدا شدہ بچہ	۲۰۔ عَمَّتْ	چھا گئے
۲۱۔ عِبَادٌ	بندے	۲۲۔ بَرِیَّةٌ	مخلوق
۲۳۔ ضَوءٌ	روشنی	۲٤۔ قَمَرٌ	چاند
۲۵۔ مُبَیِّنَةٌ	واضح۔ روشن	۲٦۔ آیَاتٌ	نشانیاں
۲۷۔ بَدِیهَةٌ	چہرہ۔ ظاہری خدوخال	۲۸۔ أَتَینَا	ہم آئے
۲۹۔ زَحفٌ	لشکر	۳۰۔ یُحِیطُ	وہ گھیراؤ کرتا ہے

لفظ	معنی	لفظ	معنی
٣١۔ سُوَرٌ	دیواریں	٣٢۔ حِصْنٌ	قلعہ
٣٣۔ صُفُوْفٌ	صفیں	٣٤۔ رَئِيْسٌ	سردار
٣٥۔ صُلْبٌ	خالص نسب	٣٦۔ نَقِيٌّ	پاکیزہ
٣٧۔ رَشِيْدُ الْأَمْرِ	کام کو بہتر چلانے والا	٣٨۔ عَزُوْفٌ	کنارہ کشی کرنے والا
٣٩۔ حِلْمٌ	نرمی	٤٢۔ نَزِقٌ	کمتر
٤٣۔ خَفِيْفٌ	بہتر	٤٤۔ نُطِيْعُ	ہم اطاعت کرتے ہیں
٤٥۔ رَؤُفٌ	شفیق	٤٦۔ أُنْبِئْتُ	مجھے بتایا گیا
٣٧۔ اَوْعَدَنِيْ	مجھے دھمکی دی	٣٨۔ عَفْوٌ	معافی۔عفو
٣٩۔ مَأْمُوْلٌ	امید کی جاتی ہے	٥٠۔ اَتَيْتُ	میں آیا
٥١۔ عُذْرٌ	عذر۔معافی	٥٢۔ مَقْبُوْلٌ	قبول کی گئی

اردو ترجمہ

ابوسفیان بن حارثؓ نے کہا

نَبِيٌّ كَانَ يَجْلُو الشَّكَ عَنَّا
بِمَا يُوْحٰى إِلَيْهِ وَمَا يَقُوْلُ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے نبی ہیں جو اپنی وحی اور فرمان سے شک کو دور کر دیتے ہیں۔

وَيَهْدِيْنَا فَلَا نَخْشٰى ضَلَالًا
عَلَيْنَا وَالرَّسُوْلُ لَنَا دَلِيْلٌ

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں ہدایت دے رہے ہیں پس ہمیں گمراہ ہو جانے کا کوئی ڈر نہیں جبکہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے رہنما ہیں۔

يُخْبِرُنَا بِظَهْرِ الْغَيْبِ عَمَّا
يَكُوْنُ فَلَا يَخُوْنُ وَلَا يَحُوْلُ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم بن دیکھے واقع ہونے والی چیزوں کے بارے میں خبر دیتے ہیں

وَالْعُذْرُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَقْبُوْلُ

پس میں حضور علیہ السلام کے پاس معذرت طلب کرنے آیا ہوں اور حضور علیہ السلام کے پاس معذرت قبول کر لی جاتی ہے۔

ا۔ ''ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب''

شاعر کا تعارف:۔

ابوسفیان بن عبدالمطلب قریش میں سے تھے۔ شروع میں اسلام کا بدترین دشمن تھا لیکن بعد میں اسلام لایا۔ حضور علیہ السلام اکرم کو ابوسفیان کے ایمان لانے سے بہت خوشی ہوئی۔ حضور علیہ السلام نے اسکو عزت بخشی۔ یہ قریشی سرداروں میں سے تھا۔ حضور اکرم علیہ السلام نے فتح مکہ کے موقع پر اسے معاف کر دیا۔ اس کے گھر کو دارالامن (امن کی جگہ) قرار دیا۔ اسلام لانے کے بعد آپ حضور اکرم علیہ السلام کی مدح میں لگے رہتے تھے۔

شعر 1:

نَبِیٌّ کَانَ یَجْلُوْا الشَّکَّ عَنَّا
بِمَا یُوْحٰی اِلَیْہِ وَمَا یَقُوْلُ

ترجمہ:

آپ ایسے پیغمبر ہیں جو وحی اور اپنے فرمان سے ہم سے شک دور کرتے ہیں۔

تشریح:

حضور علیہ السلام اپنی تعلیمات سے ہمیں ہدایت دیتے ہیں۔ دنیا کا کوئی بھی معاملہ ہو اس میں آپ علیہ السلام کی احادیث سے رہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ دنیا میں پیش آنے والے تمام مسائل کا حل قرآن اور احادیث رسول سے مل جاتا ہے۔ حضور علیہ السلام ہم سے شک و شبہ دور کر دیتے ہیں۔ یعنی ایسے تمام مسائل جن میں انسانی عقل کام کرنا چھوڑ دیتی ہے اور سچائی اور برائی میں تمیز نہیں ہو سکتی۔ ایسے موقع پر احادیث رسول علیہ السلام ہماری رہنمائی کرتی ہیں۔ کیونکہ احادیث رسول علیہ السلام قرآن کی عملی تفسیر ہیں۔ حضور علیہ السلام کی ہر بات وحی ہوتی تھی۔ جو ان پر کی جاتی تھی۔ احادیث رسول کے بارے میں سورۃ اسراء کی آیت نمبر 39 میں ارشاد ہے۔

''یہ وہ باتیں ہیں جو تمہارے رب نے حکمت میں سے تم پر وحی کی ہیں''

شعر 2:

وَیَھۡدِیۡنَا فَلَا نَخۡشٰی ضَلَالًا
عَلَیۡنَا وَالرَّسُوۡلُ لَنَا دَلِیۡلُ

ترجمہ:

اور آپ ہمیں ہدایت دیتے ہیں پس اب ہمیں گمراہ ہونے کا کوئی خطرہ نہیں جبکہ رسول ہمارے رہنما ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر ابو سفیان کہتا ہے کہ رسول ﷺ ہمارے ہادی اور رہنما ہیں وہ زندگی کی تاریکیوں میں ہمیں ہدایت دینے والے ہیں۔ جب ہمارے ہادی اور رہنما حضور ﷺ ہیں تو ہمیں کسی چیز کا ڈر اور خوف نہیں ہے۔ ہم گمراہ نہیں ہو سکتے کیونکہ آپکے ارشادات ہماری رہنمائی کرر ہے ہیں۔ حضور ﷺ کی اعلیٰ خصوصیت امت مسلمہ کا ہادی اور رہنما ہونا ہے۔ اللہ نے آپکو ہادی عالم بنا کر بھیجا۔ ہدایت یافتہ لوگوں کے بارے میں سورۃ نحل کی آیت 125 میں ارشاد ہے۔

اِنَّ رَبَّکَ ھُوَ اَعۡلَمُ بِمَنۡ ضَلَّ عَنۡ سَبِیۡلِہٖ وَھُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُھۡتَدِیۡنَ

ترجمہ:

"بے شک تمہارا رب جانتا ہے کہ کون اسکے راستے (دین) سے گمراہ ہوا اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کو اچھی طرح جانتا ہے۔" شاعر کہتا ہے کہ جب حضور ﷺ ہمارے امیر قافلہ (قافلے کے سردار) ہیں تو ہمیں گمراہی یا راستے سے بھٹکنے کا کوئی خوف نہیں۔

شعر نمبر 3:

یُخَبِّرُنَا بِظَھۡرِ الۡغَیۡبِ عَمَّا
یَکُوۡنُ فَلَا یَخُوۡنُ وَلَا یَحُوۡلُ

ترجمہ:

آپ ﷺ بن دیکھے ہونے والی چیز کا ہمیں بتا دیتے ہیں۔ نہ تو آپ ﷺ خیانت کرتے ہیں اور نہ دھوکہ دیتے ہیں۔

تشریح:

شاعرابوسفیان چونکہ حضورﷺ کی زندگی کے بارے میں سب کچھ جانتا تھا۔اس لئے اس نے حضورﷺ کی مدح میں شاندار قصیدہ کہا ہے۔اس شعر میں ابوسفیان کہتا ہے۔حضور ﷺ غیب کا علم رکھتے ہیں۔ وہ بن دیکھے غیب کی باتوں کے بارے میں بتادیتے ہیں۔ اسکی واضح مثال غزوہ بدر کے ہونے سے پہلے اس کی فتح کے بارے میں اللہ کا کامیابی کی وحی دینا ہے۔تاریخ شاہد ہے جب اللہ نے مسلمانوں کی جماعت کی تائید کرنے کا جو وعدہ کیا تھا۔وہ غزوہ بدر میں پورا کیا۔اس بات کا علم اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی حضورﷺ پر بھیجا تھا۔آپﷺ اللہ کے تمام پیغامات کو بغیر کسی ردوبدل کے لوگوں تک پہنچا دیتے ہیں۔آج تک قرآن پاک بغیر کسی ردوبدل کے ہمارے پاس موجود ہے۔حضورﷺ کو تمام باتوں کے بارے میں علم یقینی ہوتا ہے۔صحابہ کرام اکثر آپﷺ سے مستقبل کے بارے میں سوال کرتے جہاں ضروری ہوتا آپﷺ جواب دیتے ورنہ مصلحت خداوندی کے تحت خاموش رہتے تھے۔

شعر نمبر4:

فَلَمْ نَرَمِثْلَهُ فِی النَّاسِ حَیًّا
وَلَیْسَ لَهُ مِنَ الْمَوْتٰی عَدِیْلٌ

ترجمہ:

پس ہم نے انسانوں میں آپکی مثال نہیں دیکھی اور نہ ہی مرنے والوں میں آپﷺ کا کوئی ہم پلہ ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر آپکی صفات سے مشابہ کسی اور شخص کے وجود کا انکار کرتا ہے کہ میں نے بلکہ کسی نے بھی اس دنیا میں آپ جیسی صفات والا شخص نہیں دیکھا اور نہ ہی سابقہ نبیوں میں سے کوئی آپکا ہم پلہ ہے۔پہلے تمام انبیاء اپنی خاص قوم خاص علاقے میں بھیجے جاتے تھے جو وہاں کے ماحول کے مطابق اور ان کی ضروریات کے مطابق تعلیمات اسلامیہ کی تبلیغ کرتے تھے مگر حضورﷺ کی تبلیغ کا دائرہ تمام امت اسلامیہ پر محیط ہے۔اس لئے شاعر کہتا ہے کہ نہ زندہ لوگوں میں سے کوئی شخص آپ کا ہم پلہ ہے اور نہ ہی مردوں میں سے اس میں خدا کی ایک مصلحت بھی ہے۔اللہ نے نبی آخر الزمان کو جب پیدا کیا تو اسکے

بعد کوئی نبی بعد میں اور نہ بھیجا۔ پہلے انبیاء کی تمام تعلیمات کو اکٹھا کر کے آپ کی شخصیت میں جمع کر دیا۔ آپ کے بعد بھی کوئی ایسا شخص (نبی) نہیں آئے گا جو کہ اعلیٰ صفات میں آپ سے آگے ہو۔ انسانی الفاظ حضور ﷺ کی خصوصیات کو بیان کرنے کیلئے کم پڑ جائیں گے۔ مگر صفات ختم نہ ہوں گی۔

۲۔ حسان بن ثابت

شاعر کا تعارف:

حسان بن ثابت النجاری ان معمر لوگوں میں سے تھے۔ جنھوں نے زمانہ جاہلیت اور اسلام دونوں زمانوں کو دیکھا تھا۔ انہوں نے 120 سال عمر پائی۔ 60 سال زمانہ جاہلیت میں اور 60 سال زمانہ اسلام میں گزارے۔ اسلام سے پہلے حسان، غسان خیرہ (ملکوں کے نام) کے بادشاہوں کی مدح کیا کرتے تھے اور دشمنان اسلام کی ہجو گوئی (مذمت) کیا کرتے تھے۔ جب قریش نے حضور ﷺ پر تکالیف بڑھا دیں اور ہجو گوئی میں آگے نکل گئے تو حضور ﷺ نے صحابہ سے کہا کہ قریش کی ہجو اپنی زبان سے کریں اس کام کیلئے حسان نے اپنی خدمات پیش کیں۔ حضور ﷺ نے اس سے پوچھا کہ تم قریش کی ہجو کس طرح کرو گے۔ جبکہ میں بھی ان میں سے ہوں۔ حسان نے کہا ''میں آپ کو ان میں سے اس طرح نکال دوں گا جیسے آٹے میں سے بال نکالتے ہیں۔'' حسان نے تمام عمر اسلام کا زبان سے دفاع کیا۔ گویا آپ نے جہاد باللِسان (زبان سے جہاد) کیا۔

شعر نمبر 1:

وَأَحۡسَنُ مِنۡكَ لَمۡ تَرَقَطُّ عَيۡنِي
وَأَجۡمَلُ مِنۡكَ لَمۡ تَلِدِ النِّسَاءُ

ترجمہ:

آپ سے زیادہ خوبصورت میری آنکھ نے ہرگز نہیں دیکھا اور آپ سے زیادہ حسین عورتوں نے نہیں جنا۔

تشریح:

اس میں شاعر حسان بن ثابت آپکے ظاہری حسن وخوبصورتی کو بیان کر رہا ہے۔ بے شک آپ کے حسن وخوبصورتی سے بڑھ کر آپ کی تعلیمات اور آپکا سیرت واخلاق ہے۔ لیکن

شاعر حسان بن ثابت حضور ﷺ کے اسوۂ حسنہ کے ساتھ آپ کے حسن کو بھی ثابت کرنا چاہتا ہے۔ گویا حسان اپنی محبت کا اظہار کر رہا ہے۔ اسکے لئے اس نے مادی الفاظ کا سہارا لیا ہے۔ چونکہ محبت میں سب جائز ہے۔ اس لئے حضور اکرم ﷺ کی تعریف ظاہری حسن و خوب صورتی کا اظہار کر کے شاعر اپنی محبت کو ظاہر کر رہا ہے۔ جیسا کہ وہ واقعہ جب ایک چرواہا اللہ کو یاد کر رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ "اے اللہ اگر تو مجھے مل جائے تو میں تجھے نہلاؤں، کپڑے پہناؤں، کنگھی کروں، تیل لگاؤں" یہ سب باتیں موسیٰ نے سن لیں۔ اللہ سے آپؑ (موسیٰ) نے یہ واقعہ گوش گزار کیا اور ساتھ ہی موسیٰ نے اپنی ناراضگی کا اظہار کیا کہ خدا کے شایانِ شان یہ کلمات نہیں ہیں۔ مگر اللہ نے اس سے کہا چرواہے کو مجھ سے محبت ہے۔ مجھے اس کی نیت پسند آئی اس لئے اس پر کوئی گناہ نہیں۔ اسی طرح شاعر حسان نے آپکی مجسم صورت کو سامنے رکھا اور آپکی تعریف کی گویا کفار کے سامنے آپ ﷺ کی سیرت و صورت میں سب سے برتر ثابت کیا ہے۔

شعر نمبر2:

خُلِقْتَ مُبَرَّءًا مِنْ كُلِّ عَيْبٍ
كَأَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَاءُ

ترجمہ:

آپ کو ہر عیب سے پاک پیدا کیا گیا گویا جیسا آپ چاہتے تھے ویسا آپ ﷺ کو پیدا کیا گیا۔

تشریح:

حضور ﷺ احسن الناس (سب انسانوں سے بہتر) ہیں۔ آپکی ﷺ نبوت سے چالیس سال پہلے کی زندگی آپ ﷺ کی شخصیت کی آئینہ دار ہے۔ آپ ﷺ اس معاشرے میں پیدا ہوئے۔ جو برائیوں سے بھرا پڑا تھا۔ لیکن آپ ﷺ ان سے دور رہتے تھے۔ آپ ﷺ پیدا ہوئے تو آپ ﷺ پاک وصاف تھے۔ آپ ﷺ کو ہر عیب سے پاک پیدا کیا گیا۔ کیونکہ نبی ایک مکمل نمونہ ہوتا ہے۔ آپ ﷺ نے اپنی ذات کو اس معیار پر بہتر ثابت کیا۔ حضور اکرم ﷺ خود بھی چاہتے تھے کہ وہ تمام عیوب سے پاک ہوں۔ ہر برائی آپ سے کوسوں دور تھی۔ آپ ﷺ سے جب جاہل لوگ مخاطب ہوتے تو آپ ان کو سلام کہہ کر کنارہ کشی اختیار کر لیتے۔ جب لوگوں کی بُرائیوں سے زیادہ دل گھبراتا تو آپ

لوگوں سے منقطع ہو کر کنارہ کشی اختیار کر لیتے۔اور غار حرا میں جا کر اللہ کی عبادت میں مصروف ہو جاتے۔

عبداللہ بن رواحہؓ

شاعر کا تعارف:

نبوت کے بارھویں سال مدینے کے جن ستر انصار نے عقبہ ثانیہ کی بیعت میں شرکت کی۔ان میں سے عبداللہ بن رواحہ ایک تھا۔رسول ﷺ کی رائے عبداللہ بن رواحہ کے بارے میں بہت اچھی تھی۔آپ کاتب رسولؐ تھے۔رسول ﷺ ان کی شاعرانہ صلاحیت کی قدر کیا کرتے تھے۔شاعری میں حسان اور کعب کے ہم پلہ تھے۔ان کی شاعری کافروں کے کفر پر لعن طعن کرنے پر ہوتی تھی۔اب صرف انکے پچاس اشعار محفوظ ہیں۔

شعر نمبر1:

رُوْحِي الْفِدَاءُ لِمَنْ أَخْلَاقُهُ شَهِدَتْ
بِأَنَّهُ خَيْرُ مَوْلُوْدٍ مِّنَ الْبَشَرِ

ترجمہ:

میری جان ان پر قربان جنکے اخلاق گواہی دیتے ہیں کہ وہ تمام انسانوں سے بہتر پیدا کیے گئے ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر رسول ﷺ کے اس اخلاق کے بارے میں کہتا ہے جس کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے۔"اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ" بے شک آپ اخلاق کے بلند درجے پر فائز ہیں۔آپکے اخلاق کی گواہی خود اللہ نے دی ہے۔ایک بار حضرت عائشہ صدیقہؓ سے جب رسول ﷺ کے اخلاق کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے انکو کہا کہ"کیا تم قرآن نہیں پڑھتے"۔یعنی حضور ﷺ کا ہر عمل قرآن کے مطابق ہوتا تھا۔اس شعر میں شاعر حضور ﷺ پر اپنی جان نثار کرنے کو کہتا ہے۔حضور ﷺ تمام انسانوں سے افضل ترین ہیں۔تمام انبیاء میں آپکا مقام اعلیٰ ہے۔دنیا کی تمام مخلوقات میں سے بہترین مقام آپکو عطا ہے۔حضور ﷺ کا اخلاق خود اسکا کھلا ثبوت ہے کہ آپ تمام انسانوں سے بہترین ہیں۔جتنے بھی نیک لوگ دنیا میں آئے اور جتنے بھی لوگوں کو دادو

تحسین سے نوازا گیا ان میں سے حضور ﷺ کا اعلیٰ مقام ہے یعنی جو خوبیاں حضور ﷺ میں موجود ہیں وہ کسی اور میں نہیں ہو سکتیں۔ اس بات کا ثبوت آپ کا اخلاق ہے کہ آپ ﷺ پیدا کیے گئے ہیں۔ انسانوں میں سے بہتر

شعر نمبر 2:

عَـمَّـتْ فَـضَـائِـلُـهُ كُلَّ الْعِبَادِ كَمَا
عَـمَّ الْبَـرِيَّةَ ضَوْءُ الشَّـمْـسِ وَالْقَمَـرِ

ترجمہ:

آپکے فضائل تمام انسانوں پر اس طرح پھیل گئے ہیں جس طرح سورج اور چاند کی روشنی کائنات پر پھیل جاتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کہتا ہے ہم رسول ﷺ کے سایہ رحمت تلے پروان چڑھ رہے ہیں۔ انکی شفقت کا سایہ ہم پر چھایا ہوا ہے۔ ہمیں دینا کی تکالیف اور مصائب سے بچائے ہوئے ہے۔ آپکی تمام تعلیمات دنیا کے گوشے گوشے میں پہنچ چکی ہیں۔ اور ہر شخص ان سے بہرہ مند ہو رہا ہے۔ آپ کی تعلیمات کی وسعت کو شاعر نے سورج چاند کی روشنی سے تشبیہ دی ہے اور کہتا ہے کہ جس طرح روشنی کو کوئی روک نہیں سکتا اور کائنات کے اندر ہر شے کو روشنی منور کر دیتی ہے۔ اسی طرح حضور ﷺ کی تعلیمات اس روشنی کی مانند ہے جو تمام لوگوں تک پہنچتی ہے۔

شعر نمبر 3:

لَـوْ لَـمْ يَـكُـنْ فِيْـهِ آيَـاتٌ مُبَيِّـنَةٌ
كَـانَـتْ بَـدِيْهَتُـهُ تُـغْـنِـيْ عَنِ الْخَبَرِ

ترجمہ:

اگر آپ ﷺ میں روشن معجزات نہ بھی ہوتے تو آپ ﷺ کا چہرہ مبارک نبوت کی خبر دینے کے لئے کافی ہوتا۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر رسول اکرم ﷺ سے عقیدت و محبت کا اظہار کرتے ہوئے کہتا ہے کہ رسول ﷺ کی بعثت کے بارے میں روشن نشانیاں نہ بھی ہوتیں تو رسول ﷺ کے چہرے

سے پتہ چل جاتا کہ آپ ہی نبی ﷺ ہیں۔ وہ آپ ﷺ کے روشن معجزات کا ذکر کر رہا ہے۔ روشن معجزات سے مراد آپ ﷺ کی پیدائش سے لے کر آپ ﷺ کی بعثت و نبوت تک کے واقعات ہیں۔ یعنی حضور ﷺ کی پیدائش عام طریقے سے نہیں ہوئی۔ جب حضور ﷺ پیدا ہوئے تو آپ تمام قسم کی آلائشوں سے پاک تھے۔ آپ ﷺ کی ناف کٹی ہوئی تھی۔ آپ ﷺ کا بچپن عام بچوں کا سا نہ تھا۔ نہ ہی آپ ﷺ چھوٹے ہوتے رویا کرتے تھے۔ جوانی میں پہنچے تو اپنے خاندان کے برعکس نیک کاموں میں مشغول ہو گئے۔ علاوہ ازیں حضرت ابراہیمؑ کو بھی آپ ﷺ کی بعثت کے بارے میں خبر دی گئی تھی۔ گزشتہ تمام انبیاء کو آپ ﷺ کی بعثت پر یقین تھا۔ شاعر کہنا چاہتا ہے کہ آپ ﷺ کا چہرہ مبارک آپ ﷺ کی حرکات و سکنات ہر ایک ادا ظاہر کرتی تھی کہ آپ ﷺ میں نبی ﷺ ہونے کی نشانیاں موجود تھیں۔ اس کی واضح مثال شام کے عیسائی راہب نے جب حضور ﷺ کو ان کے چچا ابو طالب کے ساتھ دیکھا تو ان سے کہا کہ اسے واپس لے جاؤ ورنہ کافر اسے زندہ نہیں چھوڑیں گے۔ یہ نبی ہونے کی نشانی تھی۔ جو راہب نے آپ ﷺ کے چہرے پر دیکھی تھی۔

۳۔ کعب بن مالکؓ

شاعر کا تعارف:

مدینہ منورہ میں بنوخزرج کے قبیلہ مسلمہ سے تھے وہ عہد جاہلیت میں مدینے کی خونریز قبائلی جنگوں میں حصہ لینے کے بعد ہجرت سے پہلے اسلام لے آئے تھے کعب شاعر تھے اور حسان اور عبداللہ بن رواحہ کی طرح نبی کی فرمائش پر مسلمانوں کے جنگی کارناموں کا ذکر کرتے اور دشمنوں کے معاندانہ اشعار کے جواب میں شعر کہتے ہیں وہ غزوہ بدر میں شریک نہیں ہو سکے۔ لیکن دوسرے متعدد غزوات میں حصہ لیا چنانچہ غزوہ احد میں باوجود اس کے انھیں زخم لگ گئے تھے انھوں نے آنحضرت ﷺ جن کے بارے میں خیال تھا کہ زخمی ہو کر شہید ہو گئے تلاش کر لیا گیا غزوہ تبوک میں شرکت نہ کی تو سخت ندامت ہوئی سخت آزمائش کے بعد انھیں معاف کر دیا گیا۔

وَاِنَّا قَدْ اَتَيْنَا هُمْ بِزَحْفٍ يُحِيْطُ بِسُوْرِ حِصْنِهِمْ صُفُوْفَا

ترجمہ:

اور وہ ہم پر ایسے لشکر جرار سے حملہ آور ہوئے جس نے صفیں باندھ کر ان کے قلعے کی دیواروں کا محاصرہ کرلیا۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کعب بن مالکؓ مسلمانوں کی جنگی قوت کی تعریف کر رہا ہے اور کہتا ہے۔ کہ مسلمانوں نے حضور ﷺ کی قیادت ورہنمائی میں دشمن کے قلعوں کا محاصرہ کرلیا ہے یہ محاصرہ فتح کی صورت میں بدل جائے گا کیونکہ اس کی رہنمائی حضور ﷺ کررہے ہیں جو بہترین سپہ سالار ہیں فاتح عالم ہیں دنیا میں ہر جگہ آپؐ کو فتح نصیب ہوئی آپؐ نے دلوں کی فتح کے ساتھ مکہ کی عظیم مملکت کو بھی فتح کیا۔ حضور ﷺ نے جتنے غزوات لڑے ان تمام میں پہل دشمنوں نے کی آپ تمام کائنات کے لیے امن وسلامتی کا پیغام لے کر آئے تھے۔ دشمن سے صرف اُس وقت لڑے جب وہ اسلام یا اہل اسلام کو اپنے ظلم کا نشانہ بناتے۔

رَئِیْسُهُمُ النَّبِیُّ وَکَانَ صُلْبًا
نَقِیَّ الْقَلْبِ مُصْطَبِرًا عَزُوْفًا

ترجمہ:

ان کے سردار ایک پیغمبر ﷺ ہیں جو خالص النسب، پاکیزہ دل، صابر، اور لہو لعب سے کنارہ کشی کرنیوالے ہیں۔

تشریح:

شاعر اس شعر میں لشکر جرار کے سردار کی تعریف کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ ایک سردار کے لیے جن خوبیوں سے متصف ہونا ضروری ہے وہ تمام خوبیاں حضور ﷺ میں موجود تھیں تمام سرداروں میں آپ کو بلند مقام حاصل تھا کیونکہ آپ خالص نسب والے تھے یعنی آپ کے باپ دادا کی قبیلہ قریش میں بڑی عزت تھی اللہ نے آپ ﷺ کو بہترین حسب ونسب دے کر بھیجا دوسری صفت آپ ﷺ دشمن کی تکالیف پر صبر کرنیوالے تھے حضور ﷺ کی مکی زندگی کے دس سالوں میں آپ ﷺ جنگ وجدل میں مصروف رہے دشمن نے آپ ﷺ کو شروع سے لے کر آخر تک چین سے نہ بیٹھنے دیا۔ پھر بھی آپ ﷺ صبر کرتے رہے اور دوسروں کو صبر کی تلقین کرتے رہے اور دنیا کے اندر عیش وطرب

سے دور رہے آپ جاہلوں سے صرف سلام کہہ کر کنارہ کش ہو جاتے یعنی ان کے ساتھ زیادہ گھلتے ملتے نہیں تھے جس نبی میں اتنی بے شمار خصوصیات ہوں تو پھر اس کی فتح وکامرانی لازمی ہے۔

رَشِيْدَ الْأَمْرِ ذَا حُكْمٍ وَّ عِلْمٍ
وَحِلْمٍ لَمْ يَكُنْ نَزِقًا خَفِيْفًا

ترجمہ:

آپ کام کو بہتر چلانے والے، حکومت کرنیوالے، علم والے، حلم والے ہیں آپ ﷺ کمتر اور کہتر نہیں ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر حضور ﷺ کے اخلاق اعمال کی خوبیاں گنوار ہا ہے فرداً فرداً ہر خوبی کی اہمیت واضح کرنا چاہتا ہے شاعر حضور ﷺ کے ہر عمل کی تعریف کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ حضور ﷺ ہر کام کو بہترین طریقے سے کرنے والے ہیں بہترین معاشرہ مدینے میں قائم کیا اور اس معاشرے کو اسلامی بنیادوں پر استوار کر کے اسے علم وترقی کی راہ پر گامزن کر دیا حضور ﷺ اگر چہ امی پیدا ہوئے تھے مگر حضور ﷺ کو بہترین علم دیا گیا آپکو بہترین معلم قرار دیا گیا آپ ساری کائنات کے معلم ٹھہرائے گئے آپ ﷺ کے حلم اور عفوو در گزر کی مثالیں بے شمار ہیں آپ ﷺ نے اپنے بڑے سے بڑے دشمن کو فتح مکہ کے موقع پر معاف کر دیا آپ دنیا میں کسی بھی لحاظ سے کم تر نہیں ہیں بلکہ تمام انسانوں سے بلند درجے پر تھے۔

نُطِيْعُ نَبِيَّنَا وَ نُطِيْعُ رَبًّا
هُوَ الرَّحْمٰنُ كَانَ بِنَا رَؤُفًا

ترجمہ:

ہم اپنے نبی کی اطاعت کرتے ہیں اور اپنے رب کی اطاعت کرتے ہیں وہ رحم کرنیوالا ہم پر شفیق ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اطاعت اللہ اور اطاعت رسولؐ کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے کہ حضور ﷺ چونکہ تمام دنیا سے افضل ترین ہیں آپ کے اخلاق وعادات کا کوئی ہم پلہ نہیں

ہے اس لیے ہم اپنے اللہ اور رسولؐ دونوں کی اطاعت کرتے ہیں ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَنْ يُّطِيعَ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ

ترجمہ:

جس نے رسول کی اطاعت کی گویا اس نے اللہ کی اطاعت کی شاعر کہتا ہے مسلمان حضور ﷺ کے حکم کی نافرمانی نہیں کرتے بلکہ آپ کے اشارے پر اپنی جان بھی دینے کو تیار ہیں آل عمران کی آیت نمبر 31 میں ارشاد ہوتا ہے۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْلَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ

ترجمہ:

"اے رسول کہہ دیجیے اگر تم اللہ کے ساتھ محبت رکھتے ہو تو میری فرماں برداری کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمھارے گناہوں کو معاف کردے گا وہ بہت غفور اور رحیم ہے۔"

۴۔ کعب بن زہیر

کعب بن زہیرؓ کے بھائی بجیر نے ہجرت کے 7 سات سال پہلے اسلام قبول کرلیا تھا۔ مگر بجیر (شاعر کا نام) نے اسلام قبول نہیں کیا بلکہ اپنے بھائی اور حضور ﷺ کی اپنے اشعار کے ذریعے ہجو (مذمت) کی حضور ﷺ نے جب اس کے ہجو یہ اشعار (مذمت سے بھرے ہوئے اشعار) سنے تو حضور ﷺ نے اس کا قتل کرنا مسلمانوں پر جائز کردیا مسلمانوں نے کعب کو تلاش کرنا شروع کردیا کعب نے جب یہ صورتحال دیکھی تو اسلام قبول کرنے کا ارادہ کرلیا ہجرت کے نویں سال میں حضرت ابوبکر کے ساتھ مسجد نبوی میں فجر کی نماز کے وقت آیا اور جب حضور ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو کعب نے اپنے منہ کو چادر سے چھپا کر کہا کہ ایک آدمی آپ کی خدمت میں اسلام قبول کرنے آیا ہے کعب نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا حضور ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی اور اپنے چہرے سے پردہ ہٹالیا اور کہا آپ پر میرے ماں باپ فدا ہوں یا رسول اللہ میں کعب بن زہیر ہوں۔" حضور ﷺ نے اسے معاف کردیا پھر کعب نے اپنا مشہور قصیدہ حضور ﷺ کی مداح میں کہا اور تمام عمر مدح کرتا رہا کعب ان شعراء میں سے تھا جن کا کلام حضور ﷺ نے سنا اور پسندیدگی کا اظہار کیا۔

أُنْبِئْتُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ أَوْعَدَنِيْ
وَالْعَفْوُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مَأْمُوْلٌ

ترجمہ:

مجھے بتایا گیا ہے کہ حضور ﷺ نے مجھے دھمکی دی ہے جبکہ حضور ﷺ سے تو معافی کی امید رکھی جاتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کعب بن زہیر جو اسلام قبول کرنے سے پہلے منکرین میں سے تھا اسلام اور مسلمانوں کے خلاف پراپیگنڈے کیا کرتا تھا۔ اور حضور ﷺ اور صحابہؓ کے خلاف ہجو یہ اشعار کہا کرتا تھا اللہ نے بزور شمشیر کفار کو اسلام کی مذاحمت سے روک دیا تھا مگر اسلام کے منکرین اپنی زبان سے بھی مسلمانوں کے خلاف بول رہے تھے ایسے میں حضور ﷺ نے کعب کے قتل کو واجب قرار دیا کعب کو جب اس حکم کا معلوم ہوا تو وہ حضور ﷺ کے رعب میں آ گیا اور فوراً حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کر لیا اسلام قبول کرنے سے پہلے اس نے اپنا چہرہ چھپا رکھا تھا اور پھر جب اس نے حضور ﷺ کے سامنے معافی کی درخواست شاعرانہ انداز میں کی۔ اس وقت تک کعب نے اپنا منہ چھپا رکھا تھا حضور ﷺ سے ہم کلام ہو کر کعب نے کہا کہ مجھے خبر ملی ہے کہ حضور ﷺ نے مجھے قتل کی دھمکی دی ہے

فَقَدْ أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ مُعْتَذِرًا
وَالْعُذْرُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مَقْبُوْلٌ

ترجمہ:

پس میں اللہ کے رسول سے معذرت چاہنے آیا ہوں اور اللہ کے رسول معذرت قبول فرماتے ہیں۔

تشریح:

شاعر نے حضور سے معافی طلب کرنے کے لیے تمہید باندھی ہے تا کہ حضور ﷺ سے اپنی معافی کی درخواست کر سکے۔ حضور ﷺ کی مدح کر رہا ہے کہ میں بھی حضور ﷺ سے معذرت کرنے آیا ہوں میں اپنے کیے پر شرمندہ ہوں شاعر مزید تعریف کے انداز میں کہتا ہے کہ حضور ﷺ تو لوگوں کی معذرت قبول کر لیتے ہیں دشمن آپ کو ستاتے مگر حضور

ان کو معاف کر دیتے۔ حضور ﷺ نے کعب کو بھی معاف کر دیا کیونکہ آپ کسی سے بدلہ نہ لیتے حتیٰ کہ دشمن خود آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ سے معافی مانگتے انھی لوگوں میں سے کعب ایک تھا۔ جو مشرف بہ اسلام ہوا۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ اِحْفَظِ الْبَيْتَيْنِ الْأَوَّلَيْنِ مِنَ الْقِطْعَةِ الْأُوْلٰى وَاكْتُبْهُمَا بِخَطٍّ جَيِّدٍ۔

پہلے بند کے دو اشعار یاد کرو اور ان کو خوشخط لکھیں۔

نَبِيٌّ كَانَ يَجْلُو الشَّكَّ عَنَّا
بِمَا يُوْحٰى اِلَيْهِ وَمَا يَقُوْلُ
وَيَهْدِيْنَا فَلَا نَخْشٰى ضَلَالًا
عَلَيْنَا وَالرَّسُوْلُ لَنَا دَلِيْلُ

س2۔ تَعَلَّمِ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةَ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ:

درج ذیل کلمات سیکھو اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ	معنی	جملے
يَجْلُوْ	دور کرتا ہے	نَبِيٌّ كَانَ يَجْلُو الشَّكَّ عَنَّا نبی ﷺ ہم سے شک کو دور کر دیتے ہیں۔
يُوْحٰى	وحی کیا جاتا ہے	نَبِيٌّ كَانَ يَجْلُو الشَّكَّ عَنَّا بِمَا يُوْحٰى اِلَيْهِ نبی اپنی وحی سے ہم سے شک دور کر دیتے ہیں۔
ضَلَالٌ	گمراہی	اَلْكُفْرُ ضَلَالٌ مُّبِيْنٌ کفر کھلی گمراہی ہے۔
دَلِيْلٌ	رہنما	اَلنَّبِيُّ لَنَا دَلِيْلٌ
ظَهْرُ الْغَيْبِ	غیب کی خبریں	هُوَ يُخَبِّرُنَا بِظَهْرِ الْغَيْبِ۔ وہ ہمیں غیب کی خبریں بتاتا ہے۔
يَحُوْلُ	وہ دھوکا دیتا ہے	اَلنَّبِيُّ لَا يَخُوْنُ وَلَا يَحُوْلُ نبی نہ خیانت کرتا ہے اور نہ دھوکا دیتا ہے۔

عَدِيْلٌ	ہم پلہ۔ برابر	لَيْسَ النَّبِيُّ عَدِيْلٌ کوئی نبی ﷺ کا ہم پلہ نہیں ہے۔
حَيًّا	زندہ	لَمْ نَرَمِثْلَ النَّبِيُّ فِى النَّاسِ حَيًّا ہم نے زندہ انسانوں میں کوئی نبی کا ہم پلہ نہیں دیکھا۔
ضَوْءٌ	روشنی	اَلْعِلْمُ ضَوْءٌ وَّضِيَاءٌ علم روشنی اور نور ہے۔
أَوْعَدَ	دھمکی دی	اَوْعَدَنَا عَدُوُّنَا ہمارے دشمن نے ہمیں دھمکایا ہے۔

س3۔ هَاتِ الْمَاضِيَ لِمَا يَأْتِيْ مِنَ الْأَفْعَالِ:

نیچے دیئے ہوئے افعال مضارع کے ماضی بنائیں۔

مضارع	ماضی	مضارع	ماضی
يَجْلُوْ	جَلَا	يُوْحِي	أُوْحِي
يَهْدِيْ	هَدٰى	يَخْشَى	خَشِيَ
يُخَبِّرُ	خَبَّرَ	يَخُوْنُ	خَانَ
يَخُوْلُ	خَالَ	يَرٰى	رَاٰى
يَلِدُ	وَلَدَ	يَجُوْدُ	جَادَ

س4 اِسْتَخْرِجْ عَشَرَةً مِنَ الْأَسْمَاءِ وَاكْتُبْ لَهَا جُمُوْعَهَا وَمُفْرَادَاتِهَا

سبق سے 10 اسم جمع لیں اور انکے واحد جمع لکھیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
شِعْرٌ	اَشْعَارٌ	اٰيَةٌ	آيَاتٌ
شَكٌّ	شُكُوْكٌ	خَبَرٌ	اَخْبَارٌ
رَسُوْلٌ	رُسُلٌ	قَمَرٌ	اَقْمَارٌ
عَيْنٌ	عُيُوْنٌ	غَيْبٌ	غُيُوْبٌ

مَدَاحُ	مَدحُ	عِبَادُ	عَبْدُ
		اَخلَاقُ	خُلُقُ

س5 خُذْ خَمْسَةً مِنَ التَّرَاكِيْبِ التَّوْصِيْفِيَّةِ مِنَ الدَّرْسِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ۔

سبق سے 5 تراکیب توصیفی لیں اورانہیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

مرکبات توصیفی	جملے
آیَاتٌ مُّبَیِّنَةٌ	آیَاتُ الْقُرْآنِ یَکُوْنُ مُبَیِّنَةٌ قرآنی آیات واضح ہوتی ہیں۔
اَلْمَدَائِحُ النَّبَوِیَّةُ	کَتَبْتُ اَبْیَاتٌ فِی الْمَدَائِحِ النَّبَوِیَّةِ میں نے نبی کی تعریف میں اشعار لکھے۔
نَقِیُّ الْقَلْبِ	اَلنَّبِیُّ هُوَ نَقِیُّ الْقَلْبِ نبی ﷺ پاکیزہ دل ہیں۔
رَشِیْدُ الْأَمْرِ	اَلنَّبِیُّ رَشِیْدُ الْأَمْرِ نبی ﷺ کام کو بہتر چلانے والے ہیں۔
رَئِیْسُهُمُ النَّبِیُّ	هُوَ رَئِیْسُهُمُ النَّبِیُّ انکے نبی سردار ہیں۔

س6۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِیَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ عَمَّاذَا کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یُخَبِّرُ هُمْ بِظَهْرِ الْغَیْبِ؟

نبی ﷺ بغیر دیکھے کن چیزوں کی خبر دیتے ہیں؟

عَمَّا یَکُوْنُ فِی الْمُسْتَقْبَلِ

۲۔ مَنْ کَانَ رَشِیْدَ الْأَمْرِ؟

کام کو بہتر طریقے سے چلانے والے کون ہیں؟

کَانَ النَّبِیُّ رَشِیْدَ الْأَمْرِ۔

۳۔ مَاذَا كَانَ الشَّاعِرُ يَأْمُلُ فِيْهِ مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

شاعر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کس چیز کی امید رکھتا ہے؟

يَأْمُلُ الشَّاعِرُ الْعُذْرَ مِنْ عِنْدَرَسُوْلِ اللّٰهِ۔

س7۔ شَكِّلْ مَايَأْتِيْ مِنَ الْجُمَلِ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگائیں۔

۱۔ كَانَ النَّبِى صلى الله عليه وسلم يخبر هم بظهر الغيب عما يكون

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَبِّرُ هُمْ بِظَهْرِ الْغَيْبِ عَمَّا يَكُوْنُ۔

۲۔ الله سبحانه و تعالى تخير النبى صلى الله عليه وسلم

اَللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى تَخَيَّرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۳۔ كان النبى صلى الله عليه وسلم رشيد الامرو ذا علم و حلم و حكم

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَشِيْدَ الْأَمْرِ وَذَا عِلْمٍ وَحِلْمٍ وَ حُكْمٍ۔

س8۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ

عربی ترجمہ کریں۔

۱۔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے رہنما ہیں۔	رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَلِيْلٌ لَنَا
۲۔ زندوں یا مردوں میں سے کوئی آپکا ہم پلہ نہیں	لَمْ يَكُنْ مِثْلَهٗ فِى الْاَحْيَاءِ وَالْاَمْوَاتِ۔
۳۔ اللہ نے نبی کو چنا۔	تَخَيَّرَ اللّٰهُ النَّبِيَّ۔
۴۔ آپ کے اخلاق نے گواہی دی۔	شَهِدَتْ اَخْلَاقُهٗ
۵۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مہربانیاں سب پر ہیں۔	عَمَّتْ فَضَائِلُهٗ كُلَّ الْعِبَادِ
۶۔ آپ سب سے افضل ہیں۔	هُوَ اَفْضَلُ النَّاسِ

......☆......

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ عَشَرَ (تیرھواں سبق)

ہماراوطن (۱)

جُمْهُوْرِيَّةُ بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةُ

اسلامی جمہوریہ پاکستان

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ طَاهِرٌ	پاکیزہ۔پاک	۲۔ يُقْصَدُ	مراد لیا جاتا ہے
۳۔ أَرْضٌ	زمین	٤۔ دَوْلَةٌ	ملک
٥۔ اِسْمٌ	نام	٦۔ رَسْمِيٌّ	سرکاری
۷۔ تَحْتَلُّ	مرتبہ حاصل کیے ہوئے ہے	۸۔ مَوْقِعٌ	محل وقوع
۹۔ اِسْتِرَاتِيْجِيٌّ	دفاعی لحاظ سے اہم	۱۰۔ هَامٌّ	اہم
۱۱۔ مِنْطَقَةٌ	علاقہ	۱۲۔ عُرِفَتْ	جانا گیا
۱۳۔ اَخِيْرٌ	موجودہ	١٤۔ تُعْرَفُ	جانا جاتا ہے
۱۵۔ شِبْهُ الْقَارَّةَ	برصغیر	١٦۔ تَتَّصِلُ	ملتی ہیں۔منسلک ہیں
۱۷۔ حُدُوْدٌ	سرحدیں	۱۸۔ عَدَدٌ	کئی
۱۹۔ ظَهَرَتْ	نمودار ہوا	۲۰۔ خَرِيْطَةٌ	نقشہ
۲۱۔ ثَمَرَةٌ	پھل	۲۲۔ ضَحَايَا	قربانیاں
۲۳۔ كِفَاحٌ	جنگ۔جدوجہد	٢٤۔ مَرِيْرٌ	تلخ۔سخت
۲۵۔ خَطِيْرٌ	اہم۔خطرناک	٢٦۔ اِسْتَمَرَّ	جاری ہیں
۲۷۔ سَنَوَاتٌ	سال	۲۸۔ اَلرَّشِيْدَةُ	ہوشمندانہ
۲۹۔ عَاصِمَةٌ	دارالحکومت	۳۰۔ نُقِلَتْ	منتقل کر دیا گیا
۳۱۔ خَضْرَاءُ	سرسبز	۳۲۔ جَنَاحَانِ	دو بازو۔دو حصے

٣٣۔ أَحَدُهُمَا	دونوں میں سے ایک	٣٤۔ اِنْفَصَلَ	جدا ہو گیا
٣٥۔ مُؤَامِرَةٌ	سازش	٣٦۔ اَلْغَاشِمُ	ظالمانہ۔غاصب
٣٧۔ تَضُمُّ	مشتمل ہے	٣٨۔ اَلْآنَ	اب۔موجودہ
٣٩۔ أَقَالِيمُ	صوبے	٤٠۔ مُتَمِّمٌ	لازمی۔ممکن
٤١۔ دُسْتُوْرٌ	قانون	٤٢۔ رَئِيسٌ	سربراہ۔سردار
٤٣۔ رَئِيسُ الْوُزَرَاءِ	وزیراعظم	٤٤۔ بَرْلَمَانٌ	پارلیمنٹ
٤٥۔ اَلْمُبَاشِرُ	براہ راست	٤٦۔ مَجْلِسُ الْأَعْيَانِ	سینٹ
٤٧۔ يُعْتَبَرُ	تصور کیا جاتا ہے	٤٨۔ كَبِيرُ الْوُزَرَاءِ	وزیراعلیٰ
٤٩۔ مَنَاطِقُ	علاقے	٥٠۔ مُتَكَامِلَةٌ	تکمیل کرنے والے
٥١۔ مُتَكَافِلَةٌ	کفالت کرنے والے	٥٢۔ يَعْتَمِدُ	اعتماد کرتے ہیں۔
٥٣۔ مُبَادِئُ	اصول	٥٤۔ اَلْغَرَّاءُ	روشن
٥٥۔ تَضْمَنُ	ضامن ہے	٥٦۔ يَتَحَدَّثُ	بولتے ہیں
٥٧۔ سُكَّانٌ	باشندے	٥٨۔ عَدِيْدٌ	کئی
٥٩۔ اَللُّغَاتُ	زبانیں۔بولیاں	٦٠۔ بَشْتَوِيَّةٌ	پشتو زبان
٦١۔ تُكْتَبُ	لکھی جاتی ہے	٦٢۔ خَطِّ الْعَرَبِيِّ	عربی رسم الخط
٦٣۔ سِتِّيْنَ	ساٹھ	٦٤۔ ثَمَانِيْنَ	اسی
٦٥۔ مِائَةٌ	سو		

اردو ترجمہ

بَاكِسْتَانُ مَعْنَاهَا: اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ وَيُقْصَدُ بِهَا أَرْضُ الْإِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَهِيَ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ وَّاسْمُهَا الرَّسْمِيُّ: جُمْهُوْ...

بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةُ وَتَحْتَلُّ بَاكِسْتَانُ مَوْقِعًا جُغْرَافِيًّا وَّاسْتِرَاتِيجِيًّا هَامًّا جِدًّا فِي مِنْطَقَةٍ عُرِفَتْ أَخِيرًا بِجَنُوبِ آسِيَا وَكَانَتْ تُعْرَفُ بِشِبْهِ الْقَارَةِ قَبْلَ ذٰلِكَ وَتَتَّصِلُ حُدُوْدُ بَاكِسْتَانَ بِعَدَدٍ مِنَ الدُّوَلِ وَمِنْهَا الْهِنْدُ وَالصِّيْنُ وَدُوَلُ آسِيَا الْمَرْكَزِيَّةِ وَأَفْغَانِسْتَانُ وَإِيْرَانُ

پاکستان کے معنی ہیں پاک سرزمین اور اس سے مراد اسلام اور مسلمانوں کی سرزمین ہے اور یہ ایک اسلامی ملک ہے۔ اس کا سرکاری نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔ پاکستان اس خطے میں جو پہلے برصغیر کے نام سے جانا جاتا تھا۔ اور اب جنوبی ایشیا کے نام سے جانا جاتا ہے۔ جغرافیائی اور دفاعی لحاظ سے بہت اہمیت رکھتا ہے اور پاکستان کی سرحدیں کئی ممالک سے ملتی ہیں۔ ان میں ہندوستان، چین، وسطی ایشیا کے ممالک اور افغانستان اور ایران ہیں۔

وَظَهَرَتْ بَاكِسْتَانُ عَلٰى خَرِيْطَةِ الْعَالَمِ فِي الرَّابِعَ عَشَرَ مِنْ أُغُسْطُسَ سَنَةَ ١٩٤٧م (٢٧ رَمَضَانَ /١٣٦٥ هج) وَكَانَتْ ثَمَرَةً لِضَحَايَا عَظِيْمَةٍ وَكِفَاحٍ مَّرِيْرٍ خَطِيْرٍ إِسْتَمَرَّ عَشَرَ سَنَوَاتٍ تَحْتَ الْقِيَادَةِ الْمُخْلِصَةِ الرَّشِيْدَةِ لِلْقَائِدِ الْاَعْظَمِ مُحَمَّد عَلِي جِنَاح وَكَانَتْ كَرَاتَشِيْ عَاصِمَتُهَا الْأُوْلٰى ثُمَّ نُقِلَتْ إِلٰى عَاصِمَتِهَا الْجَدِيْدَةِ الْجَمِيْلَةِ الْخَضْرَاءِ مَدِيْنَةِ إِسْلَام آبَاد

پاکستان 14 اگست 1947 بمطابق 27 رمضان 1365ھ کو دنیا کے نقشے پر ظاہر ہوا یہ ان عظیم قربانیوں اور سخت جدو جہد کا نتیجہ تھا جو دس سال تک قائد اعظم کی مخلصانہ اور ہوشمندانہ قیادت کے تحت جاری رہیں۔ کراچی اس کا پہلا دارالخلافہ تھا۔ پھر یہ نئے خوبصورت شہر اسلام آباد کی طرف منتقل ہو گیا۔

وَكَانَ لِبَاكِسْتَانَ جَنَاحَانِ أَحَدُهُمَا بَاكِسْتَانُ الشَّرْقِيَّةُ وَالثَّانِي بَاكِسْتَانُ الْغَرْبِيَّةُ إِلَّا أَنَّ الْجَنَاحَ الشَّرْقِيَّ انْفَصَلَ مِنَ الْجَنَاحِ الْغَرْبِيِّ بِسَبَبِ الْمُؤَامَرَةِ الدُّوَلِيَّةِ وَالتَّدَخُّلِ الْهِنْدُوَكِيِّ الْغَاشِمِ فِيْ عَامِ ١٩٧١م وَتَضُمُّ بَاكِسْتَانُ الْآنَ أَرْبَعَةَ أَقَالِيْمٍ وَهِيَ: إِقْلِيْمُ سَرْحَد (اَلْحُدُوْدُ الشِّمَالِيَّةُ الْغَرْبِيَّةُ) وَعَاصِمَتُهَا

بشَاوَر وَ بَنْجَابُ وَعَاصِمَتُهَا لَاهُوْر وَبَلُوْجِسْتَانُ وَعَاصِمَتُهَا كُوْيِتَه وَالسِّنْدُ وَعَاصِمَتُهَا كَرَاتَشِيْ بِالْإِضَافَةِ إِلٰى كَشْمِيْرَ الَّتِيْ هِيَ جُزْءٌ مُتَمِّمٌ لِبَاكِسْتَانَ۔

پاکستان کے دو حصے تھے۔ ان میں سے ایک مشرقی پاکستان اور دوسرا مغربی پاکستان تھا مگر 1971ء میں غیر ملکی سازشوں اور ہندوؤں کی غاصبانہ مداخلتوں کی وجہ سے مشرقی حصہ مغربی حصے سے جدا ہو گیا اور اب پاکستان چار صوبوں پر مشتمل ہے اور وہ یہ ہیں۔ صوبہ سرحد (شمال مغربی اور سرحدی صوبہ) اسکا دارالحکومت پشاور، پنجاب کا دارالحکومت لاہور اور بلوچستان کا دارالحکومت کوئٹہ ہے اور سندھ کا دارالحکومت کراچی ہے۔ اس کے علاوہ کشمیر ہے جو کہ پاکستان کا ایک لازمی جزو ہے۔

وَدُسْتُوْرُ بَاكِسْتَانَ دُسْتُوْرٌ جُمْهُوْرِيٌّ إِسْلَامِيٌّ وَرَئِيْسُ الْجُمْهُوْرِيَّةِ رَئِيْسُ الدَّوْلَةِ وَرَئِيْسُ الْوُزَرَاءِ هُوَ رَئِيْسُ الْحُكُوْمَةِ وَلَهَا بَرْلَمَانٌ، مُسْتَقِلٌّ يُنْتَخَبُ بِالْإِنْتِخَابِ الْعَامِ الْمُبَاشِرِ وَيَتَكَوَّنُ عَنِ الْمَجْلِسَيْنِ: مَجْلِسُ الْأُمَّةِ وَمَجْلِسُ الْأَعْيَانِ وَكَذٰلِكَ لِكُلِّ إِقْلِيْمٍ مَجْلِسٌ نِيَابِيٌّ مُنْتَخَبٌ وَالْحَاكِمُ لِكُلِّ إِقْلِيْمٍ يُعْتَبَرُ رَئِيْسُ الْإِقْلِيْمِ كَمَا أَنَّ كَبِيْرَ الْوُزَرَاءِ هُوَ رَئِيْسُ الْحُكُوْمَةِ فِيْ كُلِّ إِقْلِيْمٍ۔

پاکستان کا دستور اسلامی جمہوری دستور ہے اور جمہوریہ کا صدر ملک کا سربراہ ہوتا ہے اور وزیر اعظم حکومت کا سربراہ ہوتا ہے اور اسکی ایک مستقل پارلیمنٹ ہوتی ہے۔ جو براہ راست انتخابات کے ذریعے منتخب کی جاتی ہے اور یہ دو ایوانوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ قومی اسمبلی اور سینٹ اور اس طرح ہر صوبے کی منتخب شدہ صوبائی اسمبلی ہوتی ہے اور ہر صوبے کا گورنر صوبے کا سربراہ ہوتا ہے جیسا کہ وزیر اعلیٰ ہر صوبے کی حکومت کا سربراہ سمجھا جاتا ہے۔

وَأَقَالِيْمُ بَاكِسْتَانَ الْأَرْبَعَةُ وَالْمَنَاطِقُ الشِّمَالِيَّةُ كُلُّهَا أَجْزَاءٌ مُتَكَامِلَةٌ مُتَكَافِلَةٌ وَيَعْتَمِدُ بَعْضُهَا عَلَى الْبَعْضِ عَلٰى مَبَادِئِ الْأُخُوَّةِ الْإِسْلَامِيَّةِ وَالشَّرِيْعَةِ لَغَرَّاءِ الَّتِيْ تَضْمَنُ الْكَرَامَةَ لِلْبَشَرِ جَمِيْعًا وَالْوَحْدَةَ لِأَتْبَاعِهَا الْمُؤْمِنِيْنَ الصَّادِقِيْنَ۔

پاکستان کے چاروں صوبے اور شمالی علاقہ جات سب کے سب ایک دوسرے کی تکمیل اور کفالت کرنے والے اجزاء ہیں۔ یہ ایک دوسرے پر اسلامی اخوت اور اس روشن شریعت کے اصولوں پر اعتماد کرتے ہیں جو انسانوں کی عزت کی ضامن ہے اور اپنے سچے مومن پیروکاروں کے لئے وحدت کا پیغام لیے ہوئے ہے۔

وَيَتَحَدَّثُ سُكَّانُ بَاكِسْتَانَ الْعَدِيْدَ مِنَ اللُّغَاتِ كَالسِّنْدِيَّةِ وَالْبَنْجَابِيَّةِ وَالْبَشْتَوِيَّةِ وَالْبَلُوْتَشِيَّةِ وَالْبَرَا هوِيَّةِ وَالْكَشْمِيْرِيَّةِ وَاللُّغَةُ الْأُرْدِيَّةِ هِيَ لُغَةُ بَاكِسْتَانَ الْقَوْمِيَّةُ وَهٰذِهِ اللُّغَاتُ كُلُّهَا تُكْتَبُ بِالْخَطِّ الْعَرَبِيِّ وَمُفْرَدَا تُهَا اللُّغَوِيَّةُ مِنْ سِتِّيْنَ إِلٰى ثَمَانِيْنَ فِي الْمِائَةِ هِيَ الْعَرَبِيَّةُ۔

پاکستان کے باشندے کئی زبانیں بولتے ہیں جیسا کہ سندھی، پنجابی، بلوچی، پشتو، براہوی، کشمیری اور اردو زبان جو کہ پاکستان کی قومی زبان ہے اور یہ ساری کی ساری زبانیں عربی رسم الخط میں لکھی جاتی ہیں اور ان کے مفردات ساٹھ سے اسی فی صد تک عربی میں ہیں۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ **أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ:**

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

۱۔ **مَاهُوَ الْإِسْمُ الرَّسْمِيُّ لِبَاكِسْتَانَ؟**

پاکستان کا سرکاری نام کیا ہے؟

جُمْهُوْرِيَّةُ بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةُ

۲۔ **مَتٰى ظَهَرَتْ بَاكِسْتَانُ عَلٰى خَرِيْطَةِ الْعَالَمِ؟**

پاکستان دنیا کے نقشے پر کب نمودار ہوا؟

فِي الرَّابِعِ عَشَرَ مِنْ أَغُسْطُسْ سَنَةَ ۱۹۴۷م

۳۔ **كَمْ سَنَةً اِسْتَمَرَّ الْكِفَاحُ الْاِسْلَامِيُّ لِبَاكِسْتَانَ؟**

پاکستان کے لئے اسلامی جدو جہد کتنے سال جاری رہی؟

اِسْتَمَرَّ عَشَرَ سَنَوَاتٍ

۴۔ **مَنِ الَّذِيْ قَادَ حَرَكَةَ بَاكِسْتَانَ؟**

کس نے تحریک پاکستان کی قیادت کی؟

اَلْقَائِدُ الْأَعْظَمُ مُحَمَّدُ عَلِي جَنَاحُ

س2۔ ضَعْ أَسْئِلَةً تَكُوْنُ الْجُمَلُ الْآتِيَةُ أَجْوِبَةً لَّهَا۔

ایسے سوال بنائیں کہ نیچے دیئے ہوئے جملے ان کے جواب بن جائیں۔

۱۔ كَانَتْ بَاكِسْتَانُ تَضُمُّ جَنَاحَيْنِ

پاکستان دو حصوں پر مشتمل ہے

كَمْ جَنَاحًا كَانَ لِبَاكِسْتَانَ؟

۲۔ اِنْفَصَلَتْ بَاكِسْتَانُ الشَّرْقِيَّةُ بِالْمُؤَامَرَةِ الدُّوَلِيَّةِ وَ التَّدَخُّلِ الْهِنْدُوْكِيِّ۔

مشرقی پاکستان غیر ملکی سازشوں اور ہندوؤں کی غاصبانہ مداخلت کی وجہ سے جدا ہو گیا

كَيْفَ اِنْفَصَلَتْ بَاكِسْتَانُ الشَّرْقِيَّةَ؟

۳۔ عَاصِمَةُ بَاكِسْتَانَ الْجَدِيْدَةُ هِيَ مَدِيْنَةُ اِسْلَامَ آباد۔

پاکستان کا نیا دارالحکومت اسلام آباد ہے۔

مَاهِيَ عَاصِمَةُ بَاكِسْتَانَ الْجَدِيْدَةَ؟

س3۔ مَيِّزْ بَيْنَ التَّرَاكِيْبِ الْإِضَافِيَّةِ وَالتَّوْصِيْفِيَّةِ فِيْمَا يَأْتِيْ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ۔

درج ذیل تراکیب میں سے مرکب اضافی اور توصیفی علیحدہ علیحدہ کرو اور انہیں مفید جملوں میں استعمال کرو۔

مرکب اضافی:

اَلْأَرْضُ الْإِسْلَامِ - خَرِيْطَةُ الْعَالَمِ - رَئِيْسُ الدَّوْلَةِ ، مَجْلِسُ الْأَعْيَانِ

مرکب توصیفی:

اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ ، دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ ، اَلْقِيَادَةُ الْمُخْلِصَةُ

مرکب اضافی	جملے
۱۔ اَلْأَرْضُ الْإِسْلَامِ	بَاكِسْتَانُ مَعْنَاهَا أَرْضُ الْإِسْلَامِ پاکستان کے معنی اسلام کی سرزمین ہے۔

٢۔ خَرِيطَةُ الْعَالَمِ	ظَهَرَتْ بَاكِسْتَانَ عَلٰى خَرِيطَةِ الْعَالَمِ فِى الرَّابِعِ عَشَرَ مِنْ أُغُسْطُسْ
٣۔ رَئِيسُ الدَّوْلَةِ	رَئِيسُ الْجُمْهُورِيَّةِ يَكُونُ رَئِيسُ الدَّوْلَةِ جمہوریہ کا صدر ملک کا سربراہ ہوتا ہے۔
٤۔ مَجْلِسُ الْأَعْيَانِ	قَدْ قَرَّرَ مَجْلِسُ الْاَعْيَانِ؟ سینٹ نے فیصلہ کر دیا ہے۔
مرکب توصیفی	جملے
١۔ اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ	بَاكِسْتَانُ مَعْنَاهَا اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ پاکستان کے معنی ہیں پاک سرزمین
٢۔ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ	بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے۔
٣۔ اَلْقِيَادَةُ الْمُخْلِصَةُ	إِسْتَمَرَّ الْكِفَاحُ تَحْتَ الْقِيَادَةِ الْمُخْلِصَةِ۔ مخلص قیادت کے تحت جدو جہد جاری ہے۔

س4۔ صَحِّحِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ۔

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کریں۔

١۔ اَلْأَقَالِيمُ بَاكِسْتَانَ الْأَرْبَعُ تَعْتَمِدُ بَعْضُهَا عَلَى الْبَعْضِ

اَقَالِيمُ بَاكِسْتَانَ الْأَرْبَعَةَ تَعْتَمِدُ بَعْضُهَا عَلَى الْبَعْضِ

٢۔ قَدْ تَقَدَّم بَاكِسْتَانُ صِنَاعَةً۔

قَدْ تَقَدَّمَتْ بَاكِسْتَانُ صِنَاعَةً

٣۔ شَرِيعَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ يَضْمَنُ وَحدَةَ الْإِسْلَامِيَّةِ۔

اَلشَّرِيعَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ تَضْمَنُ الْوَحْدَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ

س5۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْكَلِمٰتِ الْاٰتِيَةِ فِى كُلِّ سَطْرٍ:

نیچے دیئے ہوئے ہر سطر کے الفاظ کو ترتیب دے کر جملے بنائیں۔

١۔ اَلطَّاهِرَةُ ، مَعْنَاهَا ، الْأَرْضُ ، بَاكِسْتَانُ
بَاكِسْتَانُ مَعْنَاهَا اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ

٢۔ الْإِسْلَامِيَّةُ ، بَاكِسْتَانَ ، جُمْهُوْرِيَّةُ ، الرَّسْمِيُّ ، إِسْمُهَا ، وَ
وَاسْمُهَا الرَّسْمِيُّ: جُمْهُوْرِيَّةُ بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةُ

٣۔ الَّتِیْ ، هِیَ ، كَشْمِيْرُ ، لِبَاكِسْتَانَ ، جُزْءٌ ، مُتَمِّمٌ
كَشْمِيْرَ الَّتِیْ هِیَ جُزْءٌ مُتَمِّمٌ لِبَاكِسْتَانَ

س6۔ اِسْتَخْرِجْ خَمْسَةً مِّنَ الْأَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ وَحَوِّلْهَا اِلَی الْمَاضِیْ

پانچ افعال مضارع نکالیں اور پھر انہیں فعل ماضی میں بدلیں۔

مضارع	ماضی	مضارع	ماضی
يُقْصَدُ	قُصِدَ	يُنْتَخَبُ	اُنْتُخِبَ
تَتَّصِلُ	اِتَّصَلَتْ	تَضُمُّ	ضَمَّتْ
يَعْتَمِدُ	اِعْتَمَدَ	تَحْتَلُّ	اِحْتَلَّتْ

س7 خُذْ عَشَرَةَ أَسْمَاءٍ مِّنَ الدَّرْسِ وَاكْتُبْهَا بِجُمُوْعِهَا وَمُفْرَادَتِهَا

10 اسم سبق سے لیں اور ان کے واحد اور جمع لکھیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
عَاصِمَةٌ	عَوَاصِمُ	خَرِيْطَةٌ	خَرَائِطُ
مَوْقِعٌ	مَوَاقِعُ	اَقْلِيْمٌ	اَقَالِيْمُ
حَدٌّ	حُدُوْدٌ	مَدِيْنَةٌ	مُدُنٌ
اَرْضٌ	اَرَاضِیْ	دَوْلَةٌ	دُوَلٌ
سَنَةٌ	سَنَوَاتٌ	جُزْءٌ	اَجْزَاءٌ
ثَمَرَةٌ	ثَمَرَاتٌ	اَلْجَمِيْلَةُ	اَلْجَمِيْلَاتُ
اِسْمٌ	أَسْمَاءٌ		

س8۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِيَّةِ۔

عربی میں ترجمہ کریں۔

۱۔ پاکستان جنوبی ایشیا میں اہم جغرافیائی محل وقوع رکھتا ہے۔

تَحْتَلُّ بَاكِسْتَانُ مَوْقِعًا جُغْرَافِيًّا هَامًّا جِدًّا بِجَنُوْبِ آسِيَا۔

۲۔ پاکستان 14 اگست 1947 کو قائم ہوا۔

اِسْتَقَلَّتْ بَاكِسْتَانَ فِی الرَّابِعَ عَشَرَ مِنْ أَغُسْطُسَ سَنَةَ ١٩٤٧

۳۔ قائداعظم ایک مخلص قائد تھے۔

كَانَ الْقَائِدُ الْاَعْظَمُ قَائِدًا مُخْلِصًا

۴۔ صدر جمہوریہ ملک کا سربراہ ہوتا ہے۔

رَئِيسُ الْجُمْهُوْرِيَّةُ يَكُوْنُ رَئِيسُ الدَّوْلَةِ۔

۵۔ وزیراعظم سربراہ حکومت ہوتا ہے۔

رَئِيسُ الْوُزَرَاءِ هُوَ رَئِيسُ الْحُكُوْمَةِ۔

......☆......

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ عَشَرَ: (چودھواں سبق)

زِيَارَةٌ لِّمَدِيْنَةِ لَاهُوْرَ

شہر لاہور کی سیر

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ أَبْنَائِيْ	اے میرے بیٹو!	٢۔ زَارَ	اس نے دیکھا
٣۔ سَيِّدِيْ	اے میرے محترم	٤۔ خِلَالُ	دوران
٥۔ اِجَازَةٌ	چھٹی	٦۔ صَيْفٌ	گرمی
٧۔ مَاضِيَةٌ	گزشتہ۔ پچھلی	٨۔ رَأَيْتَ	تو نے دیکھا
٩۔ جَامِعَاتٌ	یونیورسٹیاں	١٠۔ هِنْدَسَةٌ	انجینئرنگ
١١۔ مَدَارِسُ	مدرسے	١٢۔ حَدَائِقُ	باغات
١٣۔ مَعَاهِدُ	ادارے	١٤۔ لَمْ أَزُرْ	میں نے نہیں دیکھا
١٥۔ أُرِيْدُ	میں چاہتا ہوں	١٦۔ أَعْرِفُ	میں جانتا ہوں
١٧۔ تَسْمَحُ	تو اجازت دیتا ہے	١٨۔ زَمِيْلٌ	کلاس فیلو
١٩۔ يُحَدِّثُ	وہ بات کرتا ہے	٢٠۔ أُخْرٰى	دوسری
٢١۔ طِبٌّ	میڈیکل	٢٢۔ اَمَاكِنُ	جگہیں
٢٣۔ مَبَانِيْ	عمارتیں	٢٤۔ ضَرِيْحٌ	مزار۔ قبر
٢٥۔ سُوْقٌ	بازار	٢٦۔ مَقَرُّ الْحَاكِمِ	گورنر ہاؤس
٢٧۔ اَلْمَجْلِسُ الْاِقْلِيْمِيُّ	صوبائی اسمبلی	٢٨۔ مَقَرُّ سَلْطَةِ تَنْمِيَةٍ	واپڈا ہاؤس
٢٩۔ مُتْحَفٌ	عجائب گھر	٣٠۔ وَالْكَهْرُبَاءِ	بجلی
٣١۔ فِيْلٌ	ہاتھی	٣٢۔ اَسَدٌ	شیر
٣٣۔ كَرْكَدَّنَ	گینڈا	٣٤۔ فَرَسُ الْمَائِيِّ	دریائی گھوڑا

۳۵۔ حَدِيْقَةُ الْحَيَوَانِ	چڑیا گھر	۳۶۔ أَعْجَبَتْنِي	مجھے پسند آیا
۳۷۔ نَمِرٌ	چیتا	۳۸۔ حِمَارُ الزَّرْدِ	زیبرا
۳۹۔ بَقَرَةُ الْوَحْشِيِّ	نیل گائے	۴۰۔ دِبٌّ	ریچھ
۴۱۔ قُرُوْدٌ	بندر (جمع)	۴۲۔ غِزْلَانٌ	ہرن (جمع)
۴۳۔ وَعُوْلٌ	بکرے۔مینڈھے	۴۴۔ طُيُوْرٌ	پرندے
۴۵۔ طَوَاوِيْسُ	مور	۴۶۔ رَقْصٌ	ناچ
۴۷۔ بَبَّغَاوَاتٌ	طوطے	۴۸۔ حَدِيْثٌ	باتیں
۴۹۔ اِنْتَهَتْ	ختم ہوگیا	۵۰۔ حِصَّتُنَا	ہمارا پیریڈ
۵۱۔ مُمْتِعٌ	دلچسپ	۵۲۔ اِلَى اللِّقَاءِ	پھر ملاقات ہوگی

اُردو ترجمہ

اَلْأُسْتَاذُ: أَبْنَائِيَ الطَّلَبَةَ! إِنَّ دَرْسَنَا الْيَوْمَ عَنْ مَدِيْنَةِ لَاهُوْرَ فَهَلْ فِيْكُمْ مَّنْ زَارَهَا؟

استاد: اے میرے طالب علم بیٹو! بے شک ہمارا آج کا سبق شہر لاہور کے بارے میں ہے۔کیا تم میں کوئی ایسا ہے جس نے اسے دیکھا ہے؟

سَلْمَانُ: (يَقِفُ قَائِلًا) سَيِّدِيْ فَقَدْ زُرْتُهَا أَنَا خِلَالَ الْإِجَازَاتِ الصَّيْفِيَّةِ الْمَاضِيَّةِ۔

سلمان: (کھڑے ہوتے ہوئے کہتا ہے) محترم میں نے اسے پچھلی گرمی کی چھٹیوں میں دیکھا تھا۔

اَلْأُسْتَاذُ: جَمِيْلٌ جِدًّا، أَخْبِرْنَا عَمَّا رَأَيْتَ فِيْ لَاهُوْرَ۔

استاد: بہت اچھی بات ہے۔آپ نے جو کچھ لاہور میں دیکھا ہمیں بتائیں۔

سَلْمَانُ: يَا أُسْتَاذَنَا الْمُحْتَرَمَ! فِيْهَا ثَلَاثُ جَامِعَاتٍ، جَامِعَةُ بَنْجَاب وَجَامِعَةُ الْهَنْدَسَةِ وَالتِّكْنَا لُوْجِيَا بِالْإِضَافَةِ إِلَى كُلِّيَّاتٍ وَّ مَدَارِسَ وَحَدَائِقَ وَمَسَاجِدَ كَثِيْرَةٍ۔

سلمان: اے ہمارے استاد محترم! اس میں تین یونیورسٹیاں ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی، انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی اور اداراتی علوم کی یونیورسٹی، اس کے علاوہ بہت سے کالج، سکول، باغات اور مساجد ہیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: وَلِذٰلِكَ تُسَمّٰی لَاهُوْرُ مَدِيْنَةَ الْمَسَاجِدِ وَالْأَوْلِيَاءِ وَالْحَدَائِقِ وَالْمَعَاهِدِ الْعِلْمِيَّةِ۔

استاد: اس لئے لاہور مسجدوں، اولیا، باغات اور علمی اداروں کا شہر کہلاتا ہے۔

أَحْمَدُ: أَنَا لَمْ أَزُرْ لَاهُوْرَ وَأُرِيْدُ أَنْ أَعْرِفَ عَنْهَا كَثِيْرًا فَهَلْ تَسْمَحُ لِزَمِيْلِنَا سَلْمَانَ أَنْ يُحَدِّثَنَا عَنْ بَعْضِ مَا رَآهُ مِنَ الْأَشْيَاءِ الْأُخْرٰی بِلَاهُوْرَ؟

احمد: میں نے لاہور نہیں دیکھا اور میں اس کے بارے میں زیادہ جاننا چاہتا ہوں کیا آپ ہمارے کلاس فیلو سلمان کو اجازت دیں گے کہ وہ ہمیں لاہور کی دوسری چیزوں کے بارے میں بتائے جو اس نے وہاں دیکھیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: نَعَمْ، مَاهِيَ مَعَاهِدُ لَاهُوْرَ الْعِلْمِيَّةُ الَّتِيْ زُرْتَهَا يَا سَلْمَانُ؟

استاد: جی ہاں اے سلمان وہ کونسے تعلیمی ادارے ہیں جو آپ نے لاہور میں دیکھے۔

سَلْمَانُ: لَقَدْ زُرْتُ الْكُلِّيَّةَ الْحُكُوْمِيَّةَ وَالْكُلِّيَّةَ الْإِسْلَامِيَّةَ وَكُلِّيَّةَ الْمَلِكِ إِدْوَارْدَ لِلطِّبِّ وَكُلِّيَّةَ الْعَلَّامَةِ إِقْبَالَ لِلطِّبِّ وَكُلِّيَّةَ فَاطِمَةِ جِنَاحِ الطِّبِّيَّةَ۔

سلمان: میں نے گورنمنٹ کالج، اسلامیہ کالج، کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج، علامہ اقبال میڈیکل کالج اور فاطمہ جناح میڈیکل کالج دیکھے

اَلْأُسْتَاذُ: وَمَا هِيَ الْأَمَاكِنُ وَالْمَبَانِي التَّارِيْخِيَّةُ الَّتِيْ زُرْتَهَا أَنْتَ يَا سَلْمَانُ!

استاد: وہ کونسی جگہیں اور تاریخی عمارتیں ہیں جو آپ نے اے سلمان دیکھیں۔

سَلْمَانُ: أُسْتَاذِيَ الْكَرِيْمَ! قَدْ رَأَيْتُ هُنَالِكَ الْمَسْجِدَ الْمَلِكِيَّ وَمَسْجِدَ وَزِيْرِ خَانْ وَالْقَلْعَةَ الْمَلِكِيَّةَ وَضَرِيْحَ سَيِّدِنَا (دَاتَا) وَمَسْجِدَهُ وَمَقْبَرَةَ الْمَلِكِ جَهَانْكِيْرِ وَضَرِيْحَ الْعَلَّامَةِ إِقْبَالَ وَسُوْقَ أَنَارْكَلِي وَمَقَرَّ الْحَاكِمِ وَمَقَرَّ الْمَجْلِسِ الْإِقْلِيْمِيِّ وَمَقَرَّ سُلْطَةِ تَنْمِيَةِ

الْمِيَاهِ وَالْكَهْرَبَاءِ وَالْمَتْحَفُ وَحَدِيقَةَ الْحَيَوَانِ۔ وَقَدْ أَعْجَبَتْنِي حَدِيقَةُ الْحَيَوَانِ بِكَثِيرٍ فَلَقَدْ رَأَيْتُ فِيهَا الْفِيلَ وَالْأَسَدَ وَالنَّمِرَ وَالنَّعَامَةَ وَحِمَارَ الزَّرَدِ وَالزَّرَافَةَ وَالْبَقَرَ الْوَحْشِيَّ وَالْكَرْكَدَّنَ وَالْفَرَسَ الْمَائِيَّ۔

سلمان: میرے استاد محترم! میں نے وہاں بادشاہی مسجد، مسجد وزیر خان، شاہی قلعہ، داتا صاحب کا مزار اور انکی مسجد، مقبرہ بادشاہ جہانگیر، علامہ اقبال کا مزار، انار کلی بازار، گورنر ہاؤس، صوبائی اسمبلی ہاؤس، واپڈا ہاؤس، عجائب گھر اور چڑیا گھر دیکھا اور مجھے چڑیا گھر بہت پسند آیا۔ پس میں نے ہاتھی، شیر، چیتا، شتر مرغ، زیبرا، زرافہ، نیل گائے، گینڈا اور دریائی گھوڑا دیکھا۔

اَلْأُسْتَاذُ: أَفَمَا رَأَيْتَ الدِّبَبَ وَالْقُرُودَ وَالْغِزْلَانَ وَالْوُعُولَ وَالطُّيُورَ؟

استاد: کیا آپ نے ریچھ، بندر، ہرن، بکرے اور پرندے دیکھے؟

سَلْمَانُ: قَدْ رَأَيْتُهَا وَأَعْجَبَتْنِي جِدًّا وَّخَاصَّةً الطَّوَاوِيسُ وَ رَقْصُهَا وَالْبَبْغَاوَاتُ وَحَدِيثُهَا۔

سلمان: میں نے ان کو دیکھا ہے اور مجھے خاص طور پر مور اور ان کا رقص طوطے اور ان کی باتیں بہت پسند آئیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: قَدِ انْتَهَتْ حِصَّتُنَا وَكَانَ حَدِيثُنَا مُمْتِعًا جِدًّا وَّإِلَى اللِّقَاءِ۔

استاد: ہمارا پیریڈ ختم ہو گیا ہے اور گفتگو بہت دلچسپ تھی پھر ملاقات ہو گی۔

اَلتَّمَارِينُ

س1۔ شَكِّلْ مَايَأْتِي مِنَ الْجُمَلِ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو اعراب لگائیں:

۱۔ قَدْ رَأَيْتَ الطَّوَاوِيسَ رَقْصُهَا وَأَعْجَبَتْنِي جِدًّا

۲۔ تُوجَدُ الدِّبَبَ وَالْقُرُودَ وَ فِي حَدِيقَةِ الْحَيَوَانِ۔

۳۔ لَاهُورُ مَدِينَةُ الْمَسَاجِدِ وَالْمَعَاهِدِ الْعِلْمِيَّةِ۔

س2۔ هَاتِ الْأَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ لِمَايَأْتِي مِنَ الْمَاضِي:

نیچے دیئے ہوئے افعال ماضی کے افعال مضارع بنائیں:

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
قَالَ	يَقُوْلُ	زَارَ	يَزُوْرُ
رَأٰى	يَرٰى	وَقَفَ	يَقِفُ
رَقَصَ	يَرْقُصُ	اِنْتَهٰى	يَنْتَهِى
سَمّٰى	يُسَمِّىْ	دَرَسَ	يَدْرُسُ
سَمَحَ	يَسْمَحُ		

س اِسْتَخْرِجْ عَشَرَةَ أَسْمَاءِ الْمُفْرَدِوَهَاتِ بِجُمُوْعِهَا:

دس اسم مفرد نکالیں اوران کی جمع بنائیں:

واحد	جمع	واحد	جمع
مَدِيْنَةٌ	مُدُنٌ	اَلْيَوْمُ	اَلْأَيَامُ
جَامِعَةٌ	جَامِعَاتٌ	مُقْبَرَةٌ	مَقَابِرُ
مَسْجِدٌ	مَسَاجِدُ	سُوْقٌ	اَسْوَاقٌ
حِصَّةٌ	حِصَصٌ	كُلِيَّةٌ	كُلِّيَاتٌ
أُسْتَاذٌ	أَسَاتِذَةٌ	مَعْهَدٌ	مَعَاهِدُ
مَبْنٰى	مَبَانِىْ	شَئٌ	اَشْيَاءٌ

4س اِسْتَخْرِجْ خَمْسَةً مِنَ الْمُرَكَّبَاتِ التَّوْصِيْفِيَّةِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِى جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ:

5 مرکبات توصیفی نکالیں اورانہیں مفید جملوں میں استعمال کریں:

مرکب توصیفی	جملے
۱۔ اَلْاِجَازَةِ الصَّيْفِيَّةِ	قَدْزُرْتُ لَاهُوْرَ خِلَالَ الْاِجَازَةِ الصَّيْفِيَّةِ میں نے لاہور کو گرمی کی چھٹیوں میں دیکھا ہے۔
۲۔ اَلْأَشْيَاءُ الْأُخْرٰى	مَارَاىٰ مِنَ الْأَشْيَاءِ الْأُخْرٰى بِلَاهُوْرَ؟ اس نے لاہور میں دوسری کونسی چیزیں دیکھیں؟

٣۔ اَلْمَعَاهِدُ الْعِلْمِيَّةِ	تُسَمّٰى لَاهُوْرُ مَدِيْنَةُ الْمَعَاهِدِ الْعِلْمِيَّةِ لاہور تعلیمی اداروں کا شہر کہلاتا ہے۔
٤۔ اَلْمَبَانِى التَّارِيْخِيَّةُ	لَقَدْ زُرْتُ عَدَدًا مِنَ الْمَبَانِى التَّارِيْخِيَّةِ میں نے کئی تاریخی عمارات دیکھی ہیں۔
٥۔ مَسَاجِدُ كَثِيْرَةٌ	فِى لَاهُوْرَ مَسَاجِدُ كَثِيْرَةٌ لاہور میں بہت سی مساجد ہیں۔

س 5۔ اِحْفَظِ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةَ وَاسْتَخْدِمْهَا فِى جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

نیچے دیئے ہوئے الفاظ کو یاد کریں اور ان کو جملوں میں استعمال کریں:

الفاظ	جملے
١۔ دَرْسَ	هٰذَا الدَّرْسُ سَهْلٌ وَمُمْتِعٌ یہ سبق آسان اور دلچسپ ہے۔
٢۔ طَلَبَةٌ	كَمْ طَالِبَةً فِى صَفِّكِ؟ تمھاری جماعت میں کتنے طالب علم ہیں؟
٣۔ اَلْيَوْمَ	اِنَّ دَرْسَنَا الْيَوْمَ عَنْ مَدِيْنَةِ لَاهُوْرَ بے شک ہمارا آج کا سبق شہر لاہور کے بارے میں ہے۔
٤۔مَدِيْنَةٌ	اِنَّ دَرْسَنَا الْيَوْمَ عَنْ مَدِيْنَةِ لَاهُوْرَ بے شک ہمارا آج کا سبق شہر لاہور کے بارے میں ہے۔
۱۔ فُرْصَةٌ	موقع	اِنْتَهزُ عَبْدُ اللّٰـهِ فُرْصَةَ حُلُوْلُ عِيْدِ الْفِطْرِ الْمُبَارَكِ۔ عبداللہ نے عیدالفطر کی آمد کے موقع سے فائدہ اٹھایا۔
۲۔ إِنْتِهَازٌ	فائدہ اٹھانا	اِنْتَهزُ عَبْدُ اللّٰـهِ فُرْصَةَ حُلُوْلُ عِيْدِ الْفِطْرِ الْمُبَارَكِ۔ عبداللہ نے عیدالفطر کی آمد کے موقع سے فائدہ اٹھایا۔
۳۔ حُلُوْلٌ	آمد	اِنْتَهزُ عَبْدُ اللّٰـهِ فُرْصَةَ حُلُوْلُ عِيْدِ الْفِطْرِ الْمُبَارَكِ عبداللہ نے عیدالفطر کی آمد کے موقع سے فائدہ اٹھایا۔
٤۔ سَعَادَةٌ	خوش بختی	أَتَمَنَّى لَكَ الْخَيْرَ وَالسَّعَادَةَ۔ میں تیرے لئے سلامتی اور خوش بختی کی تمنا کرتا ہوں۔
٥۔ هَنَاءٌ	مبارک باد	تُهَنِّئُكَ السَّعَادَةُ كُلَّ عِيْدٍ وَّ إِقْبَالٌ ہر عید پر خوش نصیبی اور ترقی تمہارے ساتھ ہو۔
٦۔ مَوَدَّةٌ	محبت	هَلْ لَدَيْكَ مَوَدَّةٌ لِّلْاِنْسَانِ؟ کیا تمہارے پاس انسان کے لئے محبت ہے؟
۷۔ رَغِيْدٌ	پُرلطف	هُمْ يُعِيْشُوْنَ عَيْشًا رَغِيْدًا وہ پُرلطف زندگی گزار رہے ہیں۔

س3۔ اِحْفَظِ الْأَبْيَاتَ الشِّعْرِيَّةَ فِي الرِّسَالَتَيْنِ وَاكْتُبْهَا بِخَطٍّ جَمِيْلٍ۔

دونوں خطوط کے اشعار کو یاد کریں اور انھیں خوشخط لکھیں۔

(طلبہ یاد کر کے خود لکھیں)

س4 اِحْفَظِ التَّرَاكِيْبَ التَّوْصِيْفِيَّةَ التَّالِيَةَ وَاسْتَخْدِمْهَا فِي جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ۔

نیچے دیئے ہوئے مرکبات توصیفی کو یاد کریں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

مرکب توصیفی	جملے
۱۔ اَلْعِيْدُ الْمُبَارَكُ	حُلُوْلُ الْعِيْدِ الْمُبَارَكِ قَرِيْبٌ عید مبارک کی آمد قریب ہے۔
۲۔ اَلْأَعْيَادُ الْقَادِمَةُ	سَتَجِدُ الْمَسَرَّةَ وَالْهَنَاءَ فِي الْأَعْيَادِ الْقَادِمَةِ۔ آئندہ آنے والی عیدوں میں تم خوشی اور مسرت پاؤ گے۔
۳۔ اَلرِّسَالَةُ الْغَرَّاءُ الطَّيِّبَةُ	تَلَقَّيْتُ رِسَالَتَكَ الْغَرَّاءَ الطَّيِّبَةَ مجھے آپکا پاکیزہ اور روشن خط ملا۔
٤۔ اَلْمُنَاسَبَةُ السَّعِيْدَةُ	أُهَنِّئُكَ بِهٰذِهِ الْمُنَاسَبَةِ السَّعِيْدَةِ میں اس خوشی کے موقع پر آپکو مبارکباد دیتا ہوں۔
٥۔ اَلْعَيْشُ الرَّغِيْدُ	اَتَمَنّٰى لَكُمُ الْعَيْشَ الرَّغِيْدَ میں تمھاری لئے پرلطف زندگی کی تمنا کرتا ہوں۔

س5 رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ فِي كُلِّ سَطْرٍ۔

ہر سطر میں لکھے ہوئے الفاظ کو ترتیب دے کر جملے بنائیں۔

۱۔ عَبْدُ الْخَالِقِ ، صَدِيْقِهٖ ، تَلَقّٰى ، رِسَالَةَ

تَلَقّٰى عَبْدُ الْخَالِقِ رِسَالَةَ صَدِيْقِهٖ۔

۲۔ الْفِطْرِ ، الْمُبَارَكِ ، عِيْدِ ، فُرْصَةَ ، عَبْدُ اللهِ ، حُلُوْلِ ، اِنْتَهَزَ

اِنْتَهَزَ عَبْدُ اللهِ فُرْصَةَ حُلُوْلِ عِيْدِ الْفِطْرِ الْمُبَارَكِ۔

۳۔ لِصَاحِبِهٖ ، أَتَمَنّٰى ، يَتَمَنَّاهُ ، مَا ، الشَّاعِرُ ، لَكَ

أَتَمَنّٰى لَكَ مَا يَتَمَنَّاهُ الشَّاعِرُ لِصَاحِبِهٖ۔

س6۔ صَحِّحِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کریں۔

ا۔ هٰذِهِ الْعَيْدُ هِيَ أَعْظَمُ الْعِيْدِ۔

هٰذَا الْعِيدُ هُوَ أَعْظَمُ الْاَعْيَادِ

۲۔ هٰذَا رِسَالَتُكَ الْغَرَّاءُ طَيِّبَةٌ۔

هٰذِهِ رِسَالَتُكَ الْغَرَّاءُ الْطَيِّبَةُ .

س7۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

ا۔ یہ آپ کا خط ہے۔ هٰذِهِ رِسَالَتُكَ

۲۔ میں آپ کا دوست ہوں۔ اَنَا صَدِيْقُكَ

۳۔ میں نے یہ شعر یاد کر لیا ہے۔ قَدْ حَفِظْتُ هٰذَا الْبَيْتَ

۴۔ آپ کا خط مجھے ملا۔ تَلَقَّيْتُ رِسَالَتَكَ

۵۔ آپ میرے دوست ہیں۔ اَنْتَ صَدِيْقِيْ

OOOOOOOOOO

اَلدَّرسُ العِشْرُوْنَ: (بیسواں سبق)

ہمارا وطن (۲)

ثَرَاءُ بَاكِسْتَانَ وَخَيْرَاتُهَا

پاکستان کی دولت و پیداوار

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ قَرَأَ	اس نے پڑھا	۲۔ حَبِيْبٌ	محبوب
۳۔ زِدْنَا	ہم نے اضافہ کیا	٤۔ مَعْرِفَةٌ	علم
۵۔ نُرِيْدُ	ہم چاہتے ہیں	٦۔ أَكْثَرَ فَأَكْثَرَ	زیادہ سے زیادہ
۷۔ طَيِّبٌ	خوب	۸۔ فِكْرَةٌ	خیال۔سوچ
۹۔ تَدُلُّ	دلالت کرتی ہے	۱۰۔ كَمَا	جیسا کہ
۱۱۔ مَعَادِنُ	معدنیات	۱۲۔ فَحْمٌ	کوئلہ
۱۳۔ حَجَرٌ	پتھر	١٤۔ يُوْرَانِيُوْمُ	یورینیم
۱۵۔ تُوْجَدُ	پائی جاتی ہے	١٦۔ اِكْتَشَفَ	دریافت کرلیا
۱۷۔ حَدِيْدٌ	لوہا	۱۸۔ نَفْطٌ	پٹرول
۱۹۔ اَلْغَازُ الطَّبِيْعِي	قدرتی گیس	۲۰۔ مِلْحٌ مَعْدَنِيٌّ	معدنی نمک
۲۱۔ مَوَادُّ	سامان۔مال	۲۲۔ نَاحِيَةٌ	پہلو
۲۳۔ ثَرْوَةٌ	دولت	٢٤۔ مُكْتَفِيَةٌ	مالامال۔خودکفیل
۲۵۔ مَجَالٌ	میدان	٢٦۔ حُبُوْبٌ	اجناس
۲۷۔ تُنْتِجُ	پیدا کرتا ہے	۲۸۔ أَجْوَدُ	بہترین
۲۹۔ أَنْوَاعٌ	اقسام	۳۰۔ قَمْحٌ	گندم

لفظ	معنی	لفظ	معنی
٣١۔ رُزٌّ	چاول	٣٢۔ اَلشَّعِيْرُ	جو
٣٣۔ اَلذُّرَّةُ	مکئی	٣٤۔ اَلْحِمِّصُ	چنے
٣٥۔ اَلْعَدَسُ	مسور	٣٦۔ اَلْفُوْلُ	سرخ لوبیا
٣٧۔ اَلْفَاصُوْلِيَا	سویابین	٣٨۔ اَلْبَاقِلَا	سفید لوبیا
٣٩۔ اَلسُّكَّرُ	چینی	٤٠۔ اَلْقُطْنُ	روئی
٤١۔ أَرْقٌ	اقسام	٤٢۔ قُلْتَ	تو نے کہا
٤٣۔ فَوَاكِهُ	میوے	٤٤۔ اَلثِّمَارُ	پھل
٤٥۔ يَنْتَهِيْ	وہ ختم کرتا ہے	٤٦۔ يَحُلُّ	قبضہ کرلیتا ہے
٤٧۔ مَحَلٌّ	جگہ	٤٨۔ خِلَالَ	دوران
٤٩۔ فُصُوْلٌ	موسم	٥٠۔ أَوْفَرُ	زیادہ۔وافر
٥١۔ اَلتُّوْتُ	شہتوت	٥٢۔ اَلْعَلِيْقُ	بیر
٥٣۔ اَلتِّيْنُ	انجیر	٥٤۔ اَلْمَوْزُ	کیلا
٥٥۔ اَلْبَشْمَلَةُ	لوکاٹ	٥٦۔ اَلْخَوْخُ	آلو بخارہ
٥٧۔ اَلدُّرَّاقُ	آڑو	٥٨۔ اَلْمِشْمِشُ	خوبانی
٥٩۔ اَلتُّفَاحَةُ	سیب	٦٠۔ اَلشَّمَامُ	تربوز
٦١۔ اَلْبَطِيْخُ	خربوزہ	٦٢۔ اَلرُّمَانُ	انار
٦٣۔ اَلإِجَاصُ	ناشپاتی	٦٤۔ اَلْجَوَّافَةُ	امرود
٦٥۔ اَلتُّمُوْرُ	کھجوریں	٦٦۔ اَلْبُرْتُقَالُ	مالٹے
٦٧ اَلْمُتَطَوِّرَةُ	ترقی یافتہ	٦٨۔ اَلْفَاكِهَةُ الْجَافَّةُ	خشک میوے
٦٩۔ اَلْجَوْزُ	اخروٹ	٧٠۔ اَللَّوْزُ	بادام
٧١۔ اَلْفُسْتُقُ	پستہ	٧٢۔ مُتَقَدِّمَةٌ	ترقی یافتہ
٧٣۔ وَاسِعٌ	وسیع	٧٤۔ تَصْنَعُ	تو تیار کرتا ہے
٧٥۔ اَلدَّرَّاجَاتُ	سائیکلیں	٧٦۔ اَلسَّيَّارَاتُ	کاریں

۷۷۔ اَلْجَرَّارَاتُ	ٹریکٹر	۷۸۔ اَلْمُعِدَّاتُ	آلات
۷۹۔ اَلِاسْمِنْتُ	سیمنٹ	۸۰۔ اَلاَسْمِدَةُ	کھاد
۸۱۔ اَلْأَقْمِشَةُ	کپڑا	۸۲۔ اَلْقُطْنِيَّةُ	سوتی
۸۳۔ اَلصُّوفِيَّةُ	اونی	۸۴۔ مَصَانِعُ	کارخانے
۸۵۔ لَدَيْنَا	ہمارے پاس موجود ہیں	۸٦۔ خُصَّ	خاص طور پر
۸۷۔ صُلْبٌ	سٹیل	۸۸۔ اَلثَّقِيلَةُ	بھاری

اردو ترجمہ

خَالِدٌ: يَا أُسْتَاذَنَا الْكَرِيمَ ! قَدْ قَرَأْنَا أَشْيَاءَ كَثِيرَةً عَنْ وَطَنِنَا الْحَبِيبِ بَاكِسْتَانَ فَأَحْبَبْنَاهَا وَكُلَّمَا زِدْنَا مَعْرِفَةً بِهَا زِدْنَا حُبًّا لَهَا فَنُرِيدُ اَلْيَوْمَ أَنْ نَعْرِفَ عَنْهَا اَكْثَرَ فَأَكْثَرَ۔

خالد: اے ہمارے استاد محترم ہم نے اپنے وطن پاکستان کے بارے میں بہت کچھ پڑھ رکھا ہے اور ہمیں اس سے محبت ہے۔ جب کبھی اس کے بارے میں ہمیں معلومات ملتی ہیں تو اس سے ہماری محبت اور بڑھ جاتی ہے۔ ہم آج اس کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جاننا چاہتے ہیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: طَيِّبٌ، جِدًّا هٰذِهِ فِكْرَةٌ جَمِيلَةٌ وَّتَدُلُّ عَلٰى حُبِّكَ لِلْوَطَنِ وَذٰلِكَ مِنَ الْإِيمَانِ كَمَا قَالَ سَيِّدُنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الْاِيمَانِ۔"

استاد: بہت خوب! یہ ایک خوبصورت خیال ہے اور تمہاری وطن کے لئے محبت پر دلالت کرتا ہے۔ اور یہ (محبت) ایمان سے ہے۔ جیسا کہ ہمارے سردار اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا ہے۔ "وطن کی محبت ایمان سے ہے۔"

عَلِيٌّ: مَاهِيَ الْمَعَادِنُ الَّتِي تُوجَدُ فِي بَاكِسْتَانَ؟

علی: پاکستان میں کونسی معدنیات موجود ہیں؟

اَلْأُسْتَاذُ: قَدِ اكْتُشِفَتْ مَعَادِنُ الْفَحْمِ الْحَجَرِيِّ وَالْاَحْجَارِ الْكَرِيمَةِ وَالْيُورَانِيُومِ وَالْحَدِيدِ بِالْإِضَافَةِ إِلَى النَّفْطِ وَالْغَازِ الطَّبِيعِيِّ وَالْمِلْحِ الْمَعْدِنِيِّ۔

استاد: پتھر کا کوئلہ، قیمتی پتھر، یورینیم اور لوہا اسکے علاوہ پٹرول، قدرتی گیس اور معدنی نمک کی دریافت ہو چکی ہے۔

أَحْمَدُ: وَمَا هِيَ الْمَوَادُ الْغِذَائِيَّةُ الْمُتَوَفِّرَةُ فِي بَاكِسْتَانَ؟

احمد: پاکستان کونسے غذائی سامان سے مالا مال ہے؟

اَلْأُسْتَاذُ: بَاكِسْتَانُ غَنِيَّةٌ بِالْمَوَادِ الْغِذَائِيَّةِ وَخَاصَّةً مِّنْ نَّاحِيَةِ الثَّرْوَةِ الْحَيَوَانِيَّةِ كَمَا أَنَّ بَاكِسْتَانَ مُكْتَفِيَةٌ بِذَاتِهَا فِي مَجَالِ الْاَغْذِيَةِ وَالْحُبُوبِ فَإِنَّهَا تُنْتِجُ أَجْوَادُ أَنْوَاعِ الْقَمْحِ وَالرُّزِّ وَالشَّعِيْرِ وَالذُّرَّةِ وَالْحِمَّصِ وَالْعَدَسِ وَالْفُوْلِ وَالْبَاقِلَّا وَالْفَاصُوْلِيَا وَالسُّكَّرِ بِالْإِضَافَةِ إِلٰى أَجْوَدِ أَنْوَاعِ الْقُطْنِ وَأَرْقَاهَا۔

استاد: پاکستان غذائی مواد سے مالا مال ہے۔ خاص طور پر حیوانی دولت کے لحاظ سے جیسا کہ پاکستان غذاؤں، اجناس اور دالوں میں خود کفیل ہے۔ پس یہ بہترین قسم کی گندم، چاول، جو، مکئی، چنے، مسور، سرخ لوبیا، سفید لوبیا، سویابین، چینی اور اسکے علاوہ بہترین قسم کی روئی اور اسکی دیگر اقسام پیدا کرتا ہے۔

خَالِدُ: قُلْتَ يَوْمًا أَنَّ بَاكِسْتَانَ جَنَّةُ الْفَوَاكِهِ وَالثِّمَارِ فَكَيْفَ ذٰلِكَ يَا أُسْتَاذَنَا الْكَبِيْرَ؟

خالد: آپ نے ایک روز کہا تھا کہ پاکستان خشک میوؤں اور پھلوں کی جنت ہے۔ یہ کیسے اے ہمارے استاد محترم!

اَلْأُسْتَاذُ: وَأَيْضًا بَاكِسْتَانُ غَنِيَّةٌ بِالْفَوَاكِهِ وَالثِّمَارِ لَايَنْتَهِي الْأَوَّلُ حَتّٰى يَحُلَّ مَحَلَّهُ الْآخَرُ خِلَالَ فُصُوْلِ السَّنَةِ الْأَرْبَعَةِ وَأَشْهَرُ الْفَوَاكِهِ وَأَوْفَرُهَا فِي بَاكِسْتَانَ: اَلتُّوْتُ وَالْعَلِيْقُ وَالتِّيْنُ وَالْمَوْزُ وَالْبَشْمَلَةُ وَالْخُوْخُ وَالدَّرَّاقُ وَالْمِشْمِشُ وَالتُّفَّاحَةُ بِأَنْوَاعِهَا وَالشَّمَّامُ بِأَنْوَاعِهِ وَالْبِطِّيْخُ وَالرُّمَّانُ وَالْإِجَّاصُ وَالْجَوَّافَةُ وَالتُّمُوْرُ وَالْبُرُتُقَالُ بِأَنْوَاعِهِ الْمُتَطَوِّرَةِ الْكَثِيْرَةِ بِالْإِضَافَةِ إِلَى الْفَاكِهَةِ الْجَافَّةِ مِنَ الْجَوْزِ وَاللَّوْزِ وَالْفُسْتُقِ۔

استاد: جی ہاں پاکستان خشک میوؤں اور پھلوں سے بھی مالا مال ہے۔ پہلا پھل ختم نہیں ہوتا کہ

اس کی جگہ سال کے چار موسموں کے دوران دوسرا لے لیتا ہے۔ زیادہ مشہور اور وافر مقدار میں پائے جانے والے پھل شہتوت، بیر، انجیر، کیلا، لوکاٹ، آڑو، آلو بخارا، خوبانی، سیب اور اسکی اقسام، تربوز اور اسکی اقسام، خربوزہ، انار، ناشپاتی، اخروٹ، کھجوریں، مالٹا اور اسکی بہت سی جدید اقسام اسکے علاوہ خشک میوے جیسے اخروٹ، بادام اور پستہ ہیں۔

عَلِيٌّ: وَهَلْ بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ صَنَاعِيَّةٌ مُتَقَدِّمَةٌ؟

علی: اور کیا پاکستان ایک ترقی یافتہ صنعتی ملک ہے؟

اَلْأُسْتَاذُ: قَدْ تَقَدَّمَتْ بَاكِسْتَانُ فِي مَجَالِ الصَّنَاعَاتِ وَطَوَّرَتْهَا تَطْوِيْرًا وَاسِعًا فَإِنَّ بَاكِسْتَانَ تَصْنَعُ الدَّرَّاجَاتِ وَالسَّيَّارَاتِ وَالْجَرَّارَاتِ وَالْمُعِدَّاتِ وَلإِسْمَنْتَ بِأَنْوَاعِهِ وَالْأَسْمِدَةَ الْكِيمَاوِيَّةَ كَمَا أَنَّهَا تُنْتِجُ أَجْوَدَ أَنْوَاعِ الْأَقْمَشَةِ الْقُطْنِيَّةِ وَالصُّوفِيَّةِ وَلَدَيْنَا مَصَانِعُ كَثِيْرَةٌ وَنَخُصُّ بِالذِّكْرِ مِنْهَا مَصْنَعَ الْحَدِيْدِ وَالصُّلْبِ بِكَرَاتِشِيْ وَالصَّنَاعَةِ الثَّقِيْلَةِ بِتَكْسَلَا۔

استاد: پاکستان نے صنعت کے میدان میں بہت سی ترقی کر لی ہے۔ پس بے شک پاکستان سائیکلیں، کاریں، ٹریکٹر آلات اور مختلف اقسام کے سیمنٹ، کیمیاوی کھادیں تیار کرتا ہے۔ جیسا کہ یہ بہترین قسم کا سوتی اور اُونی کپڑا تیار کرتا ہے اور ہمارے پاس بہت سے کارخانے ہیں۔ خاص طور پر ہم ان میں سے کراچی کی لوہے اور سٹیل مل اور ٹیکسلا کے بھاری صنعت کے کارخانے کا ذکر کریں گے۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ إِمْلَأِ الْفِرَاغَ بِكَلِمَةٍ مُنَاسِبَةٍ:

مناسب الفاظ کے ساتھ خالی جگہ پُر کریں:

۱۔ قَدْ قَرَأْنَا أَشْيَاءَ كَثِيْرَةً عَنْ وَطَنِنَا الْحَبِيْبِ بَاكِسْتَانَ فَأَحْبَبْنَاهَا۔

۲۔ كُلَّمَا زِدْنَا مَعْرِفَةً بِهَا زِدْنَا حُبًّا لَهَا

۳۔ هٰذَا يَدُلُّ عَلٰى حُبِّكَ لِلْوَطَنِ وَذٰلِكَ مِنَ الْإِيْمَانِ۔

س2۔ أَكْمِلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ كَيْفَ مَاشِئْتَ؟

جیسے چاہیں آپ جملے مکمل کریں:

۱۔ قَدِ اكْتُشِفَتْ مَعَادِنُ الْفَحْمِ الْحَجَرِيِّ۔

۲۔ وَقَدْ تَمَّ اكْتِشَافُ النَّفْطِ وَالْغَازِ الطَّبِيعِيِّ۔

۳۔ وَمَاهِيَ الْمَوَادُ الْغِذَائِيَّةُ الْمُتَوَفِّرَةُ فِيْ بَاكِسْتَانَ؟

س3۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْكَلِمَاتِ فِيْ كُلِّ سَطْرٍ:

ہر سطر میں دیئے گئے الفاظ کو ترتیب دے کر جملے بنائیں۔

۱۔ اَلسَّيَّارَاتِ ، الْجَرَّارَاتِ ، بَاكِسْتَانَ ، اِنَّ ، تَصْنَعُ ، وَ

اِنَّ بَاكِسْتَانَ تَصْنَعُ السَّيَّارَاتِ وَالْجَرَّارَاتِ

۲۔ اَلْحَدِيْدُ ، الصُّلْبِ ، بِكَرَاتَشِيْ ، وَ ، مِنْهَا ، بِالذِّكْرِ ، نَخُصُّ ، مَصْنَعَ ،

وَ وَنَخُصُّ بِالذِّكْرِ مِنْهَا مَصْنَعَ الْحَدِيْدُ وَالصُّلْبِ بِكَرَاتَشِيْ

۳۔ بِلاَدَنَا ، بِأَنْوَاعِهِ ، اَلْأَسْمِدَةَ ، اَلْاِسْمَنْتِ ، اِنَّ ، تُنْتِجُ ، وَ ، الْكِيمَاوِيَّةَ۔

اِنَّ بِلاَدَنَا تُنْتِجُ الْاِسْمَنْتَ بِأَنْوَاعِه وَالْأَسْمِدَةَ الْكِيمَاوِيَّةِ۔

س4۔ خُذْ عَشَرَةَ أَسْمَاءٍ مِّنَ الدَّرْسِ وَاكْتُبْهَا بِجُمُوْعِهَا وَمُفْرَدَاتِهَا

سبق سے 10 اسم لیں اور ان کے واحد اور جمع لکھیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
۱۔ شَيْءٌ	أَشْيَاءُ	۲۔ وَطَنٌ	اَوْطَانٌ
۳۔ رَسُوْلٌ	رُسُلٌ	٤۔ حُبٌّ	حُبُوْبٌ
۵۔ نَوْعٌ	اَنْوَاعٌ	٦۔ اَلْمَعْدِنُ	اَلْمَعَادِنُ
۷۔ قُمَاشٌ	أَقْمِشَةٌ	۸۔ حَجَرٌ	اَحْجَارٌ
۹۔ سَيَّارَةٌ	سَيَّارَاتٌ	۱۰۔ دَرَّاجَةٌ	دَرَّاجَاتٌ

س5۔ اِسْتَخْرِجِ الثُّلاَثِيَّ الْمُجَرَّدَ لِمَايَأْتِيْ:

نیچے دیئے ہوئے الفاظ کے ثلاثی مجرد نکالو۔

مزید فیہ	ثلاثی مجرد	مزید فیہ	ثلاثی مجرد
اِكْتِشَافٌ	كَشْفٌ	اِكْتِفَاءٌ	كِفَاءٌ
اِنْتِهَاءٌ	نَهْيٌ	تَطْوِيْرٌ	طَوْرٌ
اِكْرَامٌ	كَرْمٌ	اِنْتَاجٌ	نَاجَ

س6۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ مَاذَا أَرَادَ خَالِدُ أَنْ يَعْرِفَ؟

خالد نے کیا جاننے کا ارادہ کیا؟

أَرَادَ خَالِدُ أَنْ يَعْرِفَ عَنْ بَاكِسْتَانَ أَكْثَرَ فَأَكْثَرَ

۲۔ كَيْفَ أَحَبَّ خَالِدُ وَطَنَهُ بَاكِسْتَانَ؟

خالد اپنے وطن پاکستان سے کیسے محبت کرتا ہے۔

أَحَبَّ خَالِدُ وَطَنَهُ حُبًّا شَدِيْدًا

۳۔ مَاذَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حُبِّ الْوَطَنِ؟

حضورﷺ نے وطن کی محبت کے بارے میں کیا کہا؟

"حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الْإِيْمَانِ۔

س7۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں۔

۱۔ پاکستان میں معدنیات پائی جاتی ہیں۔

تَتَوَاجَدُ الْمَعَادِنُ فِيْ بَاكِسْتَانَ

۲۔ پاکستان میں پٹرول نکلتا ہے۔

يَخْرُجُ النَّفْطُ مِنْ بَاكِسْتَانَ۔

۳۔ پاکستان کی زمین زرخیز ہے۔

اَرْضُ بَاكِسْتَانَ اَرْضُ الْخَيْرَاتِ۔

۴۔ پاکستان غلے میں خودکفیل ہے۔

بَاكِسْتَانَ مُكْتَفِيَةٌ فِيْ مَجَالِ الْحُبُوْبِ۔

۵۔ یہ کپڑے کی عمدہ ترین قسم ہے۔

هٰذَا أَجْوَدُ اَنْوَاعِ الْأَقْمِشَةِ۔

۶۔ پاکستان پھلوں کی جنت ہے۔

بَاكِسْتَانُ جَنَّةُ الْفَوَاكِهِ۔

اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ وَالْعِشْرُوْنَ: (اکیسواں سبق)

مکالمہ نمبر (۵)

عَالَمُنَا الْإِسْلَامِیُّ

ہمارا عالم اسلام (ہماری اسلامی دنیا)

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ عَالَمٌ	دنیا	۲۔ أَبْنَائِیْ	میرے بیٹو
۳۔ مَوْضُوْعٌ	عنوان۔ موضوع	٤۔ حَدِیْثُنَا	ہماری گفتگو
۵۔ لَایَزَالُ	رہے گا	٦۔ حُکْمٌ	حکومت
۷۔ یَسْطَعُ	چمکتا ہے	۸۔ قَارَّاتٌ	براعظم
۹۔ أُوْرُبَّا	یورپ	۱۰۔ عَدَدٌ	تعداد
۱۱۔ یَزِیْدُ	زیادہ ہے	۱۲۔ عَدَدُ الْبَشَرِیَّةِ	انسانوں کی تعداد
۱۳۔ سَطْحُ الْبَسِیْطَةِ	روئے زمین	١٤۔ اَلْکُتْلَةُ الْکُبْرٰی	بڑا بلاک
۱۵۔ اَلدُّوَلُ	ممالک	١٦۔ جُلٌّ	اکثریت
۱۷۔ عُضْوٌ	رکن	۱۸۔ مُنَظَّمَةٌ	تنظیم
۱۹۔ اَلْمُؤْتَمَرُ الْإِسْلَامِیُّ	اسلامی کانفرنس	۲۰۔ اَلْأُمَمُ الْمُتَّحِدَةُ	اقوام متحدہ
۲۱۔ یُمَثِّلُوْنَ	نمائندگی کرتے ہیں	۲۲۔ هَیْئَةٌ	تنظیم
۲۳۔ اَلْمَوَارِدُ الْإِقْتِصَادِیَّةُ	اقتصادی وسائل	۲٤۔ غَنِیَّةٌ	مالا مال
۲۵۔ اَلْبِتْرَوْلُ	پٹرول	۲٦۔ اَلْمَوَادُ الْخَامُ	خام مال
۲۷۔ تَحْتَاجُ	محتاج ہیں	۲۸۔ تَصْنِیْعُ	صنعتی بنانا
۲۹۔ ثَرْوَةٌ	دولت	۳۰۔ تَسُدُّ حَاجَاتِ	ضرورتیں پوری کرنا
۳۱۔ تَفِیْضُ	فالتو	۳۲۔ فِیْ بَعْضِ الْاَحْیَانِ	بعض اوقات

لفظ	معنی	لفظ	معنی
٣٣۔ يُصَدِّرُ	برآمد کرتا ہے	٣٤۔ اَلْفَائِضُ	اضافی۔فالتو
٣٥۔ اَلْخَارِجُ	بیرون ملک	٣٦۔ اَسْمَاءُ	نام
٣٧۔ تَشَادُ	چاڈ	٣٨۔ أَفْرِيقِيَا الْوُسْطٰى	وسط افریقہ
٣٩۔ جَامْبِيَا	گیمبیا	٤٠۔ اِنْدُونِيْسِيَا	انڈونیشیا
٤١۔ مَالِيْزِيَا	ملائشیا	٤٢۔ مَالَدِيْفُ	مالدیپ
٤٣۔ اَلْمَغْرَبُ	مراکش	٤٤۔ اَلصِّنْغَالُ	سینگال
٤٥۔ طُوْغُوْ	ٹوگو	٤٦۔ فُوْلْتَاالْعُلْيَا	اپر وولٹا
٤٧۔ اَلشَّقِيْقُ	برادر۔ بھائی	٤٨۔ اَلْحَرَمَيْنَ الشَّرِيْفَيْنَ	بیت اللہ شریف، مسجد نبوی شریف دو محترم مقامات
٤٩۔ اَلْمَهْدُ	گہوارہ	٥٠۔ اَلْعَرِيْقُ	محترم
٥١۔ عَاصِمَةٌ	دارالحکومت	٥٢۔ مَسَاحَةٌ	رقبہ
٥٣۔ سُكَّانٌ	باشندے	٥٤۔ نَسَمَةٌ	فرد
٥٥۔ مُلْتَقٰى	سنگھم	٥٦۔ قَارَّتَی	دو براعظم
٥٧۔ آسِيَا	ایشیا	٥٨۔ حَوَالِيْ	تقریباً
٥٩۔ جَارَتُنَا	ہمارا پڑوسی	٦٠۔ عَرَفْتُمْ	تم جانتے ہو

اردو ترجمہ

اَلْأُسْتَاذُ: أَبْنَائِيَ الطَّلَبَةَ! إِنَّ مَوْضُوْعَ حَدِيْثِنَا الْيَوْمَ عَالَمُنَا الْإِسْلَامِيُّ الَّذِيْ كَانَ وَلَايَزَالُ حُكْمُهُ الْعَادِلُ يَسْطَعُ عَلٰى ثَلَاثِ قَارَّاتٍ مِنْ آسِيَا وَأَفْرِيْقِيَا وَأُوْرُبَّا۔

استاد: میرے طالب علم بیٹو! ہماری آج کی گفتگو کا موضوع ہمارا عالم اسلام (اسلامی دنیا) ہے جس کی عادلانہ حکومت تین براعظموں ایشیا، افریقہ اور یورپ پر چمکتی رہی ہے اور چمکتی رہے گی۔

عَلِيٌّ: مَاهُوَ عَدَدُ الْمُسْلِمِيْنَ فِي الْعَالَمِ الْيَوْمَ ؟

علی: آج دنیا میں مسلمانوں کی تعداد کتنی ہے؟

اَلْأُسْتَاذُ: عَدَدُهُمْ يَزِيْدُ مِنْ سَبْعِ مِائَةِ مِلْيُوْنَ أَيْ أَنَّهُمْ خُمُسُ عَدَدِ الْبَشَرِيَّةِ عَلٰى سَطْحِ الْبَسِيْطَةِ وَالْكُتْلَةُ الْكُبْرَى الثَّانِيَةُ فِي الْعَالَمِ۔

استاد: اُن (مسلمانوں) کی تعداد 70 کروڑ سے زیادہ ہے یعنی وہ (مسلمان) روئے زمین پر موجود انسانوں کی تعداد کا پانچواں حصہ ہیں اور دنیا میں دوسرا بڑا ابلاک (حصہ) ہیں۔

خَالِدٌ: مَاهُوَ عَدَدُ الدُّوَلِ الْإِسْلَامِيَّةِ الْيَوْمَ ؟

خالد: اور آج اسلامی ممالک کی کتنی تعداد ہے؟

اَلْأُسْتَاذُ: عَدَدُ الدُّوَلِ الْإِسْلَامِيَّةِ يَزِيْدُ مِنْ خَمْسِيْنَ دَوْلَةً مُّسْتَقِلَّةً وَّجُلُّهَا عُضْوٌ فِيْ مُنَظَّمَةِ الْمُؤْتَمَرِ الْإِسْلَامِيِّ وَمُنَظَّمَةِ الْأُمَمِ الْمُتَّحِدَةِ وَيَعْنِيْ ذٰلِكَ اَنَّ الْمُسْلِمِيْنَ يُمَثِّلُوْنَ مَايَقْرُبُ مِنْ ثُلُثِ أَعْضَاءِ هَيْئَةِ الْأُمَمِ الْمُتَّحِدَةِ۔

استاد: آزاد اسلامی ممالک کی تعداد 50 کے قریب ہے اور ان (ممالک) کی اکثریت تنظیم اسلامی کانفرنس اور اقوام متحدہ کی ممبر ہے یعنی مسلمان اقوام متحدہ کی تنظیم کے ایک تہائی ارکان کی نمائندگی کرتے ہیں۔

فَارُوْقُ: وَمَا هِيَ الْمَوَارِدُ الْاِقْتِصَادِيَّةُ لِلْعَالَمِ الْإِسْلَامِيِّ؟

فاروق: اور اسلامی ممالک کے اقتصادی وسائل کیا ہیں؟

اَلْأُسْتَاذُ: إِنَّ الْكَثِيْرَ مِنَ الْأَرَاضِي الْإِسْلَامِيَّةِ غَنِيَّةٌ بِالْبَتْرُوْلِ وَالْمَعَادِنِ الْأَسَاسِيَّةِ وَالْمَوَادِ الْخَامَّةِ الَّتِيْ تَحْتَاجُ إِلَيْهَا الْبِلَادُ فِيْ تَصْنِيْعِهَا كَمَا أَنَّ الْعَالَمَ الْإِسْلَامِيَّ يَمْلِكُ ثَرْوَةً زِرَاعِيَّةً وَحَيَوَانِيَّةً تَسُدُّ حَاجَاتِهٖ وَتَفِيْضُ فِيْ بَعْضِ الْأَحْيَانِ فَيُصَدَّرُ الْفَائِضُ إِلَى الْخَارِجِ۔

استاد: اکثر اسلامی سرزمین پٹرول، بنیادی معدنیات اور خام مال سے مالا مال ہے۔ (صنعتی) ممالک اپنی صنعتوں کے لئے ان کے محتاج ہیں۔ جیسا کہ عالم اسلام زرعی اور حیوانی (مویشی) دولت کی مالک ہے جس سے اس کی ضروریات پوری ہوتی ہیں اور بعض

اوقات یہ (زرعی، حیوانی دولت) زائد از ضرورت ہوتی ہے پس اسے بیرون ملک برآمد (ایکسپورٹ) کر دیا جاتا ہے۔

عَلِيٌّ: أُرِيْدُ أَنْ أَعْرِفَ أَسْمَآءَ بَعْضِ الدُّوَلِ الْإِسْلَامِيَّةِ يَا سَيِّدِيْ!

علی: میرے محترم! میں بعض اسلامی ممالک کے نام جاننا چاہتا ہوں۔

اَلْأُسْتَاذُ: فَمِنْهَا أَفْغَانِسْتَانُ وَأَلْبَانِيَا وَالْجَزَائِرُ وَالْبَحْرَيْنُ وَتشَادُ وَاَفْرِيْقِيَا الْوُسْطٰى وَالْكَيْمَرُوْنَ وَجِيْبُوْتِيْ وَجَامِبْيَا وَ وَاِنْدُوْنِيْسِيَا وَاِيْرَانُ وَالْعِرَاقُ وَالْاُرْدَانُ وَالْكُوِيْتُ وَلُبْنَانُ وَلِيْبِيَا وَمَالِيْزِيَا وَمَالْدِيْفُ وَمُوْرِيْتَانِيَا وَمِصْرُ وَالْمَغْرِبُ وَتُوْنِسُ وَمَالِي وَالصِّوْمَالُ وَالصَّنْغَالُ وَسِيْرَالْوُنُ وَالسُّوْدَانُ وَسُوْرِيَا وَتَنْزَانِيَا وَتُرْكِيَا وَالسَّعُوْدِيَّةُ وَقَطَرُ وَمَسْقَطُ النِّيْجَرُ وَطُوْغُوْ وَبَرُوْنَائِيْ دَارُ السَّلَامِ وَفُوْلَتَا الْعُلْيَا وَالْيَمَنُ وَآزَرْبِيْجَانُ وَأَزْبِكِسْتَانُ وَالْإِمَارَاتُ الْعَرَبِيَّةُ الْمُتَّحِدَةُ وَبَاكِسْتَانُ وَتَاجِيْكِسْتَانُ وَتُرْكَمَانِسْتَانُ وَكَرْغِيْزَسْتَانُ۔

استاد: پس ان (اسلامی ممالک) میں سے ہیں۔ افغانستان، البانیہ، الجزائر، بحرین، چاڈ، وسطی افریقہ، کیمرون، جبوتی، گیمبیا، اریٹیریا، انڈونیشیا، ایران، عراق، اردن، کویت، لبنان، لیبیا، ملائشیا، مالدیپ، موریطانیہ، مصر، مراکش، تیونس، مالی، صومالیہ، سینگال، سیرالیون، سوڈان، شام، تنزانیہ، ترکی، سعودی عرب، قطر، مسقط، نائیجریا، ٹوگو، برونائی دارالاسلام اپروولٹا، جنوبی یمن، شمالی یمن، آذر بائیجان اور تاجیکستان، متحدہ عرب امارات اور پاکستان، تاجکستان، ترکمانستان اور کرغیزستان ہیں۔

خَالِدٌ: إِنِّيْ أُرِيْدُ اَنْ اَعْرِفَ الْمَمْلِكَةِ الْعَرَبِيَّةَ السَّعُوْدِيَّةَ الْبَلَدَ الْإِسْلَامِيَّ الشَّقِيْقَ۔

خالد: میں برادر اسلامی ملک سعودی عرب کے بارے میں جاننا چاہتا ہوں۔

اَلْأُسْتَاذُ: هِيَ اَرْضُ الْحَرَمَيْنِ الشَّرِيْفَيْنِ وَالْمَهْدِ الْإِسْلَامِيِّ الْعَرِيْقِ وَعَاصِمَتُهَا الرِّيَاضُ وَمَسَاحَتُهَا ٢٢٧ اَلْفَ مِيْلٍ مُّرَبَّعٍ وَّسُكَّانُهَا سِتَّةُ مَلَايِيْنَ نَسَمَةٍ۔

استاد: یہ حرمین شریفین (بیت اللہ شریف اور مسجد نبوی شریف) کی سرزمین اور (دین) اسلام کا

گہوارہ ہے۔اس کا دارالحکومت (ریاض) ہے۔اس کا رقبہ 227 ہزار مربع میل ہے اور اس کے 60 لاکھ باشندے ہیں۔

فَارُوْقُ: وَكَذٰلِكَ نُحِبُّ أَنْ نَّعْرِفَ تُرْكِيَا الشَّقِيْقَةَ۔

فاروق: اور اسی طرح ہم پسند کرتے ہیں کہ ہم برادر ملک ترکی کے بارے میں بھی جانیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: هِيَ تَقَعُ عَلٰى مُلْتَقٰى قَارَّتَيْ آسِيَا وَأُوْرُبَّا كَمَا عَرَفْتُمْ وَعَاصِمَتُهَا اَنْقَرَةُ وَمَسَاحَتُهَا حَوَالَيْ ٣٠١٣٠٢ مِيْلٍ مُّرَبَّعٍ وَّسُكَّانُهَا ٣٥٦٦٦٥٤٩ نَسَمَةٍ۔

استاد: یہ (ترکی) دو براعظموں ایشیا اور یورپ کے سنگم پر واقع ہے اس کا دارالحکومت انقرہ ہے اور اس کا رقبہ تقریباً 301302 مربع میل اور اس کے 35666549 باشندے ہیں۔

سَلْمَانُ: وَلَا بُدَّ اَنْ نَّعْرِفَ جَارَتَنَا الشَّقِيْقَةَ جُمْهُوْرِيَّةَ اِيْرَانَ الْاِسْلَامِيَّةَ۔

سلمان: ضروری ہے کہ ہم اپنے برادر پڑوسی ملک اسلامی جمہوریہ ایران کے بارے میں بھی جانیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: هِيَ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ جُمْهُوْرِيَّةٌ وَّعَاصِمَتُهَا طَهْرَانُ وَمَسَاحَتُهَا ثَمَانِيَةٌ وَّعِشْرُوْنَ وَسِتُّمِائَةِ اَلْفِ مِيْلٍ مُّرَبَّعٍ وَّسُكَّانُهَا ٣٢٢٥٠٠٠ نَسَمَةٍ۔

استاد: یہ ایک اسلامی ملک ہے اس کا دارالحکومت تہران ہے۔اس کا رقبہ 628 ہزار مربع میل ہے اور اس کے 3225000 باشندے ہیں۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س 1۔ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِيْ مِنَ الْأَسْئِلَةِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

١۔ كَمْ قَارَّةً يَسْطَعُ عَلَيْهَا الْحُكْمُ الْإِسْلَامِيُّ الْعَادِلُ؟

کتنے براعظموں پر عادل اسلامی حکومت رہی ہے؟

يَسْطَعُ الْحُكْمُ الْاِسْلَامِيُّ الْعَادِلُ عَلٰى ثَلَاثِ قَارَّاتٍ مِّنْ آسِيَا وَأَفْرِيْقِيَا وَأُوْرُبَّا

٢۔ مَا اسْمُ الدَّوْلَةِ الْاِسْلَامِيَّةِ الَّتِيْ تَقَعُ عَلٰى مُلْتَقَى الْقَارَّتَيْنِ؟

جو ملک دو براعظموں کے سنگم پر واقع ہے اس کا کیا نام ہے؟

هِيَ اَلتُّرْكِيَا تَقَعُ عَلٰی مُلْتَقَیْ قَارَّتَیْ آسِیَا وَأُوْرُبَّا

۳۔ مَاهُوَ عَدَدُ الدُّوَلِ الْإِسْلَامِيَّةِ الْمُسْتَقِلَّةِ الْيَوْمَ؟

آج آزاد اسلامی ملکوں کی تعداد کیا ہے؟

عَدَدُ هَا خَمْسِيْنَ

٤۔ مَاهُوَ عَدَدُ الْمُسْلِمِيْنَ الْيَوْمَ؟

اب مسلمانوں کی تعداد کتنی ہے؟

عَدَدُهُمْ يَزِيْدُ مِنْ سَبْعِ مِائَةِ مِلْيُوْنَ

س2۔ اِنَّ حَرْفٌ مِّنَ الْحُرُوْفِ الْمُشَبَّهَةِ بِالْفِعْلِ' هَاتِ بِأَخَوَاتِهٖ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ

ان حروف مشبہ بالفعل میں سے اسکی اخوات بتائیں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

اِنَّ	اِنَّ الْحَيَاةَ نِعْمَةٌ	بے شک زندگی نعمت ہے۔
أَنَّ	اَعْلَمُ اَنَّ خَالِدً اعَالِمٌ	میں جانتا ہوں کہ خالد عالم ہے۔
كَاَنَّ	كَاَنَّ الطِّفْلُ قَمَرٌ	گویا کہ بچہ چاند کی مانند ہے۔
لَيْتَ	لَيْتَالسُّرُوْرَ دَائِمٌ	کاش خوشی ہمیشہ رہنے والی ہوتی۔
لَكِنَّ	الرَّجُلُ بَخِيْلٌ وَلٰكِنَّ اِبْنَهُ سَخِيٌّ	آدمی کنجوس ہے لیکن اس کا بیٹا سخی دل ہے۔
لَعَلَّ	لَعَلَّ التِّلْمِيْذَ نَاجِحٌ	شاید کہ طالبعلم کامیاب ہو۔

3۔س "فِيْ" حَرْفٌ مِّنَ الْحُرُوْفِ الْجَارَّةِ أَضِفْ اِلَيْهِ عَشْرَةَ حُرُوْفٍ جَارَّةٍ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ:

فی حروف جارہ میں سے ہے اسکے ساتھ 10 اور حروف جارہ ملائیں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں:

عَلٰی	اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ٥ بے شک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔
ب	كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ میں نے قلم کے ساتھ لکھا۔

و	وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ نمازِ عصر کے وقت کی قسم بے شک انسان نقصان میں ہے۔
فِیْ	اَلْمُعَلِّمُ فِی الْغُرْفَةِ معلم کمرے میں ہے۔
اِلٰی	ذَهَبْتُ اِلَی الْمَسْجِدِ میں مسجد کی طرف گیا۔
ت	تَاللّٰهِ لاَ اَعْلَمُ خدا کی قسم میں نہیں جانتا
لِ	اَلْوَرْدُ لِلْمَرِيْضِ پھول مریض کے لئے ہے۔
رُبَّ	رُبَّ رَجُلٍ لَقَيْتُ فِی السُّوْقِ میں بازار میں کئی لوگوں سے ملا۔
مِنْ	خَرَجْتُ مِنَ الْبَيْتِ میں گھر سے نکلا
كَ	خَالِدٌ كَالاَسَدِ خالد شیر کی مانند ہے۔
حَتّٰی	مَارَجَعَ حَتَّی الْآنَ وہ ابھی تک نہیں لوٹا

س4۔ اِسْتَخْرِجِ الْحُرُوْفَ النَّاصِبَةَ لِلْمُضَارِعِ مِنَ الدَّرْسِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِیْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

سبق سے حروف ناصبہ للمضارع نکالیں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں:

اَنْ	اُرِيْدُ اَنْ اَذْهَبَ	میں چاہتا ہوں کہ میں جاؤں
لَنْ	لَنْ تَعْصِيْنَ اُمَّهَاتِهِنَّ	تو ہرگز انکی ماؤں کی نافرمانی نہیں کروگے۔
كَیْ	اِجْتَهِدْ كَیْ تَنْجَحَ	محنت کرتا کہ تو کامیاب ہو جائے۔

س5۔ خُذْ عَشَرَةً مِنَ التَّرَاكِيْبِ التَّوْصِيْفِيَّةِ مِنَ الدَّرْسِ وَاسْتَخْدِمْهَا

فِیْ جُمَلٍ مُّفِیْدَۃٍ

١۔ اَلْعَالَمُ الْاِسْلَامِیُّ	نَحْنُ نَعِیْشُ فِی الْعَالَمِ الْاِسْلَامِیِّ ہم اسلامی دنیا میں رہتے ہیں۔
٢۔ اَلدُّوَلُ الْاِسْلَامِیَّۃِ	زُرْتُ بَعْضَ الدُّوَلِ الْاِسْلَامِیَّۃِ۔ میں نے چند اسلامی ممالک کی سیر کی ہے۔
٣۔ دَوْلَۃٌ مُسْتَقِلَّۃٌ	بَاکِسْتَانُ ھِیَ دَوْلَۃٌ مُسْتَقِلَّۃٌ پاکستان ایک آزاد ملک ہے۔
٤۔ اَلْکُتْلَۃُ الْکُبْریٰ	اَلْمُسْلِمُوْنَ ھُمُ الْکُتْلَۃُ الْکُبْریٰ مسلمان ایک بڑا بلاک ہیں۔
٥۔ اَلْجَارَۃُ الشَّقِیْقَۃُ	اِیْرَانُ ھِیَ الْجَارَۃُ الشَّقِیْقَۃُ ایران ہمارا پڑوسی ملک ہے۔
٦۔ اَلْمُمْلِکَۃُ السَّعُوْدِیَۃُ	اَلْمُمْلِکَۃُ السَّعُوْدِیَّۃُ بَلَدٌ اِسْلَامِیٌّ سعودیہ عرب ایک اسلامی ملک ہے۔
٧۔ اَلْأَرَاضِیُ الْاِسْلَامِیَۃُ	اَلْاَرَاضِی الْاِسْلَامِیَّۃُ غَنِیَّۃٌ بِالْبِتْرَوْلِ اسلامی سرزمین پٹرول سے مالا مال ہے۔
٨۔ مَھْدٌ اِسْلَامِیٌّ	اَلسَّعُوْدِیَّۃُ مَھْدُ اِسْلَامِیٌّ سعودیہ عرب اسلام کا گہوارہ ہے۔
٩۔ ثَرْوَۃٌ زِرَاعِیَّۃٌ	بَاکِسْتَانُ تَمْلِکُ ثَرْوَۃً زِرَاعِیَّۃً پاکستان زرعی دولت کا مالک ہے۔
١٠۔ اَلْمُؤْتَمَرُ الْاِسْلَامِیُّ	بَاکِسْتَانُ عُضْوٌ فِیْ مُنَظَّمَۃِ الْمُؤْتَمَرِ الْاِسْلَامِیِّ پاکستان تنظیم موتمر اسلامی کا رکن ہے۔

س6۔ اِسْتَخْرِجْ عَشَرَۃَ اَسْمَاءٍ مِنَ الدَّرْسِ وَاَکْتُبْھَا بِجُمُوْعِھَا وَمُفْرَدَاتِھَا:

سبق سے 10 اسم لیں اور ان کے واحد جمع لکھیں:

جمع	واحد	جمع	واحد
اَعْضَآءٌ	عَضُوٌ	دُوَلٌ	دَوْلَۃٌ
بلَادٌ	بَلَدٌ	قَارَّاتٌ	قَارَّۃٌ
عَوَاصِمُ	عَاصِمَۃٌ	مَعَادِنٌ	مَعْدَنٌ
مَوَارِدُ	مَوْرِدٌ	حَاجَاتٌ	حَاجَۃٌ

س 7۔

ا۔ پاکستان براعظم ایشیا میں ہے۔	بَاکِسْتَانُ تَقَعُ فِیْ قَارَّۃِ آسِیَا۔
۲۔ مسلمانوں کی تعداد سات سو ملین ہے۔	عَدَدُ الْمُسْلِمِیْنَ سَبْعُ مِائَۃَ مِلْیُوْنَ
۳۔ برادر ملک ایران کا دارالحکومت تہران ہے۔	عَاصِمَۃُ اِیْرَانَ الشَّقِیْقَۃِ تَھْرَانَ
۴۔ سعودی عرب حرمین شریف کی سرزمین ہے۔	اَلسَّعُوْدِیَّۃُ اَرْضُ الْحَرَمَیْنِ الشَّرِیْفَیْنِ۔
۵۔ اسلامی دنیا کی بہت سی سرزمین پٹرول اور معدنیات سے مالا مال ہیں۔	اِنَّ الْکَثِیْرَ مِنَ الْاَرَاضِیَ الْاِسْلَامِیِّ غَنِیَّۃٌ بِالْبَتْرُوْلِ وَالْمَعَادِنِ۔

......☆......

اَلدَّرسُ الثَّانِیْ وَالْعِشْرُوْنَ

بائیسواں سبق

نبوت کی ہدایات میں سے (۳)

اَلرَّسُوْلُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْھَانَا عَنِ الْأَخْلَاقِ السَّیِّئَۃِ

رسول ہمیں بُرے اخلاق سے منع فرماتے ہیں

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ یَنْھَانَا	ہمیں منع کرتے ہیں	۲۔ اَلسَّیِّئَۃِ	بُرے
۳۔ وَیْلٌ	افسوس۔ ہلاکت	٤۔ یُکْثِرُ	کثرت کرنا
۵۔ لِسَانٌ	زبان	٦۔ یَعْصِی	نافرمانی کرتا ہے
۷۔ خَصْلَۃٌ	عادت	۸۔ مُنَافِقًا خَالِصًا	پکا منافق
۹۔ یَدَعَھَا	اس کو چھوڑ دے	۱۰۔ أُوْتُمِنَ	امانت رکھوائی جائے
۱۱۔ خَانَ	خیانت کی	۱۲۔ حَدَّثَ	بات کی
۱۳۔ کَذَبَ	جھوٹ بولا	۱٤۔ عَاھَدَ	وعدہ کیا
۱۵۔ غَدَرَ	بیوفائی۔ وعدہ شکنی	۱٦۔ خَاصَمَ	جھگڑا کیا
۱۷۔ فَجَرَ	گالی گلوچ کی	۱۸۔ یَدْخُلُ	وہ داخل ہوتا ہے
۱۹۔ قَتَّاتٌ	چغل خور	۲۰۔ أَیْ	یعنی
۲۱۔ نَمَّامٌ	چغل خور	۲۲۔ اَلطَّعَّانُ	طعنہ دینا
۲۳۔ اَللَّعَّانُ	لعنت	۲٤۔ اَلْفَاحِشُ	بے حیا
۲۵۔ اَلْبَذِیُٔ	فحش۔ گندی باتیں	۲٦۔ اَلشَّدِیْدُ	طاقتور

٢٧۔ اَلصُّرْعَةِ	بچھاڑنا	٢٨۔ يَمْلِكُ	قابو رکھتا ہے
٢٩۔ مُسْكِرٌ	نشہ آور	٣٠۔ خَمْرٌ	شراب
٣١۔ لَعَنَ	لعنت کی	٣٢۔ اَلرَّاشِيُ	رشوت دینے والا
٣٣۔ اَلْمُرْتَشِيُ	رشوت لینے والا	٣٤۔ اَلرَّائِشُ	رشوت کا معاملہ کروانے والا
٣٥۔ بَيْنَهُمَا	ان دونوں کے درمیان	٣٦۔ اَلرِّيَاءُ	دکھلاوا۔ ریا کاری
٣٧۔ الشِّرْكُ الْاَصْغَرُ	چھوٹا شرک	٣٨۔ خَصْلَتَانِ	دو عادتیں
٣٩۔ لَا تَجْتَمِعَانِ	نہیں جمع ہوتیں	٤٠۔ اَلْبُخْلُ	کنجوسی
٤١۔ سُوْءُ الْخُلُقِ	برا اخلاق	٤٢۔ دَعْوَةٌ	دعا
٤٣۔ مُسْتَجَابَةٌ	قبول ہوتی ہے	٤٤۔ وَاِنْ كَانَ	اور اگرچہ ہو
٤٥۔ فَاجِراً	گناہگار	٤٦۔ فَفُجُوْرُهُ	پس اس کا گناہ
٤٧۔ بَاتَ	رات گذاری	٤٨۔ شَبْعَانُ	سیر ہو کر
٤٩۔ جَارُهُ	اس کا پڑوسی	٥٠۔ جَنْبِه	اس کے پہلو میں
٥١۔ جَائِعٌ	بھوکا		

اردو ترجمہ

١۔ وَيْلٌ لِمَنْ يُكْثِرُ ذِكْرَ اللهِ فِيْ لِسَانِهٖ وَيَعْصِي اللهَ فِيْ عَمَلِهٖ۔

١۔ افسوس ہے اس شخص کے لئے جو اپنی زبان سے ذکر اللہ کی کثرت کرتا ہے اور اپنے عمل میں اللہ کی نافرمانی کرتا ہے۔ (اس حدیث کو دیلمی نے مسند الفردوس میں روایت کیا ہے)

٢۔ أَرْبَعٌ مَّنْ كُنَّ فِيْهِ كَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا وَّمَنْ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ

مِّنهُنَّ كَانَ فِيهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ حَتّٰى يَدَعَهَا: إِذَا أُوتُمِنَ خَانَ وَإِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ وَ إِذَا خَاصَمَ فَجَرَ۔

۲۔ چار عادتیں جس میں ہوں وہ خالص (پکا) منافق ہوتا ہے اور جس میں ان میں سے ایک عادت ہو تو اس میں منافقت کی ایک علامت ہو گی۔ یہاں تک کہ وہ اسے چھوڑ دے۔ جب امانت رکھوائی جائے تو خیانت کرے اور جب بات کرے تو جھوٹ بولے اور جب وعدہ کرے تو وعدہ شکنی کرے اور جب جھگڑا کرے تو گالی گلوچ کرے۔ (امام بخاری اور امام مسلم نے اس پر اتفاق کیا ہے)

۳۔ لَايَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَاتٌ أَیْ نَمَّامٌ۔

۳۔ چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

٤۔ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَلَا اللَّعَّانِ وَلَا الْفَاحِشِ وَلَاالْبَذِیِّ۔

۴۔ مومن (طعنہ دینے والا ، لعنت کرنے والا) لعن طعن کرنے والا بے شرم اور بے حیاء نہیں ہوتا (اس کو ترمذی نے روایت کیا)

٥۔ لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرَعَةِ إِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِیْ يَمْلِكُ نَفْسَه‘ عِنْدَ الْغَضَبِ۔

۵۔ زبردست (طاقتور) وہ نہیں جو پچھاڑ دے بلکہ طاقتور وہ ہے جو غصہ کے وقت خود پر قابو رکھے۔ (امام بخاری اور امام مسلم نے اس پر اتفاق کیا ہے)

٦۔ كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ وَّ كُلُّ خَمْرٍ حَرَامٌ۔

۶۔ ہر نشہ آور چیز شراب ہے اور ہر شراب حرام ہے۔ (امام مسلم نے روایت کیا)

٧۔ لَعَنَ اللّٰهُ الرَّاشِیَ وَالْمُرْتَشِیَ وَالرَّائِشَ بَيْنَهُمَا۔

۷۔ اللہ تعالیٰ نے رشوت دینے والے، لینے والے اور ان کے درمیان معاملہ / رابطہ کروانے والے پر لعنت کی ہے۔ (احمد نے روایت کی)

٨۔ اَلرِّيَاءُ الشِّرْكُ الْأَصْغَرُ۔

۸۔ دکھلاوا / ریاکاری چھوٹا شرک ہے۔ (اسے احمد اور حاکم نے روایت کیا)

٩۔ خَصْلَتَانِ لَاتَجْتَمِعَانِ فِیْ مُؤْمِنٍ۔ اَلْبُخْلُ وَسُوْءُ الْخُلُقِ۔

۹۔ مومن میں دو عادتیں کنجوسی اور بداخلاقی جمع نہیں ہوتیں۔ (اسے احمد نے روایت کیا)

١٠۔ دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ مُسْتَجَابَةٌ وَإِنْ كَانَ فَاجِرًا فَفُجُوْرُه‘ عَلٰى

نَفْسِهِ۔

۱۰۔ مظلوم کی دعا قبول ہوتی ہے اگر چہ وہ گناہ گار کیوں نہ ہو اس کا گناہ اس کے سر (ذمہ) ہے۔

۱۱۔ مَا آمَنَ بِیْ مَنْ بَاتَ شَبْعَانَ وَجَارُہٗ جَائِعٌ إِلٰی جَنْبِہٖ وَھُوَ یَعْلَمُ بِہٖ۔

۱۱۔ وہ شخص مجھ پر ایمان نہ لایا جس نے خود تو پیٹ بھر کر رات گذاری اور اس کے پڑوس میں اس کے پڑوسی نے بھوکے رات گذاری ہو اور اسے اس بات کا علم ہو۔ (اسے طبرانی نے روایت کیا)

اَلتَّمَارِیْنُ

س1۔ أَجِبْ عَمَّا یَأْتِیْ مِنَ الْأَسْئِلَۃِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَاھِیَ عَلَامَاتُ النِّفَاقِ الْاَرْبَعَۃُ الَّتِیْ وَرَدَتْ فِی الْحَدِیْثِ الثَّانِیْ مِنَ الدَّرْسِ؟

سبق کی دوسری حدیث میں نفاق (منافقت) کی کون سی چار علامتیں وارد ہوئی ہیں؟

۱۔ خِیَانَۃٌ ، کِذْبٌ ، نَقْضُ عَھْدٍ ، فَجْرٌ

۲۔ مَاھِیَ عَلَامَاتُ الْمُؤْمِنِ الْأَرْبَعَۃُ الَّتِیْ جَاءَ تْ فِی الْحَدِیْثِ الرَّابِعِ مِنَ الدَّرْسِ؟

سبق کی چوتھی حدیث میں مومن کی کون سی چار علامتیں ہیں؟

۲۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ لَیْسَ الْمُؤْمِنُ
بِالطَّعَّانِ ، وَلَا اللَّعَّانِ ، وَلَا الْفَاحِشِ ، وَلَا الْبَذِیِّ

۳۔ مَنْ ھُوَ الشَّدِیْدُ الْحَقِیْقِیُّ فِیْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ؟

رسول اللہ کے قول کے مطابق حقیقی پہلوان کون ہے؟

۳۔ "اَلَّذِیْ یَمْلِکُ نَفْسَہٗ عِنْدَ الْغَضَبِ"

س2۔ اِسْتَخْدِمِ الْکَلِمٰتِ الْاٰتِیَۃَ فِیْ جُمَلٍ مُفِیْدَۃٍ:

درج ذیل کلمات کو جملوں میں استعمال کریں۔

خَصْلَةٌ	اَلنِّفَاقُ خَصْلَةٌ قَبِيْحَةٌ نفاق ایک بری حصلت ہے۔
قَتَّاتٌ	اَلْقَتَّاتُ مَرْدُوْدٌ چغل خور مردود ہے۔
بَذِيٌّ	لَيْسَ الْمُسْلِمُ بِبَذِيٍّ مسلمان فحش گو نہیں ہوتا۔
شَدِيْدٌ	اَلشَّدِيْدُ يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ پہلوان غصے کے وقت اپنے نفس پر قابو پالیتا ہے۔
صُرْعَةٌ	لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرْعَةِ پچھاڑنے والا پہلوان نہیں ہوتا۔
مُسْكِرٌ	كُلُّ مُسْكِرٌ خَمْرٌ ہر نشہ آور چیز شراب ہے۔
رَائِشٌ	لَعْنَتُ اللهِ عَلَى الرَّائِشِ رشوت کے دلال پر اللہ کی لعنت ہے۔
رِيَاءٌ	اَلرِّيَاءُ شِرْكٌ صَغِيْرٌ ریا کاری چھوٹا شرک ہے۔

س3 اِسْتَخْرِجْ عَشَرَةَ أَسْمَاءٍ مِنَ الدَّرْسِ وَأَعِدَّ لَهَا قَائِمَةً بِالْمُفْرَدِ وَالْجَمْعِ

سبق سے 10 اسم لو اور ان کی واحد جمع کی فہرست تیار کرو۔

واحد	جمع	واحد	جمع
دَعْوَةٌ	دَعْوَاتٌ	لِسَانٌ	اَلْسِنَةٌ

خُلُقٌ	اِخْلَاقٌ	رَسُوْلٌ	رُسُلٌ
خَصْلَۃٌ	خَصَائِلُ	عَمَلٌ	اَعْمَالٌ
مُسْتَجَابَۃٌ	مُسْتَجَابَاتٌ	دَعْوَۃٌ	دَعْوَاتٌ
مَظْلُوْمٌ	مَظْلُوْمُوْنَ	مُؤْمِنٌ	مُؤْمِنُوْنَ

س4۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْكَلِمَاتِ الْمُبَعْثَرَۃِ التَّالِيَۃِ:

درج ذیل بکھرے ہوئے کلمات کو ترتیب دیں:

١۔ اِنَّ ، قَدْ ، اَلسَّيِّئَۃِ ، نُهُوْا ، عَنِ ، الْمُؤْمِنِيْنَ ، اَلْاَخْلَاقِ

اِنَّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَدْ نُهُوْا عَنِ الْاَخْلَاقِ السَّيِّئَۃِ۔

٢۔ اللّٰهِ ، فِیْ ، ذِكْرَ ، يُكْثِرُ ، لِسَانِهٖ ، الْمُؤْمِنُ

اَلْمُؤْمِنُ يُكْثِرُ لِسَانِهٖ فِیْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔

٣۔ فِیْ ، اللّٰهَ ، عَمَلِهٖ ، اَلْمُؤْمِنُ ، يَعْصِیْ ، وَ ، لَا

وَالْمُؤْمِنُ لَا يَعْصِیْ اللّٰهَ فِیْ عَمَلِهٖ۔

س5۔ أَعِدَّ قَائِمَۃَ أَسْمَاءِ الْفَاعِلِ مِنَ الدَّرْسِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِیْ جُمَلٍ مُفِيْدَۃٍ۔

سبق میں سے اسم فاعل کی فہرست بنائیں اور انہیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

مُنَافِقٌ	هُوَمُنَافِقٌ خَالِصٌ	وہ خالص منافق ہے۔
مُؤْمِنٌ	هُوَ مُؤْمِنٌ مُخْلِصٌ	وہ مخلص مومن ہے۔
مُسْكِرٌ	كُلُّ مُسْكِرٌ حَرَامٌ	ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔
رَائِشٌ	اَلرَّائِشُ مَلْعُوْنٌ	رشوت کے دلال پر اللہ کی لعنت ہے۔
فَاجِرٌ	تَابَ فَاجِرٌ	فاجر نے توبہ کرلی
جَائِعٌ	هَلْ اَنْتَ جَائِعٌ؟	یا تو بھوکا ہے؟

س6۔ اِحْفَظِ الْاَحَادِيْثَ رَقْمَ ٣ ، ٨ ، ١١ وَاكْتُبْهَا بِخَطٍّ جَمِيْلٍ:

حدیث نمبر 3, 8, 11 خوشخطی کے ساتھ لکھیں۔ طلبہ خود لکھیں:

س 7۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ مسلمان لعن طعن کرنے والا نہیں ہوتا

۲۔ اگر کسی سے معاہدہ کرو تو غداری نہیں کرو۔

۳۔ رشوت خور پر خدا کی لعنت

۴۔ بخل سے بچو۔

۵۔ مظلوم کی دعا قبول ہوتی ہے۔

جواب

۱۔ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَانِ وَلَا اللَّعَانِ۔

۲۔ اِذَاعَاهَدْ تُمْ فَلَا تُغْدِرُوْا۔

۳۔ لَعْنَتُ اللهِ عَلَى الْمُرْتَشِيْ۔

٤۔ اِيَّاكُمْ وَالْبُخْلِ۔

۵۔ دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ مُسْتَجَابَةٌ

OOOOOOOOOOO

اَلدَّرسُ الثَّالِثُ وَالعِشرُونَ: (تئیسواں سبق)

اَلْغَزَوَاتُ النَّبَوِيَّةُ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات

مفردات

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ اَلْغَزَوَاتُ	غزوات۔جنگیں	۲۔ نُرِيْدُ	ہم چاہتے رچاہتی ہیں
۳۔ أَنْ نَعْرِفَ	کہ ہم جانیں	٤۔ مُهِمٌّ	اہم
٥۔ جِدًّا	بہت	٦۔ فَيَجِبُ عَلَيْنَا	پس ہمارے اوپر لازم ہے
۷۔ جَوَانِبُ	پہلو۔اطراف	۸۔ اَلْعَطِرَةُ	معطر۔خوشبودار
۹۔ أُسْوَةٌ	نمونہ	۱۰۔ اِشْتَرَكَ	شریک ہوئے
۱۱۔ رَأْسٌ	قائد۔کمانڈر	۱۲۔ اَلْجَيْشُ	لشکر
۱۳۔ اَصْحَابُ السِّيَرِ	سیرت نگار	١٤۔ وَالْمَغَازِئ	وقائع نگار
١٥۔ عَدَدٌ	تعداد	١٦۔ قَائِدٌ	کمانڈر۔سپہ سالار
۱۷۔ مَتٰى	کب	۱۸۔ وَقَعَتْ	وقوع پذیر ہوا
۱۹۔ مَعْرَكَةٌ	جنگ۔لڑائی	۲۰۔ اَلْفَارِقَةُ	فرق کرنے والا
۲۱۔ صَبِيْحَةٌ	صبح	۲۲۔ مُقَاتِلًا	جنگی
۲۳۔ فَارِسَانِ	گھڑسوار	٢٤۔ سَمَحَتْ	درگزر فرمائیں
۲٥۔ رَدٌّ	جواب۔ردِعمل	٢٦۔ مُنْتَقِمِيْنَ	انتقام کے لئے
۲۷۔ وَصَلُوْا	وہ پہنچے	۲۸۔ جَبَلٌ	پہاڑ
۲۹۔ دَارَاتٌ	گھومی	۳۰۔ رَحَا الْحَرْبِ	جنگ کی چکی

٣١۔ اِنْهَزَمَ	شکست ہوئی	٣٢۔ اَلرُّمَاةُ	تیرانداز
٣٣۔ اِسْتَحَالَ	پھر گئی۔گھوم گئی	٣٤۔ اِنْتِصَارُ	عظیم فتح
٣٥۔ اَلْخَسَائِرُ	خسارے		

اردو ترجمہ

فِرِيْدَةُ: نُرِيْدُ الْيَوْمَ يَا أُسْتَاذَتَنَا الْفَاضِلَةَ أَنْ نَعْرِفَ شَيْئًا عَنْ غَزَوَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

فریدہ: محترم ٹیچر! آج ہم نبی ﷺ کے غزوات کے بارے میں کچھ جاننا چاہتی ہیں۔

اَلْأُسْتَاذَةُ: نَعَمْ يَا فَرِيْدَةُ! بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكِ۔ هٰذَا سُؤَالٌ مُهِمٌّ جِدًّا۔ فَيَجِبُ عَلَيْنَا أَنْ نَعْرِفَ كَثِيْرًا عَنْ جَمِيْعِ جَوَانِبِ السِّيْرَةِ الْعَطِرَةِ الْمُبَارِكَةِ فَهِيَ أُسْوَةٌ لَّنَا وَلِلنَّاسِ جَمِيْعًا۔

استانی: ہاں! فریدہ اللہ آپ کو برکت دے یہ بہت اہم سوال ہے ہمارے لئے ضروری ہے کہ (نبی ﷺ کی) معطر سیرت پاک کے تمام پہلوؤں کے بارے میں جانیں وہ ہمارے لئے اور تمام انسانوں کے لئے نمونہ ہیں۔

مَاجِدَةُ: مَا هِيَ الْغَزْوَةُ؟

ماجدہ: غزوہ کیا ہوتا ہے؟

اَلْأُسْتَاذُ: أَلْغَزْوَةُ هِيَ الَّتِي اشْتَرَكَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَخْصِيًّا عَلٰى رَأْسِ الْجَيْشِ الْإِسْلَامِيِّ الْمُجَاهِدِ۔

استانی: غزوہ وہ جنگ ہوتی ہے جس میں رسول اللہ نے بنفس نفیس لشکر کے قائد کی حیثیت سے شرکت کی ہو۔

خَالِدَةُ: كَمْ غَزْوَةً إِشْتَرَكَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

خالدہ: رسول اللہ ﷺ کتنے غزوات میں شریک ہوئے؟

اَلْأُسْتَاذُ: يَقُوْلُ اَصْحَابُ السِّيَرِوَ الْمَغَازِيْ بِأَنَّ عَدَدَهَا خَمْسٌ وَآخِرُهَا غَزْوَةُ تَبُوْكِ وَأَشْهَرُهَا: غَزْوَةُ بَدْرِ الْكُبْرٰى وَعِشْرُوْنَ أَوْسَبْعٌ وَعِشْرُوْنَ غَزْوَةً أَوَّلُهَا وِدَانُ وَهِيَ الْأَبْوَاءُ وَتُسَمّٰى غَزْوَةُ بَدْرِ الثَّانِيَةُ وَغَزْوَةُ السَّوِيْقِ وَغَطْفَانَ وَأُحُدٍ وَ حَمْرَاءِ الْأَسَدِوَ

الْخَنْدَقِ وَبَنِي قُرَيْظَةَ وَبَنِي الْمُصْطَلِقِ وَالْحُدَيْبِيَةِ وَالْخَيْبَرَ وَالْفَتْحِ وَحُنَيْنَ وَالطَّائِفِ وَتَبُوْكَ۔ وَلَمْ يُقَاتِلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا تِسْعَ غَزَوَاتٍ مِنْهَا وَكَانَ قَائِدَ الْجُيُوْشِ الْمُجَاهِدَةِ فَقَطْ فِي بَقِيَّةِ الْغَزَوَاتِ۔

استانی: اصحاب سیر وغزوات (سیرت نگار ووقائع نگار حضرات) کے قول کے مطابق ان غزوات کی تعداد 25 یا 27 ہے۔ سب سے پہلا غزوہ ودان یعنی اَبواء ہے اور آخری غزوہ غزوہ تبوک ہے اور سب سے مشہور غزوہ بدر کبریٰ ہے۔ اسے غزوہ بدر ثانیہ (غزوہ بدر) کا نام دیا جاتا ہے اور غزوہ سویق، غطفان، اُحد، حمراء الاسد، خندق، بنو قریظہ، بنو مصطلق، حدیبیہ، خیبر، فتح مکہ، حنین، طائف اور غزوہ تبوک ہیں۔ نبی نے نو غزوات میں (بنفس نفیس) جنگ کی ہے۔ اور بقیہ غزوات میں آپ ﷺ مجاہدین کے لشکروں کے قائد (سپہ سالار) تھے۔

فَرِيْدَةُ: مَتٰى وَقَعَتْ غَزْوَةُ بَدْرٍ وَّمَا ذَا كَانَتْ نَتَائِجُهَا؟

فریدہ: غزوہ بدر کب وقاع پذیر ہوا اور اس کے نتائج کیا تھے؟

اَلْأُسْتَاذُ: قَامَتْ مَعْرِكَةُ بَدْرِ الْفَارِقَةُ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ فِي صَبِيْحَةِ يَوْمِ الثُّلَاثَاءِ ١٧ مِنْ رَمَضَانَ عَامَ ٢ مِنَ الْهِجْرَةِ (١٣ مِنْ مَارِسْ ٦٢٤م) وَكَانَ عَدَدُ الْجَيْشِ الْإِسْلَامِيِّ ٣١٣ مُقَاتِلًا وَكَانَ مَعَهُمْ فَارِسَانِ فَقَطْ وَسَبْعُوْنَ جَمَلًا بَيْنَمَا كَانَ الْمُشْرِكُوْنَ ٩٥٠ مُقَاتِلًا بِمَا فِيْهِمْ مِائَةُ فَارِسٍ وَّسَبْعُ مِائَةِ جَمَلٍ وَّقَدِ اسْتُشْهِدَ فِيْهَا أَرْبَعَةَ عَشَرَ مُجَاهِدًا بَيْنَمَا قُتِلَ سَبْعُوْنَ مُشْرِكًا۔

استانی: حق اور باطل میں فرق کرنے والا معرکہ بدر ۱۷ رمضان المبارک ۲ھ (بمطابق 13 مارچ 624ء کی صبح کو برپا ہوا اور اسلامی لشکر کی تعداد 313 (جنگجو) مجاہد تھی اور ان (لشکر اسلامی) کے ساتھ صرف دو گھڑ سوار اور ستر اونٹ تھے جبکہ مشرکین کے لشکر میں 950 جنگجو تھے۔ ان میں 100 گھڑ سوار اور سات سو اونٹ تھے اس غزوہ میں 14 مجاہد شہید ہوئے جبکہ 70 مشرک قتل ہوئے۔

فَرِيْدَةُ: شُكْرًا يَا أُسْتَاذَتَنَا الْكَرِيْمَةَ! فَإِذَا اسْمَحْتِ أَسْأَلُكِ نَفْسَ

السُّوَالِ عَنْ غَزْوَةِ أُحُدٍ؟

فریدہ: محترمہ استانی آپ کا شکریہ۔ آپ اجازت دیں تو میں آپ سے غزوہ احد کے بارے میں سوال کروں؟

اَلْأُسْتَاذُ: كَانَتْ غَزْوَةُ أُحُدٍ رَدَّ فِعْلٍ لِمَا قُتِلَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ بِبَدْرٍ فَجَاءُ وَافِيْ ٥ مِنْ شَوَّالَ عَامَ ٣هج مُنْتَقِمِيْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ حَتّٰى وَصَلُوْا إِلٰى أُحُدٍ وَّهُوَ جَبَلٌ بِظَاهِرِ الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ وَّمَعَهُمْ مَائَتَانِ مِنَ الْفُرْسَانِ وَثَلَاثَةُ آلَافِ جَمَلٍ وَّكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ سَبْعَ مِائَةِ مُّقَاتِلٍ فَدَارَتْ رَحَا الْحَرْبِ وَأَبْلَى الْفُرْسَانُ الْمُسْلِمُوْنَ بَلَاءً حَسَنًا وَّانْهَزَمَ الْمُشْرِكُوْنَ إِلَّا أَنَّ الرُّمَاةَ الْمُسْلِمِيْنَ عَصَوْا أَمْرَ رَسُوْلِهِمْ فَاسْتَحَالَ الْإِنْتِصَارُ إِلَى الْخَسَائِرِ الْحَرْبِيَّةِ الْكَبِيْرَةِ۔

استانی: غزوہ احد غزوہ بدر میں قتل ہونے والے مشرکین کے ردعمل میں تھا پس وہ (مشرکین) 5 شوال 3ھ کو مسلمانوں سے انتقام لینے آئے یہاں تک کہ وہ مقام احد تک پہنچ گئے اور وہ (احد) مدینہ منورہ کے باہر ایک پہاڑ ہے ان لشکر کفار کے ساتھ 200 گھڑ سوار اور 3000 اونٹ تھے اور مسلمان 700 مجاہد تھے۔ گھمسان کا رن پڑا اور مسلمان شاہسواروں نے بے مثال شجاعت کا مظاہرہ کیا اور مشرکین شکست کھا گئے مگر مسلمان تیر اندازوں نے اپنے رسول ﷺ کے حکم کی نافرمانی کی (جس کی وجہ سے) عظیم فتح بہت بڑے جنگی نقصان میں بدل گئی۔

سَاجِدَةُ: كَمِ اسْتُشْهِدَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ هٰذِهِ الْمَعْرِكَةِ؟

ساجدہ: اس معرکہ (احد) میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

اَلْأُسْتَاذُ: أُسْتُشْهِدَ فِيْهَا سَبْعُوْنَ مُجَاهِدًا بِمَا فِيْهِمْ سَيِّدُنَا حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقُتِلَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ٢٢ رَجُلًا۔

استانی: اس معرکہ میں 70 مجاہد شہید ہوئے جن میں رسول کریم ﷺ کے چچا ہمارے سردار حمزہ بن عبدالمطلبؓ اور مصعب بن عمیرؓ بھی شامل ہیں اور مشرکین کے 22 آدمی قتل ہوئے۔

اَلتَّمَارِیْنُ

س1۔ أَجِبْ عَمَّا یَأْتِیْ مِنَ الْأَسْئِلَۃِ:

درج ذیل سوالات کے جواب دیں:

۱۔ کَمْ عَدَدُ غَزَوَاتِ سَیِّدُنَا رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ؟

رسول اللہ ﷺ کے غزوات کی تعداد کتنی ہے؟

عَدَدُھَا خَمْسٌ وَّ عِشْرُوْنَ أَوْسَبْعٌ وَّعِشْرُوْنَ

۲۔ مَتٰی کَانَتْ غَزْوَۃُ بَدْرٍ وَّمَنِ انْتَصَرَ فِیْھَا؟

غزوہ بدر کب ہوا اور اس میں کون کامیاب ہوا؟

۱۷ مِنْ رَمَضَانَ عَامَ ۲ مِنَ الْھِجْرَۃِ وَانْتَصَرَ الْمُسْلِمُوْنَ فِیْھَا۔

۳۔ مَتٰی وَقَعَتْ غَزْوَۃُ أُحُدٍ وَّمَاذَا کَانَتْ نَتِیْجَتُھَا؟

غزوہ احد کب ہوا اور اس کا نتیجہ کیا تھا؟

وَقَعَتْ فِیْ ٥ مِنْ شَوَّالَ فِی الْعَامِ الثَّالِثِ مِنَ الْھِجْرَۃِ وانْتَصَرَ الْمُشْرِکُوْنَ اَوَّلاً ثُمَّ انْتَصَرَ الْمُسْلِمُوْنَ۔

س2۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْکَلِمَاتِ الْمُتَفَرِّقَۃِ الْمُبَعْثَرَۃِ فِیْ کُلِّ سَطْرٍ۔

ہر سطر میں بکھرے متفرق الفاظ کو جملوں میں ترتیب دیں۔

۱۔ فِعْلٍ ، بِبَدْرٍ ، لِمَا ، الْمُشْرِکِیْنَ ، أَخْبَرَتْھَا ، أُحُدٍ ، رَدُّ ، کَانَتْ، غَزْوَۃَ ، بِأَنَّ ، اَلْاُسْتَاذَۃُ ، مِنْ ، قُتِلَ

اَخْبَرَتْھَا اَلْاُسْتَاذَۃُ بِأَنَّ غَزْوَۃَ أُحُدٍ کَانَتْ رَدُّ فِعْلٍ لِمَا قُتِلَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ بِبَدْرٍ۔

۲۔ فِیْ ، ۳ھ ، شَوَّالَ ، مِنَ ، الْمُشْرِکُوْنَ ، الْمُسْلِمِیْنَ ، جَاءَ ، الْخَامِسَ ، مُنْتَقِمِیْنَ ، سَنَۃَ

جَاءَ الْمُشْرِکُوْنَ مُنْتَقِمِیْنَ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ فِی الْخَامِسَ شَوَّال ۳ھ

س3۔ شَکِّلْ مَایَاتِیْ مِنَ الْجُمَلِ

درج ذیل جملوں کو اعراب لگائیں۔

۱۔ کَانَتْ مَعْرَکَۃُ بَدْرٍ مَعْرِکَۃٌ فَارِقَۃٌ بَیْنَ الْحَقِ وَالْبَاطِلِ۔

۲۔ كَانَ عَدَدُ الْمُجَاهِدِيْنَ فِىْ مَعْرِكَةِ بَدْرٍ ثَلَاثَمِائَةً وَّ ثَلَاثَةَ عَشَرَ مُقَاتِلًا

س4۔ اِسْتَخْرِجْ عَشَرَةً مِنَ الْأَسْمَاءِ الْمُفْرَدَةِ مِنَ الدَّرْسِ وَحَوِّلْهَا اِلٰى جُمُوْعِهَا۔

سبق سے 10 اسم مفرد نکالیں اور اس کو جمع میں بدلیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
غَزْوَةٌ	غَزَوَاتٌ	جَيْشٌ	جُيُوْشٌ
يَوْمٌ	اَيَّامٌ	مُشْرِكٌ	مُشْرِكُوْنَ
سِيْرَةٌ	سِيَرٌ	قَائِدٌ	قُوَّادٌ
جَبَلٌ	جِبَالٌ	سُؤَالٌ	أَسْئِلَةٌ
حَرْبٌ	حُرُوْبٌ	مُجَاهِدٌ	مُجَاهِدُوْنَ

5۔ س اِبْحَثْ عَنْ خَمْسَةِ أَفْعَالٍ مُّجَرَّدَةٍ مَّاضِيَةٍ وَّ اكْتُبْهَا فِىْ كُرَّاسَتِكَ مَعَ مَصَادِرِ هَا وَأَوَامِرِ هَا وَنَوَا هِيْهَا:

5 ماضی افعال مجرد تلاش کریں اور اپنی کاپی میں ان کے مصادر امر اور نہی لکھیں:

ماضی	مصدر	امر	نہی
قَتِلَ	قَتْلٌ	اُقْتُلْ	لَا تَقْتُلْ
وَصَلُوْا	وَصْلٌ	صِلْ	لَا تَصِلْ
قَامَتْ	قِيَامٌ	قُمْ	لَا تَقُمْ
عَصَوْا	عَصْىٌ	عِصْ	لَا تَعِصْ
وَقَعَتْ	وُقُوْعًا	قَعْ	لَا تَقَعْ

س6۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

ا۔ فریدہ نے غزوہ بدر کے بارے میں اپنی استانی سے سوال کیا۔

سَئَلَتْ فَرِيْدَةُ أُسْتَاذَ تَهَا عَنْ غَزْوَةِ بَدْرٍ۔

۲۔ جس جنگ میں حضور ﷺ خود شریک ہوئے غزوہ کہلاتی ہے۔

اَلْغَزْوَۃُ هِیَ الَّتِیْ اشْتَرَكَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ شَخْصِیًّا۔

۳۔ غزوہ ودان پہلا غزوہ ہے۔

غَزْوَۃُ وِدَانُ هِیَ أَوَّلُ غَزْوَاتِ

۴۔ خیبر کا قلعہ حضرت علیؓ نے فتح کیا۔

فَتَحَ عَلِیٌّ قَلْعَةَ خَيْبَرَ۔

۵۔ جنگ بدر ۲ھ میں ہوئی۔

قَامَتْ مَعْرِكَةُ بَدْرٍ فِیْ ٢ مِنَ الْهِجْرَةِ۔

......☆......

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ: (چوبیسواں سبق)

سَیِّدُنَا عَلِیٌّ الْمُرْتَضٰی رضؓ

حضرت علی المرتضیٰ

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ مَوْلِدُ	ولادت۔ پیدائش	۲۔ سَمَّتْهُ	اس کا نام رکھا
۳۔ لَقَّبَهُ	اسے لقب دیا	٤۔ اَحَبَّ	زیادہ پسندیدہ
۵۔ یَعْتَزُّ	فخر کرتے ہیں	٦۔ اَلْقَابُ	لقب
۷۔ رُبِّیَ	پرورش پائی	۸۔ تَخْفِیْفًا	بوجھ ہلکا کرنے کے لئے
۹۔ کَثِیْرُ الْعِیَالِ	بڑے کنبے والے	۱۰۔ بُعِثَ	مبعوث ہوئے
۱۱۔ مُرَاهِقًا	بچپنا	۱۲۔ شَبَّ	جوان ہوا
۱۳۔ خَاطَرَ	خطرے میں ڈالا	١٤۔ أَجَلِ	خاطر۔ کے لئے
۱۵۔ لَیْلَةَ الْهِجْرَةِ	ہجرت کی رات	١٦۔ بَقِیَ	رہے
۱۷۔ فِرَاشٌ	بستر	۱۸۔ لِیَرُدَّ	تاکہ وہ لوٹادیں
۱۹۔ التَّأْیِیْدُ	مدد۔ تائید	۲۰۔ زَوَّجَهُ	اس کی شادی کی
۲۱۔ بُوْیِعَ	بیعت کی گئی	۲۲۔ أُسْتُشْهِدَ	شہید کیا گیا
۲۳۔ یَرْعَی	نگرانی کی	٢٤۔ شُجَاعًا	بہادر
۲۵۔ یُبَالِیْ	پرواہ کرنا	٢٦۔ اَلْمَضْرُوْبُ	ضرب المثل
۲۷۔ اَلْقَضَاءُ	انصاف	۲۸۔ اَلزُّهْدُ	ترک [illegible]
۲۹۔ شُئُوْنٌ	حالات	۳۰۔ قُدْوَةٌ	[illegible]
۳۱۔ فُرْسَانٌ	شاہسوار	۳۲۔ عَوْنًا	مددگار

اردو ترجمہ

هُوَ أَبُوالْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَه ' وُلِدَ قَبْلَ الْهِجْرَةِ النَّبَوِيَّةِ بِإِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ سَنَةً وَفِي السَّنَةِ الثَّلَاثِيْنَ مِنْ مَّوْلِدِ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ سَمَّتْهُ أُمُّه ' السَّيِّدَةُ فَاطِمَةُ بِنْتُ أَسَدٍ حَيْدَرَةَ وَسَمَّاهُ اَبُوْهُ السَّيِّدُ أَبُوْ طَالِبِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَلِيًّا وَّلَقَّبَهُ الرَّسُوْلُ بِأَبِي تُرَابٍ فَكَانَ أَحَبَّ الْأَسْمَاءِ إِلَيْهِ وَكَانَ يَعْتَزُّ بِهٖ وَمِنْ اَلْقَابِهِ الْمُرْتَضٰى وَأَسَدُ اللّٰهِ۔

ابوالحسن علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ ہجرت نبوی ﷺ سے اکیس برس پہلے اور رسول ﷺ کی پیدائش کے تیسویں سال پیدا ہوئے۔ آپؓ کی والدہ فاطمہ بنت اسد نے آپؓ کا نام حیدر رکھا اور آپؓ کے والد ابو طالب بن عبد المطلب نے علی رکھا اور رسول ﷺ نے آپ کو ابوتراب کا لقب دیا آپ کو یہ نام سب ناموں سے زیادہ پسند تھا۔ آپؓ اس پر فخر کرتے تھے۔ مرتضی اور اسد اللہ بھی آپ کے القابات میں سے ہیں۔ حضرت علی نے اپنے کثیر العیال باپ کا بوجھ کم کرنے کے لئے حضور ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے گھر پرورش پائی۔ جب رسول اللہ ﷺ مبعوث ہوئے۔ اس وقت علیؓ چھوٹے تھے پس وہ آپ ﷺ کی رسالت پر ایمان لائے اور آپ ﷺ کی تصدیق کی۔ وہ آپ ﷺ کی محبت اور آپ ﷺ کے ساتھ بھیجے گئے۔ پختہ دین کی محبت میں جوان ہوئے۔

وَقَدْ رُبِّيَ عَلِيٌّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ مَعَ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِهٖ تَخْفِيْفًا عَنْ أَبِيْهِ الَّذِيْ كَانَ كَثِيْرَا الْعِيَالِ وَلَمَّا بُعِثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلِيٌّ ' مُرَاهِقًا فَآمَنَ بِرِسَالَتِهٖ وَصَدَّقَه ' وَشَبَّ عَلٰى حُبِّهٖ وَحُبِّ مَا أُرْسِلَ بِهٖ مِنَ الدِّيْنِ الْقَيِّمِ فَهُوَ ثَانِي الْإِسْلَامِ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهٖ بَعْدَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ خَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَكَانَ قَدْ خَاطَرَ بِنَفْسِهٖ مِنْ أَجْلِ الرَّسُوْلِ ﷺ لَيْلَةَ الْهِجْرَةِ حَيْثُ بَقِيَ عَلٰى فِرَاشِهٖ لِيَرُدَّ الْأَمَانَاتِ إِلٰى أَهْلِهَا الَّتِيْ كَانَتْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ مَكَّةَ وَأَبْلٰى بَلَاءً حَسَنًا فِي الدِّفَاعِ عَنِ الْإِسْلَامِ وَرَسُوْلِهٖ وَالتَّأْيِيْدِ وَالنُّصْرَةِ لَهُمَا وَشَهِدَ الْغَزَوَاتِ النَّبَوِيَّةَ كُلَّهَا غَيْرَ تَبُوْكَ فَقَدْ خَلَّفَهُ الرَّسُوْلُ عَلَى الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ يُحِبُّه '

وَيُكْرِمُه' وَزَوَّجه' مِنْ أَحَبِّ بَنَاتِه بَلْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيْهِ جَمِيْعًا السَّيِّدَةِ فَاطِمَةِ الزَّهْرَاءَ الْبَتُولِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا۔

آپؓ ام المومنین حضرت خدیجہ الکبریٰ کے بعد اہل بیت میں سے دوسرے اسلام قبول کرنے والے ہیں۔ آپؓ نے ہجرت کی رات رسول ﷺ کی خاطر اپنے آپ کو خطرے میں ڈال دیا تھا۔ جبکہ آپ اہل مکہ کی وہ امانتیں جو انہوں نے رسول اللہ کے پاس رکھوائی تھیں۔ ان کے مالکوں کو لوٹانے کے لئے آپ ﷺ کے بستر پر لیٹ گئے تھے۔ آپ کو اسلام اور اس کے رسول ﷺ کا دفاع کرنے اور ان دونوں (دین اسلام، رسول اکرم ﷺ) کی تائید و مدد کرنے میں بڑے اچھے طریقے سے آزمایا گیا۔ آپؓ نے سوائے غزوہ تبوک کے تمام غزوات نبوی ﷺ میں شرکت کی کیونکہ رسول اللہ ﷺ انہیں مدینہ میں چھوڑ گئے تھے۔ آپ ﷺ ان (علیؓ) سے بہت محبت کرتے تھے اور آپؓ کی عزت کیا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے اپنی پیاری بیٹی بلکہ تمام انسانوں سے پیاری بیٹی فاطمۃ الزہرا البتول کی شادی ان سے کی۔

وَبُوْيِعَ بِالْخِلَافَةِ يَوْمَ اسْتُشْهِدَ الْخَلِيْفَةُ الرَّاشِدُ الثَّالِثُ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاسْتَمَرَّ يَرْعَى الْأُمَّةَ وَالْخِلَافَةَ إِلٰى أَنِ اسْتُشْهِدَ فِيْ رَمَضَانَ عَامَ أَرْبَعِيْنَ مِنَ الْهِجْرَةِ النَّبَوِيَّةِ بِجَامِعِ الْكُوْفَةِ وَكَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ شُجَاعًا صَادِقَ الْبَأْسِ وَلَمْ يَكُنْ يُبَالِيْ بِالْمَوْتِ وَهُوَ الْمَضْرُوْبُ بِهِ الْمَثَلُ فِي الشَّجَاعَةِ وَالْعِلْمِ وَالْقَضَاءِ وَالْبَلَاغَةِ وَالزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا وَلَمْ يَكُنْ يَعْرِفُ الْهَوَادَةَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ وَالْمُرُوْنَةَ فِيْ شُئُوْنِ الدُّنْيَا وَهُوَ مِنْ شُعَرَاءِ الصَّحَابَةِ وَخُطَبَائِهِمْ وَقُضَاتِهِمْ وَفُرْسَانِهِمْ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ عِلْمِهٖ وَفَضْلِهٖ

جس دن تیسرے خلیفہ راشد عثمان بن عفانؓ شہید ہوئے۔ اس روز آپؓ کی خلافت کی بیعت کی گئی۔ آپؓ نے امت اور خلافت کی نگرانی کو جاری رکھا یہاں تک کہ کوفہ کی جامع مسجد میں رمضان ۴۰ھ کو شہید کر دیا گیا۔ آپؓ بہادر، جنگجو تھے موت کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔ آپؓ بہادری، علم، انصاف، بلاغت اور دنیا سے بے رغبتی میں ضرب المثل تھے۔ آپؓ اللہ کے دین میں نرمی کے قائل نہ تھے۔ اور دنیاوی کاموں میں عیش وعزت کے عادی نہ تھے۔ آپؓ شاعر، خطیب، قاضی اور شاہسوار صحابہؓ میں سے تھے۔ آپؓ کے علم وفضل کے بارے میں رسول اللہ نے فرمایا:

أَنَا مَدِينَةُ الْعِلْمِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا'

''میں علم کا شہر ہوں اور علیؓ اس کا دروازہ ہے۔''

وَكَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُدْوَةً لِأَهْلِ الْحَقِّ وَكَانَ عَوْنًا لِأَبِي بَكْرٍ وَّاَمِينًا لَّه ' بَعْدَ أَنْ بَايَعَه ' وَكَانَ مُسْتَشَارَ الْعُمَرَ وَقَاضِيًا لَّه ' وَكَذٰلِكَ كَانَ عَوْنًا لِعُثْمَانَ حَتّٰى اسْتُشْهِدَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَرَضُوْا عَنْهُ۔

آپؓ اہل حق کے لئے نمونہ تھے۔ آپؓ ابوبکر کی بیعت کے بعد ان کے مددگار اور سیکرٹری تھے۔ آپ عمرؓ کے مشیر اور قاضی تھے اور اسی طرح آپؓ عثمانؓ کے مددگار تھے۔ یہاں تک کہ آپؓ کو شہید کر دیا گیا۔ اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

١۔ مَتٰى وُلِدَ سَيِّدُنَا عَلِيٌّ الْمُرْتَضٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ؟

حضرت علی کب پیدا ہوئے؟

وُلِدَ سَيِّدُنَا عَلِيٌّ الْمُرْتَضٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي السَّنَةِ الثَّلَاثِيْنَ مِنْ مَّوْلِدِ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

٢۔ مَاذَا كَانَتْ سِنُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ وُلِدَ الْمُرْتَضٰى؟

جب حضرت علی پیدا ہوئے تو حضور ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

كَانَ الرَّسُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الثَّلَاثِيْنَ مِن عُمُرِهٖ۔

٣۔ فِيْ بَيْتِ مَنْ رُبِّيَ الْمُرْتَضٰى كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ وَلِمَاذَا؟

کس کے گھر میں حضرت علیؓ کی پرورش کی گئی اور کیوں؟

رُبِّيَ فِيْ بَيْتِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَخْفِيْفًا عَنْ أَبِيْهِ لِاَنَّهٗ كَانَ كَثِيْرُ الْعِيَالِ

٤۔ مَتٰى بُوْيِعَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْخَلَافَةِ؟

کب حضرت علی نے خلافت کی بیعت کی؟

يَوْمَ اسْتُشْهِدَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانٌ.

س2۔ إِمْلَاءِ الْفَرَاغِ بِكَلِمَةٍ مُّنَاسِبَةٍ

مناسب الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَّبَ عَلِيًّا بِأَبِي............ (تُرَاب)

۲۔ كَانَتِ السَّيِّدَةُ فَاطِمَةُ بِنْتُ أَسَدٍ قَدْ سَمَّتِ ابْنَهَا .... (حَيْدَرَة)

۳۔ كَانَ اَبُوْتُرَابٍ .... الْاَسْمَاءِ إِلٰى عَلِيٍّ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَكَانَ يَعْتَزُّبِهٖ۔ (اَحَبَّ)

س3۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ۔

درج ذیل جملوں پر اعراب لگائیں۔

۱۔ كان علی بن ابی طالب رابع الخلفا الراشدين و آخرهم

كَانَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَابِعُ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ وَآخِرُهُمْ۔

۲۔ شهد علی الغزوات النبوية كلها الاغزوة تبوك

شَهِدَ عَلِيُّ الْغَزَوَاتَ النَّبَوِيَّةَ كُلَّهَا اِلَّا الْغَزْوَةَ تَبُوْكٍ۔

۳۔ آمن علی برسول الله صلى الله عليه وسلم و صدق رسالته وهو مراهق۔

آمَنَ عَلِيُّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَدَّقَ رِسَالَتَهٗ وَهُوَ مُرَاهِقٌ۔

س4۔ اِسْتَخْرِجْ عِشْرِيْنَ إِسْمًا مِّنَ الدَّرْسِ وَاكْتُبْهَا بِمُفْرَدَاتِهَا وَجُمُوْعِهَا۔

سبق سے 20 اسم لیں اور ان کے واحد اور جمع لکھیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
۱۔ وَجْهٌ	وُجُوْهٌ	۲۔ دِيْنٌ	أَدْيَانٌ
۳۔ لَقَبٌ	اَلْقَابٌ	٤۔ بَيْتٌ	بُيُوْتٌ
٥۔ أَمَانَةٌ	أَمَانَاتٌ	٦۔ عِلْمٌ	عُلُوْمٌ

٧۔ بِنْتٌ	بَنَاتٌ	٨۔ اُمٌّ	اُمَّهَاتٌ
٩۔ سْمٌ	اَسْمَآءٌ	١٠۔ بَابٌ	اَبْوَابٌ
١١۔ لَيْلَةٌ	لَيَالِيْ	١٢۔ يَوْمٌ	اَيَّامٌ
١٣۔ خَطِيْبٌ	خُطَبَآءُ	١٤۔ قَاضِيٌ	قُضَاةٌ
١٥۔ اُمَّةٌ	اُمَمٌ	١٦۔ مَثَلٌ	اَمْثَالٌ
١٧۔ اعِرٌ	شُعَرَاءُ	١٨۔ غَزْوَةٌ	غَزَوَاتٌ
١٩۔ رِسٌ	فُرْسَانٌ	٢٠۔ خَلِيْفَةٌ	خُلَفَاءُ
٢١۔ اشِدٌ	رَاشِدُوْنَ		

س5۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ

عربی ترجمہ کریں:

١۔ حضرت علیؓ ہجرت سے اکیس برس قبل پیدا ہوئے؟

وُلِدَ عَلِيٌّ قَبْلَ الْهِجْرَةِ بِاِحْدٰى وَّعِشْرِيْنَ سَنَةً۔

٢۔ آپ کی کنیت ابوالحسن تھی۔

كَانَتْ كُنْيَتُهٗ أَبَا الْحَسَنِ۔

٣۔ ماں نے آپؓ کا نام حیدر رکھا۔

سَمَّتْهُ اُمُّهٗ حَيْدَرَةَ۔

٤۔ باپ نے آپؓ کا نام علی رکھا۔

سَمَّاهُ اَبُوْهُ عَلِيًّا۔

٥۔ حضرت علیؓ کو ابوتراب والا نام بہت محبوب تھا۔

كَانَ اَبُوْ تُرَابٍ اَحَبَّ الْاَسْمَاءِ اِلٰى عَلِيٍّ۔

٦۔ آپؓ اللہ کے دین میں نرمی کے قائل نہ تھے۔

لَمْ يَكُنْ يَعْرِفُ الْهَوَادَةَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ۔

٧۔ آپؓ چوتھے خلیفہ راشد ہیں۔

هُوَ الْخَلِيْفَةُ الرَّاشِدُ الرَّابِعُ۔

٨۔ آپؓ شعراء اور خطبائے صحابہؓ میں سے ہیں۔

هُوَ مِنْ شُعَرَاءِ الصَّحَابَةِ وَ خُطَبَائِهِمْ۔

OOOOOOOOOO

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ

پچیسواں سبق

ہماراوطن (۳)

اَلْمَصَایِفُ فِیْ بِلَادِنَا

ہمارے ملک میں موسم گرما (گذارنے) کے مقامات

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١ ـ اِشْتَدَّتْ	شدید۔سخت ہوگئی	٢ ـ اَلْحَرَارَۃُ	گرمی
٣ ـ مُتْعَبُوْنَ	تھکے۔اکتائے ہوئے	٤ ـ حَاجَۃٌ	ضرورت
٥ ـ حَدِیْثٌ ثَقِیْلٌ	ثقیل گفتگو	٦ ـ اَلصَّیْفُ	موسم گرما
٧ ـ نُحِبُّ	ہم چاہتے ہیں	٨ ـ الشِّتَاءُ	موسم سرما
٩ ـ بَرْدٌ	سردی	١٠ ـ اَلثَّلُوْجُ	برفیں
١١ ـ تَعَبٌ	تھکن	١٢ ـ فَلْیَکُنْ	پس چاہیے کہ ہو
١٣ ـ مَصَایِفُ	گرمائی مقامات	١٤ ـ اِقْبَالٌ	رخ کرنا۔متوجہ کرنا
١٥ ـ اَلْمَوَاطِنِیْنَ	شہری	١٦ ـ فَصْلٌ	موسم
١٧ ـ اَلْمَلَابِسُ	لباس	١٨ ـ اَلْخَفِیْفَۃُ	ہلکے پھلکے
١٩ ـ اَلْاِسْتِجْمَامُ	دل بہلانا	٢٠ ـ اَلتَّمَتُّعُ	لطف اندوز ہونا
٢١ ـ اَلْمِیَاہُ	پانی	٢٢ ـ اَلْبَارِدَۃُ	ٹھنڈا
٢٣ ـ اَلْمَصَایِفُ الْجَبَلِیَّۃُ	پہاڑی گرمائی مقامات	٢٤ ـ رَئِیْسٌ	سربراہ۔پرنسپل

٢٥۔ رِحْلَةُ طُلَابِيَّةٌ	سٹوڈنٹ ٹرپ	٢٦۔ خِلَالُ	دوران
٢٧۔ اَلْإِجَـازَاتُ الصَّيْفِيَّةُ	گرمی کی چھٹیاں	٢٨۔ أُفَضِّلُ	میں ترجیح دیتا ہوں
٢٩۔ اَلشَّامِخَةُ	بلند	٣٠۔ أَوْدِيَةٌ	وادیاں
٣١۔ اَلْخَضْرَاءُ	سرسبز	٣٢۔ اَلْبَيْضَاءُ	سفید
٣٣۔ تَتَّفِقُوْنَ	تم متفق ہو جاؤ	٣٤۔ أَرٰى	میرا خیال۔رائے
٢٥۔ يُوَافِقُ	موافقت	٢٦۔ اَلْأُخْرٰى	دوسرے
٢٧۔ مُعْظَمُ	بڑے	٢٨۔ تُوْجَدُ	پائے جاتے ہیں
٢٩۔ اَلْمَنَاطِقُ	علاقے	٣٠۔ نَتْيَاجَلِي	نتھیا گلی
٣١۔ شِتْرَالُ	چترال	٣٢۔ اِقْلِيْمُ	صوبہ
٣٣۔ بَلُوْشِسْتَانَ	بلوچستان	٣٤۔ جَوٌّ	فضا
٢٥۔ اَلْهَادِئُ	پرسکون	٢٦۔ مَنَاخُ	آب وہوا
٢٧۔ فَوَاكِهُ	پھل	٢٨۔ نَسِيْنَا	ہم بھول گئے
٢٩۔ وَادِيَيْنِ	دو وادیاں	٣٠۔ جِلْجِتُ	گلگت
٣١۔ مُتَوَفِّرَةٌ	وافر	٣٢۔ تُوْجَدُ	پائے جاتے ہیں
٣٣۔ عُيُوْنٌ	چشمے	٣٤۔ اَلْمِيَاهِ	ٹھنڈے معدنی پانی
٣٥۔ الْـمَـعْـدِنِيَّةِ الْبَارِدَةِ	منرل واٹر		

اردو ترجمہ

مَحْمُوْدٌ: يَا أُسْتَاذِي الْمُحْتَرَمَ! قَدِ اشْتَدَّتِ الْحَرَارَةُ وَنَحْنُ مُتْعَبُوْنَ بِهَا الْيَوْمَ فَلَا حَاجَةَ لَنَا إِلٰى حَدِيْثٍ ثَقِيْلٍ عَنِ الصَّيْفِ وَاِنَّمَا نُحِبُّ اَنْ نَتَحَدَّثَ عَنِ الشِّتَاءِ وَبَرْدِهٖ وَعَنِ الثُّلُوْجِ وَبُرُوْدَتِهَا حَتّٰى يَذْهَبَ عَنَّا تَعَبُ الْحَرِّ وَثِقْلُهٗ.

محمود: میرے استاد محترم گرمی شدید ہو گئی ہے اور ہم آج اس (گرمی) سے تھکے (اکتائے)

ہوئے ہیں۔ پس آج ہمیں موسم گرما کے بارے میں ثقیل گفتگو کرنے کی ضرورت نہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ ہم موسم گرما اور اس کی سردی اور برف اور اس کی ٹھنڈک کی گفتگو کریں۔ یہاں تک کہ گرمی کی تھکن اور اس کا بوجھ ہم سے دور ہو جائیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: طَيِّبٌ يَا مَحْمُودُ، فَلْيَكُنْ مَوْضُوْعُ حَدِيْثِنَا الْيَوْمَ مَصَايِفَ بَاكِسْتَانَ وَإِقْبَالَ الْمُوَاطِنِيْنَ عَلَيْهَا فِي الصَّيْفِ

استاد: تو پھر چاہیے کہ ہماری آج کی گفتگو کا موضوع پاکستان کے گرمائی مقامات اور شہریوں (باشندوں) کا موسم گرما میں وہاں آنا ہو۔

حَسَنٌ: اَنَا اُحِبُّ فَصْلَ الصَّيْفِ لِاَنَّهُ، فَصْلُ الْمَلَابِسِ الْخَفِيْفَةِ وَالرَّاحَةِ وَفَصْلُ الْاِسْتِجْمَامِ وَالتَّمَتُّعِ بِالْمِيَاهِ الْبَارِدَةِ وَالْمَصَايِفِ الْجَبَلِيَّةِ۔

حسن: میں موسم گرما کو پسند کرتا ہوں کیونکہ (وہ) ہلکے پھلکے اور آرام دہ لباس پہننے اور گرمائی پہاڑی مقامات کے ٹھنڈے پانیوں سے دل بہلانے اور لطف اندوز ہونے کا موسم ہوتا ہے۔

مَاجِدٌ: اِنَّ حَضْرَةَ رَئِيْسِ مَدْرَسَتِنَا قَدْ اَعْلَنَ عَنْ رِحْلَةٍ طُلَّابِيَّةٍ خِلَالَ الْإِجَازَاتِ الصَّيْفِيَّةِ اِمَّا إِلٰى كُوَيْتَةَ اَوْ كَاغَانَ۔

ماجد: ہمارے سکول میں پرنسپل صاحب نے گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران کوئٹہ یا کاغان کی طرف طلبہ کے ٹرپ کا اعلان کیا ہے۔

مَحْمُوْدٌ: اَمَّا اَنَا فَاُفَضِّلُ سَوَاتَ وَجِبَالَهَا الشَّامِخَةَ وَ اَوْدِيَتَهَا الْخَضْرَاءَ وَثُلُوْجَهَا الْبَيْضَاءَ فَلْتَكُنْ رِحْلَتُنَا الصَّيْفِيَّةُ إِلٰى سَوَاتَ هٰذَا لْعَامَ۔

محمود: میں تو سوات اور اس کے بلند و بالا پہاڑوں اور اس کی سرسبز وادیوں اور اس کی سفید برفوں کو ترجیح دیتا ہوں۔ پس ہمارا اس سال گرمیوں کا ٹرپ سوات کی طرف ہونا چاہیے۔

اَلْأُسْتَاذُ: طَيِّبٌ، أَنْتُمْ تَتَّفِقُوْنَ فِيْمَا بَيْنَكُمْ أَوَّلًا وَأَرٰى أَنَّ حَضْرَةَ الرَّئِيْسِ سَوْفَ يُوَافِقُ عَلٰى مَا تَتَّفِقُوْنَ عَلَيْهِ۔

استاد: ٹھیک ہے پہلے تم آپس میں متفق ہو جاؤ۔ میرا خیال ہے کہ جناب پرنسپل صاحب تمھاری رائے سے اتفاق کرلیں گے۔

مَاجِدْ: وَمَا هِيَ الْمَصَايِفُ الْأُخْرىٰ فِي بِلَادِنَا؟

ماجد: اور ہمارے ملک میں دوسرے گرمائی مقام کون سے ہیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: إِنَّ مُعْظَمَ مَصَايِفِنَا تُوجَدُ فِي الْمَنَاطِقِ الْجَبَلِيَّةِ الشِّمَالِيَّةِ وَمِنْهَا: مَرِي وَاَيُّوبِيَةُ وَنَتْيَا جَلِي وَاَيبَت آبَاد وَ وَادِيْ كَاغَان وَسَوَاتُ وَشِتْرَال وَبَلْتِسْتَانْ بِالْإِضَافَةِ إِلٰى كُوَيْتَةَ وَزِيَارَتْ فِي إِقْلِيمِ بَلُوشِسْتَانَ۔

استاد: ہمارے بڑے گرمائی مقامات شمالی پہاڑی علاقوں میں پائے جاتے ہیں اور ان میں سے مری، ایوبیہ، نتھیا گلی، ایبٹ آباد اور وادی کاغان، سوات چترال، بلتستان۔ علاوہ ازیں صوبہ بلوچستان میں کوئٹہ اور زیارت ہیں۔

جَاوِيدُ: أَيُّ مَصِيفٍ تُفَضِّلُه‘ أَنْتَ يَا أُسْتَاذَنَا الْجَلِيلَ؟

جاوید: ہمارے استاد محترم آپ کس گرمائی مقام کو ترجیح دیتے ہیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: اَنَا اُفَضِّلُ سَوَاتَ وَجَوَّهَا الْهَادِئَ وَمُنَاخَهَا الطَّيِّبَ وَمِيَاهَهَا الْمَعْدِنِيَّةَ وَفَوَاكِهَهَا اللَّذِيذَةَ؟

استاد: میں سوات اس کی پرسکون فضا، صاف ستھری آب و ہوا اور اس کے پانی معدنیاتی (منرل واٹر) اور لذیذ پھلوں کو ترجیح دیتا ہوں۔

جَاوِيدُ: وَلٰكِنَّ نَاقَدْ نَسِينَا وَادِيَيْنِ جَمِيلَيْنِ وَهُمَا جِلْجِتْ وَهُنْزَة۔

جاوید: اور لیکن ہم دو خوبصورت وادیاں جو گلگت اور ہنزہ ہیں کو بھول گئے ہیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: وَادِيْ هُنْزَةَ جَمِيلٌ وَبِهٖ مَصَايِفُ كَثِيرَةٌ وَّ فَوَاكِهُ مُتَوَفِّرَةٌ وَّكَذٰلِكَ وَادِيْ جِلْجِتْ تُوجَدُ فِيهِ بَعْضُ الْأَمَاكِنِ الْجَمِيلَةِ تَكْثُرُ فِيهَا الْفَوَاكِهُ وَعُيُونُ الْمِيَاهِ الْمَعْدِنِيَّةِ الْبَارِدَةِ۔

استاد: وادی ہنزہ خوبصورت ہے وہاں بہت سے گرمائی مقامات ہیں اور پھلوں کی فراوانی ہے۔ اور اسی طرح وادی گلگت میں بعض خوبصورت مقامات پائے جاتے ہیں۔ جن میں پھلوں اور ٹھنڈے معدنی پانی کے چشموں کی کثرت ہے۔

......☆......

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِي مِنَ الْأَسْئِلَةِ۔

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

١۔ لِمَاذَا لَمْ يُحِبَّ مَحْمُوْدُ نِ الْحَدِيْثَ عَنِ الصَّيْفِ؟

محمود کیوں گرمی کے بارے میں بات کرنا پسند نہیں کرتا تھا؟

٢۔ لِمَاذَا يُحِبُّ حَسَنٌ فَصْلَ الصَّيْفِ؟

حسن موسم گرما کو کیوں پسند کرتا ہے۔

٣۔ لِمَاذَا يُفَضِّلُ مَحْمُوْدُ "سَوَاتَ" عَلَى الْمَصَايِفِ الْأُخْرٰى؟

محمود سوات کو دوسرے گرمائی مقامات پر ترجیح کیوں دیتا ہے؟

٤۔ اَيْنَ تُوْجَدُ مَصَايِفُ بَاكِسْتَانَ؟

پاکستان کے گرمائی مقامات کہاں ہیں؟

٥۔ لِمَاذَا يُفَضِّلُ الْاُسْتَاذُ "سَوَاتَ" عَلَى الْمَصَايِفِ الْأُخْرٰى؟

استاد سوات کو دوسرے گرمائی مقامات پر ترجیح کیوں دیتا ہے؟

جواب

١۔ لِاَنَّهٗ كَانَ مُتْعَبًا مِنَ الْحَرَارَةِ۔

٢۔ لِاَنَّهٗ فَصْلُ الْمَلَابِسِ الْخَفِيْفَةِ وَالرَّاحَةِ وَالِاسْتِجْمَامِ۔

٣۔ لِاَنَّ جَوَّهَا الْهَادِئُ وَمَنَاخَهَا الطَّيِّبَ وَمِيَاهَهَا الْمَعْدِنِيَّةَ وَفَوَاكِهَهَا اللَّذِيْذَةَ۔

٤۔ فِيْ مَنَاطِقِ الْجَبَلِيَّةِ الشَّمَالِيَّةِ وَكُوْئِتَةِ وَزِيَارَةَ فِيْ اَقْلِيْمِ بَلُوْشِسْتَانَ

٥۔ لِجَوِّهَا الْهَادِئِ وَمَنَاخِهَا الطَّيِّبِ۔

س2۔ خُذْ ثَلَاثَةً مِنَ الْاَفْعَالِ الْمُعْتَلَّةِ الَّتِيْ وَرَدَتْ فِيْ هٰذَا الدَّرْسِ ثُمَّ صَرِّفْهَا تَصْرِيْفَ الْمَاضِيْ وَالْمُضَارِعِ وَالْأَمْرِ وَالنَّهْيِ۔

اس سبق میں آئے ہوئے تین معتل افعال لیں پھر ان سے ماضی، مضارع، امر اور نہی کی

گردان کریں۔

افعال معتلہ	ماضی	مضارع	امر	نہی
فَلْيَكُنْ	كَانَ	يَكُوْنُ	كُنْ	لَا تَكُنْ
مُوَافَقَةٌ	وَافَقَ	يُوَافِقُ	وَافِقْ	لَاتُوَافِقْ
وَجَدٌ	وَجَدَ	يَجِدُ	جِدْ	لَا تَجِدُ

س اِسْتَخْدِمِ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةَ فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ:

درج ذیل کلمات کو مفید جملوں میں استعمال کریں:

اَلْمَوَاطِنُ	اَنَا مَوَاطِنُ بَاكِسْتَان	میں پاکستان کا شہری ہوں۔
اَلْمُتْعَبُ	خَالِدٌ مُتْعَبٌ بِالْحَرَارَةِ	خالد گرمی سے بیزار ہے۔
اَلثَّلْجُ	اَلثَّلْجُ بَارِدٌ وَّابْيَضُ	برف ٹھنڈی اور سفید ہے۔
اَلْمَصِيْفُ	اَذْهَبُ اِلٰى مَصِيْفٍ فِيْ الصَّيْفِ	میں موسم گرما میں گرمائی مقام پر جاؤں گا۔
اَلْبَارِدَةُ	كَانَتِ اللَّيْلَةُ الْبَارِحَةُ وَبَارِدَةٌ	رات ٹھنڈی اور تاریک تھی۔
اَلْمَنَاخُ	مَنَاخُ سَوَاتَ طَيِّبٌ	سوات کی آب و ہوا اچھی ہے۔
اَلْمَنَاطِقُ	اَنَا أُحِبُّ الْمَنَاطِقَ الْجَبَلِيَّةِ	میں پہاڑی علاقوں کو پسند کرتا ہوں۔

س هٰذِهِ كَلِمَاتٌ وَّرَدَتْ صِفَةً فِي الدَّرْسِ اِبْحَثْ عَنْ مَّوْصُوْفٍ لِّكُلِّ مِنْهَا ثُمَّ اسْتَخْدِمْ هٰذِهِ الْمُرَكَّبَاتِ التَّوْصِيْفِيَّةِ فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ

یہ کلمات سبق میں صفت بن کر آئے ہیں۔ ان کے موصوف تلاش کرو پھر ان کو مفید جملوں میں استعمال کرو۔

اَلْخَفِيْفَةُ	اَلْمَلَابِسُ الْخَفِيْفَةُ	نَلْبَسُ الْمَلَابِسَ الْخَفِيْفَةَ فِي الصَّيْفِ ہم گرمی میں ہلکے کپڑے پہنتے ہیں۔
اَلْجَمِيْلَةُ	اَلْاَمَاكِنُ الْجَمِيْلَةُ	تُوْجَدُ فِيْ جِلْجِتْ بَعْضُ الْاَمَاكِنِ الْجَمِيْلَةِ گلگت میں بعض خوبصورت مقامات موجود ہیں۔

اَلْجَبَلِيَّةُ	اَلْمَصَايِفُ الْجَبَلِيَّةُ	ذَهَبَ خَالِدٌ اِلَى الْمَصَايِفِ الْجَبَلِيَّةِ۔ خالد موسم گرما میں پہاڑی مقامات پر گیا۔
اَلْبَارِدَةُ	اَلْمِيَاهُ الْبَارِدَةُ	تُوجَدُ فِي سَوَاتِ مِيَاهُ بَارِدَةٌ۔ سوات میں ٹھنڈے پانی موجود ہیں۔
اَللَّذِيْذَةُ	اَلْفَوَاكِهُ اللَّذِيْذَةُ	اَلْفَوَاكِهُ اللَّذِيْذَةُ مُتَوَفِّرَةٌ فِيْ بَاكِسْتَانَ پاکستان میں کثرت سے لذیذ پھل موجود ہیں۔

س 5- شَكِّلِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ وَاكْتُبْهَا بِخَطٍّ جَمِيْلٍ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگائیں اور خوبصورت خط کے ساتھ لکھیں:

۱۔ تُوجَدُ فِيْ بَاكِسْتَانَ مِيَاهٌ مَعْدَنِيَّةٌ بَارِدَةٌ۔

۲۔ وَادِيْ "سَوَاتَ" مِنْ اَجْمَلِ الْوِدْيَانِ فِيْ بَاكِسْتَانَ

۳۔ خَرَجَ الطُّلَّابُ فِيْ رِحْلَةٍ سِيَاحِيَّةٍ اِلٰى مَرِيْ

س6۔ اِمْلَاِ الْفَرَاغَ بِكَلِمَةٍ مُّنَاسِبَةٍ۔

مناسب الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ مَصِيْفُ مَرِيْ <u>اَجْمَلُ</u> الْمَصَايِفِ <u>وَاشْهَرُ</u> هَا فِيْ بَاكِسْتَانَ

۲۔ وَادِيْ <u>هُنْزَةَ</u> جَمِيْلٌ وَّبِهٖ <u>مَصَايِفُ</u> كَثِيْرَةٌ وَّفَوَاكِهُ <u>مُتَوَفِّرَةٌ</u>

س7۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

ا۔ پاکستان ہمارا پیارا وطن ہے

ا۔ شہر کے لوگ مری میں گرمیاں گزارتے ہیں۔

۳۔ میں سردی کا موسم اور اس کی ٹھنڈ کو پسند کرتا ہوں۔

۴۔ میں پہاڑ پر گیا اور ٹھنڈے معدنی پانیوں سے لطف اندوز ہوا۔

۵۔ گرمیوں کی چھٹیوں میں ہم سوات جائیں گے۔

۶۔ کیا تو نے وادی کاغان دیکھی ہے؟

جواب:

١۔ بَاكِسْتَانُ وَطَنُنَا الْحَبِيبِ

٢۔ اَلْمَوَاطِنُوْنَ يَقْضُوْنَ فَصْلَ الصَّيْفِ عَلٰى مَرِّی۔

٣۔ اَنَا أُحِبُّ الشِّتَاءِ وَبُرُدَتَهٗ۔

٤۔ ذَهَبْتُ اِلَی الْجَبَلِ وَتَمَتَّعْتُ بِمِيَاهٍ مَعْدَنِيَّةٍ بَارِدَةٍ۔

٥۔ نَحْنُ نَذْهَبُ اِلَى سَوَاتَ فِى الإِجَازَاتِ الصَّيْفِيَّةِ۔

٦۔ هَلْ زُرْتَ وَادِی کَاغَانَ؟

.......☆.......

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْنَ: (چھبیسواں سبق)

اللہ عزوجل کے نور سے اقتباس

بِنَاءُ الْاُسْرَةِ الْاِسْلَامِيَّةِ

اسلامی گھرانے کی تعمیر

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ بِنَاءٌ	تعمیر	٢۔ يَهْدِيْنَا	وہ ہمیں ہدایت دیتے ہیں
٣۔ اَلْاُسْرَةُ	گھرانہ۔خاندان	٤۔ اُسَس	بنیادیں
٥۔ عَادِلَةٌ	عادلانہ	٦۔ مَبَادِئُ	اصول
٧۔ قَوِيْمَةٌ	سیدھے۔صحیح	٨۔ اَلتَّفَاهُمُ	ہم آہنگی
٩۔ اَلتَّعَاوُنُ	باہمی مدد۔تعاون	١٠۔ اَلْمَوَدَّةُ	محبت
١١۔ رِعَايَةٌ	خیال کرنا	١٢۔ اَلْقِيَامُ	ادائیگی
١٣۔ اِتَّقُوْا	تم ڈرو	١٤۔ بَثَّ	پھیلایا
١٥۔ رِجَالًا	مرد	١٦۔ نِسَاءٌ	عورتیں
١٧۔ تَسَآلُوْنَ	تم سوال کرتے رہو	١٨۔ اَلْاَرْحَامُ	رشتہ دار
١٩۔ رَقِيْبًا	نگران	٢٠۔ بَنِيْنَ	بیٹے
٢١۔ حَفَدَةٌ	پوتے	٢٢۔ اَلطَّيِّبَاتُ	پاکیزہ
٢٣۔ آيَاتٌ	نشانیاں	٢٤۔ لِتَسْكُنُوْا	تاکہ تم تسکین حاصل کرو
٢٥۔ مَوَدَّةٌ	محبت	٢٦۔ يَتَفَكَّرُوْنَ	وہ سوچ بچار کرتے ہیں
٢٧۔ قَوَّامُوْنَ	حاکم۔نگہبان	٢٨۔ فَضَّلَ	فضیلت دی

لفظ	معنی	لفظ	معنی
٢٩۔ اَنْفَقُوْا	انھوں نے خرچ کیا	٣٠۔ اَمْوَالِهِمْ	اپنے اموال
٣١۔ هُنَّ	وہ (عورتیں)	٣٢۔ نَصِيْبٌ	حصہ
٣٣۔ مِمَّا	اس میں سے	٣٤۔ اِكْتَسَبْنَ	وہ کمائیں
٣٥۔ قَضٰی	طے کیا۔ فیصلہ کیا	٣٦۔ اَلَّا	کہ نہ
٣٧۔ اِلَّا	مگر	٣٨۔ اِيَّاهُ	اسی کی
٣٩۔ يَبْلُغَنَّ	پاس۔ پہنچ جائیں	٤٠۔ اَلْكِبَرُ	بڑھاپا
٤١۔ اَحَدُهُمَا	کوئی ایک	٤٢۔ كِلَاهُمَا	دونوں
٤٣۔ وَلَاتَنْهَرْهُمَا	تو مت ڈانٹ	٤٤۔ قَوْلًا كَرِيْمًا	اچھی بات
٤٥۔ وَالْوَالِدٰتُ	مائیں	٤٦۔ يُرْضِعْنَ	وہ (مائیں) دودھ پلائیں
٤٧۔ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ	دو سال مکمل	٤٨۔ اَنْ يُتِمَّ	کہ وہ پوری کرے
٤٩۔ اَلرَّضَاعَةُ	مدت رضاعت	٥٠۔ اَلْمَوْلُوْدُ	باپ۔ والد
٥١۔ كِسْوَتُهُنَّ	ان (عورتوں) کا لباس	٥٢۔ اَلْمَعْرُوْفُ	دستور کے مطابق
٥٣۔ خَشْيَةَ	خوف۔ ڈر	٥٤۔ اِمْلَاق	مفلسی
٥٥۔ وَاِيَّاكُمْ	اور تم کو بھی	٥٦۔ خِطْاً كَبِيْرًا	بڑا گناہ۔ بڑی [illegible]
٥٧۔ وَآتِ	اور تم دو	٥٨۔ ذَالْقُرْبٰی	قریبی عزیز
٥٩۔ حَقَّهٗ	اس کا حق	٦٠۔ اِبْنَ السَّبِيْلُ	مسافر

اردو ترجمہ

وَاللّٰهُ سُبْحَانَه‘ وَتَعَالٰی يَهْدِيْنَا لِبِنَاءِ الْاُ سْرَةِ الْاِسْلَامِيَّةِ علٰی

أُسسٍ عَادِلَةٍ وَّمَبَادِئَ قَوِيمَةٍ مِنَ التَّقْوٰى وَالْأَمَانَةِ وَالتَّفَاهُمِ وَالتَّعَاوُنِ وَالرَّحْمَةِ وَالشَّفَقَةِ وَالْمَوَدَّةِ وَرِعَايَةِ الْحُقُوقِ وَالْقِيَامِ بِالْوَاجِبِ وَحُسْنِ النِّيَّةِ وَالْإِخْلَاصِ وَالْوَفَاءِ فَمِنْ ذٰلِكَ مَاجَاءَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ:

اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہمیں ہدایت کرتے ہیں کہ ہم اسلامی گھرانے کی تعمیر عادلانہ بنیادوں اور تقویٰ کے صحیح اصولوں یعنی امانت، مفاہمت، تعاون، رحمدلی، شفقت، محبت، حقوق کی حفاظت، فرائض کی ادائیگی، حسنیت، اخلاص اور وفاداری پر کریں پس اسی میں سے ہے جو اللہ عزوجل کی کتاب (قرآن کریم) میں آیا ہے۔

۱۔ يَاَ يُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ؀ (اَلنِّسَاءُ: ۱)

۱۔ اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تم کو ایک جان سے پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلا دیں اور تم اللہ سے ڈرو جس کے نام سے تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو۔ بے شک اللہ تم پر نگہبان ہے۔

۲۔ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبَاتِ (النَّحْلُ: ۷۲)

۲۔ اور اللہ نے تمہارے لئے تم میں سے ہی بیویاں بنائیں اور تمہارے لئے تمہاری بیویوں میں سے بیٹے اور پوتے بنائے (پیدا کیے) اور تمہیں پاکیزہ چیزوں میں سے رزق دیا۔

۳۔ وَمِنْ آيَاتِهٖ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (اَلرُّوْمُ: ۲۱)

۳۔ اور اس (اللہ) کی نشانیوں میں سے ہے کہ تمہارے لئے تم میں سے ہی بیویاں پیدا کیں تا کہ تم ان سے تسکین حاصل کرو اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور انس پیدا کیا۔ بے شک اس میں سوچ و بچار کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

٤۔ اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى

بَعْضٍ وَّ بِمَا اَنفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ۔ (النِّسَاءُ ۳۷)

۴۔ مرد عورتوں پر حاکم (نگہبان) ہیں اس وجہ سے کہ اللہ نے بعض کو بعض پر فضیلت دی اور اس وجہ سے کہ وہ (مرد) اپنے مالوں/اموال میں سے خرچ کرتے ہیں۔

۵۔ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ۔ (اَلْبَقَرَةُ : ۱۸۷)

۵۔ وہ (عورتیں) تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو مردوں کے لئے حصہ ہے اس میں سے جو وہ کمائیں اور عورتوں کا حصہ ہے جو وہ کمائیں۔

۶۔ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا وَلِلنِّسَاءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ (اَلنِّسَاءُ :۳۲)

۶۔ مردوں کا حصہ ہے جو کمائیں اور عورتوں کا حصہ ہے جو وہ کمائیں۔

۷۔ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا، اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَا اَوْكِلَاهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَا اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا۔ (بنی اسرائیل: ۲۳)

۷۔ اور آپ کے رب نے فیصلہ کیا کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کی جائے اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو اگر وہ تمہارے پاس (سامنے) ان میں سے کوئی ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں اُف تک نہ کہو اور ان (والدین) سے اچھی بات کرو۔

۸۔ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ أَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِلَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ (اَلْبَقَرَةُ : ۲۳۳)

۸۔ اور مائیں اپنے بچوں کو مکمل دو سال دودھ پلائیں (یہ مدت اس کے لئے ہے) جو مدت رضاعت پوری کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں اور بچے والوں (باپوں) پر ہے ان (ماؤں) کی خوراک اور لباس دستور کے مطابق

۹۔ وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا۔ (بنی اسرائیل : ۳۱)

۹۔ اور تم اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے نہ قتل کرو ہم ان کو روزی دیتے ہیں اور تم کو بھی بے شک ان کو قتل کرنا بہت بڑی خطا ہے۔

۱۰۔ وَآتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ، وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ (بنی

اسرائیل ۲٦)

۱۰۔ اور تم قریبی عزیزوں کو ان کا حق (حصہ) دو اور محتاج اور مسافر کو بھی۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةِ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگائیں:

۱۔ اَلْقُرْآنُ كِتَابُ اللهِ وَهُوَ يَهْدِيْنَا لِبِنَاءِ الْأُسْرَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ۔

۲۔ اَلْأُسْرَةُ الْمُسْلِمَةُ تَقُوْمُ عَلَى الْمَبَادِئُ الْقَوِيْمَةِ وَالْأُسُسِ الْمَتِيْنَةِ۔

۳۔ اَلْقُرْآنُ يَرْعٰى حُقُوْقَ الزَّوْجَيْنِ وَالْاَبَوَيْنِ وَالْاَوْلَادِ۔

س2۔ أَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَاهِيَ الْأُسُسُ وَالْمَبَادِئُ الَّتِيْ تُبْنٰى عَلَيْهَا الْاُسْرَةُ الْمُسْلِمَةُ؟

وہ کون سے اصول اور بنیادیں ہیں جس پر اسلامی خاندان کی بنیاد رکھی جاتی ہے؟

۲۔ مَاهِيَ الْآيَةُ الْكَرِيْمَةُ الَّتِيْ تَدُلُّ عَلٰى أَنَّ الْاُسْرَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ تَقُوْمُ عَلَى الرَّحْمَةِ وَالسَّكِيْنَةِ وَالْمَوَدَّةِ؟

وہ کونسی آیت کریمہ ہے جو دلالت کرتی ہے کہ اسلامی خاندان رحمت، شفقت اور محبت پر قائم ہوتا ہے؟

۳۔ مَاهِيَ الْاَحْكَامُ الَّتِيْ وَرَدَتْ فِي الْآيَةِ الْكَرِيْمَةِ السَّابِعَةِ مِنْ هٰذَا الدَّرْسِ؟

وہ کونسے احکامات ہیں جو اس سبق کی ساتویں آیات کریمہ میں وارد ہوئے ہیں؟

جواب

۱۔ هِيَ الْأُسُسُ وَالْمَبَادِئُ التَّقْوٰى وَلَامَانَةُ وَالتَّفَاهُمُ وَالتَّعَاوُنُ وَالرَّحْمَةُ وَالْمَوَدَّةُ وَرَعَايَةُ الْحُقُوْقِ وَالْقِيَامُ بِالْوَاجِبِ وَحُسْنُ النِّيَّةِ وَالْإِخْلَاصُ وَالْوَفَاءُ۔

۲۔ اَلْآيَةُ الْكَرِيْمَةُ الثَّالِثَةُ مِنْ هٰذَا الدَّرْسِ۔



٣۔ لَا تَعْبُدُوْا اِلَّا اللّٰہَ وَبِالْوَا الِدَیْنِ اِحْسَانًا۔

س3۔ صَحِّحِ الْجُمَلَ الْآتِیَۃَ۔

درج ذیل جملوں کی درستگی کریں۔

١۔ اَلْأُسْرَۃُ الْاِسْلَامِیُّ یَقُوْمُ عَلَی التَّقْوٰی وَعَدْلٍ۔

٢۔ اَلْمَرْأَۃُ لَہٗ حُقُوْقٌ خَاصٌّ کَمَا اَنَّ الرَّجُلَ لَہٗ حَقٌّ خَاصَّۃٌ۔

٣۔ ھٰذِہٖ خِطْأٌ عَظِیْمَۃٌ وَجَرِیْمَۃٌ کَبِیْرٌ جِدًّا۔

جواب:

١۔ اَلْاُسْرَۃُ الْاِسْلَامِیَّۃُ تَقُوْمُ عَلَی التَّقْوٰی وَالْعَدْلِ۔

٢۔ اَلْمَرْأَۃُ لَھَا حُقُوْقٌ خَاصَّۃٌ کَمَا اَنَّ الرَّجُلَ لَہٗ حَقٌّ خَاصٌّ۔

٣۔ ھٰذَا خِطْأٌ عَظِیْمٌ وَ جَرِیْمَۃٌ کَبِیْرَۃٌ جِدًّا۔

س4۔ اِسْتَخْرِجْ خَمْسَۃً مِّنْ اَسْمَاءِ الْجَمْعِ مِنَ الدَّرْسِ وَھَاتِ لَھَا مُفْرَدَاتِھَا۔

سبق سے 10 اسم جمع نکالیں اور انکے مفردات بنائیں۔

جمع	واحد
أُسُسٌ	أَسَاسٌ
وَالِدَاتٌ	وَالِدَۃٌ
رِجَالٌ	رَجُلٌ
اَمْوَالٌ	مَالٌ
اٰیَاتٌ	اٰیَۃٌ

س5۔ اِسْتَخْدِمِ الْمُفْرَدَاتِ التَّالِیَۃَ فِی جُمَلٍ مُّفِیْدَۃٍ:

درج ذیل مفردات کو مفید جملوں میں استعمال کریں:

الفاظ	جملے
١۔ أَسَاسٌ	اَلْعَدْلُ ھُوَ أَسَاسُ الْحُکُوْمَۃِ الْاِسْلَامِیَّۃِ عدل اسلامی حکومت کی بنیاد ہے۔

٢۔ مَبْدَأٌ	اَلتَّوْحِيْدُ مَبْدَأُ الْإِسْلَامِ۔ توحید اسلام کی ابتداء ہے۔
٣۔ تَفَاهُمٌ	اَلتَّفَاهُمُ مُمْكِنٌ بَيْنَهُمْ انکے درمیان مفاہمت ہونا ممکن ہے۔
٤۔ وَاجِبٌ	مِنَ الْوَاجِبِ اَنْ تَفْهَمَ دِيْنَكَ آپ پر لازم ہے کہ آپ اپنے دین کو سمجھیں۔
٥۔ تَعَاوُنٌ	اَلتَّعَاوُنُ بِنَاءٌ لِلْاُسْرَةِ الْاِسْلَامِيَّةِ تعاون اسلامی خاندان کی بنیاد ہے۔
٦۔ مَوَدَّةٌ	لَيْسَتُ الْمَوَدَّةُ بَيْنَ الزَّوْجَيْنِ مَوْجُوْدَةً زوجین کے درمیان محبت موجود نہیں ہے۔
٧۔ رِعَايَةٌ	عَلَيْكَ رِعَايَةَ حُقُوْقِ الْاَوْلَادِ تجھ پر اولاد کے حقوق کی نگرانی واجب ہے۔
٨۔ حَفِيْدٌ	اِبْنُ اِبْنِكَ حَفِيْدُكَ تیرے بیٹے کا بیٹا تیرا پوتا ہے۔

س6۔ غَيِّرِ الْمَاضِيَ بِالْمُضَارِعِ ثُمَّ اسْتَخْدِمْهُ فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ:

افعال ماضی کو افعال مضارع میں بدلیں پھر انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں:

ماضی	مضارع	جملے
١۔ هَدٰى	يَهْدِيْ	اَلْقُرْآنُ يَهْدِيْ الْاِنْسَانَ اِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ قرآن انسان کو صراط مستقیم کی ہدایت دیتا ہے۔
٢۔ رَعٰى	يَرْعٰى	هُوَ يَرْعٰى حُقُوْقَ الْوَالِدَيْنِ وہ حقوق والدین کا خیال رکھتا ہے۔
٣۔ قَامَ	يَقُوْمُ	خَالِدٌ يَقُوْمُ بِالصَّلٰوةِ خالد نماز قائم کرتا ہے

٤۔ اِتَّقیٰ	یَتَّقِی	زِیْدُ یَتَّقِی الْاِثْمَ۔ زید گناہ سے بچتا ہے۔
٥۔ تَسَاءَ لَ	یَتَسَآءَ لَ	ھُوَ یَتَسَاءَ لُ بِاللّٰہِ وہ اللہ سے سوال کرتا ہے۔
٦۔ تَفَکَّرَ	یَتَفَکَّرُ	ھُوَ یَتَفَکَّرُ فِیْ خَلْقِ اللّٰہِ وہ اللہ کی مخلوق پر غور کرتا ہے۔
٧۔ اِکْتَسَبَ	یَکْتَسِبُ	ھُوَ یَکْتَسِبُ کُلَّ یَوْمٍ۔ وہ ہر روز کمائی کرتا ہے۔
٨۔ قَضٰی	یَقْضِیْ	اَللّٰہُ یَقْضِیْ بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ اللہ میرے تیرے درمیان فیصلہ کرتا ہے۔
٩۔ سَکَنَ	یَسْکُنُ	ھُوَ یَسْکُنُ فِیْ کَرَاتِشِیْ وہ کراچی میں رہتا ہے۔

س ح۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّۃِ:

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ تمام انسان سیدنا آدمؑ کی اولاد ہیں۔

۲۔ سب انسان برابر ہیں۔

۳۔ باپ اپنے بچوں سے پیار کرتا ہے۔

۴۔ بیٹا اپنی ماں کی خدمت کرتا ہے۔

۵۔ اپنے والدین کے سامنے اُف بھی نہ کرو۔

جواب:

١۔ اَلنَّاسُ کُلُّھُمْ اَوْلَادُ سَیِّدِنَا اٰدَمَ عَلَیْہِ السَّلَامَ۔

٢۔ اَلنَّاسُ کُلُّھُمْ سَوَاءٌ

٣۔ یُحِبُّ الْوَالِدُ اَوْلَادَہٗ۔

٤۔ اَلْوَلِدُ یَخْدِمُ اُمَّہٗ

٥۔ لَا تَقُوْلُوْا اُفٍّ لِوَالِدَیْکَ۔

OOOOOOOOOO

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ: (ستائیسواں سبق)

فِي السُّوْقِ

بازار میں

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ مُنَاسَبَةٌ	موقع	٢۔ اِجْتَمَعَتْ	جمع ہوا
٣۔ اَلْاُسْرَةُ	خاندان	٤۔ نَاقَشَتْ	بات چیت ہوئی
٥۔ يَلْزَمُ	لازمی۔ضروری	٦۔ ضَوْءٌ	روشنی
٧۔ مِيْزَانِيَّةٌ	بجٹ۔تخمینہ	٨۔ اَلشَّهْرِيَّةُ	ماہانہ
٩۔ اَلْغَلَاءُ	مہنگائی	١٠۔ اَلْمُتَزَايِدُ	روزافزوں۔بڑھتی ہوئی
١١۔ اَدَّخَرَ	جمع کیا۔بچایا	١٢۔ اَلزَّوْجَانُ	میاں بیوی
١٣۔ اَنْ تَكُوْنَ	کہ ہم ہوں	١٤۔ دَائِمًا	ہمیشہ
١٥۔ مُقْتَصِدِيْنَ	میانہ رو	١٦۔ اَلْمَعِيْشَةُ	معیشت
١٧۔ اَلْاِقْتِصَادُ	میانہ روی	١٨۔ اَلنَّفَقَةُ	خرچہ
١٩۔ جَيِّدَةٌ	عمدہ۔اچھی	٢٠۔ نَسْتَطِيْعُ	ہم طاقت رکھیں گے
٢١۔ نَبْنِيَ	ہم بنائیں۔تعمیر کریں	٢٢۔ نَاهِضًا	ترقی پذیر
٢٣۔ شَعْبًا	قوم	٢٤۔ وَاعِيًا	بیدار
٢٥۔ اَللَّحْظَةُ	لمحہ،موقع	٢٦۔ اَلْمُتْعَةُ	لطف اندوز ہونا
٢٧۔ مَبْلَغٌ	رقم	٢٨۔ ضَخْمٌ	بڑی
٢٩۔ أَفْرَاحٌ	خوشیاں	٣٠۔ يَطِيْبُ	پسندیدہ
٣١۔ لَا بَأْسَ	کوئی ہرج۔بات نہیں	٣٢۔ نَضُمُّ	ہم ملالیں۔اکٹھا کرلیں

٣٣۔ مُبَكِّرِيْنَ	صبح سویرے	٣٤۔ غَدًا	کل
٣٥۔ نَعُوْدُ	ہم لوٹ آئیں	٣٦۔ تَشْتَدَّ	شدت۔تیزی
٣٧۔ بَدْلَةُ	سوٹ	٣٨۔ اَلسِّرْوَالُ	شلوار
٣٩۔ اَلْخِمَارُ	دوپٹہ۔چادر	٤٠۔ اَحْمَرُ	سرخ
٤١۔ اَحْذِيَةٌ	جوتے	٤٢۔ نِسْوِيَّةٌ	لیڈیز
٤٣۔ عَصْرِيَةٌ	جدید۔ماڈرن	٤٤۔ أَدْوَاتِ الزِّيْنَةِ	میک اپ کا سامان
٤٥۔ اَلصُّدْرَةُ	ویسکوٹ	٤٦۔ جَزْمَةٌ فَاخِرَةٌ	عمدہ جوتے
٤٧۔ اَلْمَنْهَجِيَّةُ	درسی	٤٨۔ أَقْلَامُ الرَّصَاصِ	پنسلیں
٤٩۔ اَلْحِبْرُ	روشنائی (انک)	٥٠۔ اَلْاَزْرَقُ	نیلا
٥١۔ اَلرَّسْمُ	ڈرائنگ	٥٢۔ بَسِيْطَةٌ	عام۔سادہ
٥٣۔ يَكْفِيْنِىْ	میرے لئے کافی ہے	٥٤۔ اَلْقَمَاشُ	سوتی
٥٥۔ اَلْجَزْمَةُ	جوتا	٥٦۔ اَللَّمَّاعَةُ	چمکدار
٥٧۔ اَلْحَوَائِجُ	ضروریات	٥٨۔ اَلدَّقِيْقُ	آٹا
٥٩۔ اَلسَّمْنُ	گھی	٦٠۔ اَلزَّيْتُ	آئل۔تیل

اردو ترجمہ

بِمُنَاسَبَةِ عِيْدِالْفِطْرِ الْمُبَارَكِ اجْتَمَعَتِ الْأُسْرَةُ فَنَاقَشَتْ مَاكَانَ يَلْزَمُ كُلَّ فَرْدٍ مِّنْ أَفْرَادِهَا فِىْ ضَوْءِ مِيْزَانِيَّةِ الْبَيْتِ الشَّهْرِيَّةِ وَالْغَلَاءِ الْمُتَزَايِدِ وَمَا ادَّخَرَهُ الزَّوْجَانِ لِهٰذِهِ الْمُنَاسَبَةِ۔

عیدالفطر کے مبارک موقع پر خاندان (اہل خانہ) اکٹھا ہوا تو ماہانہ گھریلو بجٹ روز بروز بڑھتی مہنگائی اور میاں بیوی کی کی ہوئی بچت کی روشنی میں تمام افراد خانہ نے اپنی ضروریات کے بارے میں بات چیت کی۔

اَلْأَبُ: يُعَلِّمُنَا رَسُوْلُنَا الْكَرِيْمُ أَنْ نَكُوْنَ دَائِمًا مُقْتَصِدِيْنَ فِي الْمَعِيْشَةِ۔

والد: ہمیں ہمارے رسول کریم ﷺ نے تعلیم دی ہے کہ ہم معیشت میں ہمیشہ میانہ روی اختیار کریں۔

جَمِيْلَةُ: نَعَمْ يَا أَبِيْ! وَهٰذَا مَا قَرَأْنَاهُ فِي الْمَدْرَسَةِ مِنْ حَدِيْثِ رَسُوْلِنَا الْكَرِيْمِ عَلَيْهِ التَّحِيَّةُ وَالتَّسْلِيْمُ حَيْثُ يَقُوْلُ: اَلْإِقْتِصَادُ فِي النَّفَقَةِ نِصْفُ الْمَعِيْشَةِ

جمیلہ: ہاں ابا جان۔ رسول کریم ﷺ کی یہی حدیث ہم نے سکول میں پڑھی ہے جیسا کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں۔

''خرچ میں میانہ روی اختیار کرنا نصف معیشت (معاشی منصوبہ بندی) ہے''

اَلْأُمُّ: مَاشَاءَ اللّٰهُ! تَتَعَلَّمُوْنَ أَشْيَاءَ جَيِّدَةً وَّ مُفِيْدَةً فِيْ مَدَارِسِكُمْ!

والدہ: ماشاء اللہ۔ تم اپنے سکول میں اچھی اور مفید باتیں سیکھتے ہو۔

اَلْأَبُ: هٰذَا شَيْءٌ عَظِيْمٌ جِدًّا! وَبِذٰلِكَ نَسْتَطِيْعُ أَنْ نَّبْنِيَ بَلَدًا نَاهِضًا وَّشَعْبًا مُّتَقَدِّمًا وَّاعِيًا إِلَّا أَنَّنِيْ لَمْ أَكُنْ غَافِلًا عَنْ هٰذِهِ اللَّحْظَةِ مِنَ السَّعَادَةِ وَالْمُتْعَةِ وَالسُّرُوْرِ فَلَمْ أَزَلْ أَدَّخِرُ لَهَا طُوْلَ السَّنَةِ حَتّٰى اجْتَمَعَ لِيْ مَبْلَغٌ ضَخْمٌ نَّسْتَطِيْعُ أَنْ نَشْتَرِيَ بِهٖ أَفْرَاحَ الْعِيْدِ السَّعِيْدِ الَّذِيْ يَأْتِيْ بَعْدَ سَنَةٍ كَامِلَةٍ۔ فَاطْلُبُوْا مَا يَطِيْبُ لَكُمْ!

والد: یہ بہت اچھی بات ہے اور اسی کے ساتھ ہم ترقی یافتہ ملک اور بیدار ترقی یافتہ قوم کی بنیاد رکھ سکتے ہیں مگر میں اس خوشی، دلچسپی اور سرور کے موقع سے غافل نہیں رہا۔ میں سارا سال اس (موقع) کے لئے (رقم) جمع کرتا رہا ہوں یہاں تک کہ میرے پاس ایک بڑی رقم جمع ہوگئی ہے (اب) ہم استطاعت رکھتے ہیں کہ ہم اس سے عید سعید کی خوشیاں خرید سکیں جو پورے ایک سال بعد آتی ہے پس جو چیز تمہیں اچھی لگتی ہو وہ مانگو۔

اَلْأُمُّ: وَأَنَا أَيْضًا كُنْتُ أُوَفِّرُ طُوْلَ الْعَامِ مِنْ نَّفَقَاتِ الْبَيْتِ الشَّهْرِيَّةِ وَقَدِ اجْتَمَعَ لَدَيَّ مَبْلَغٌ لَّا بَأْسَ بِهٖ مِنَ النُّقُوْدِ وَأَرٰى أَنْ نَّضُمَّ الْمَبْلَغَيْنِ وَنَشْتَرِيَ أَفْرَاحَ الْعِيْدِ السَّعِيْدِ لِأُسْرَتِنَا۔

والدہ: میں بھی اسی طرح سارا سال گھر کے ماہانہ خرچ میں سے بچاتی رہی ہوں اور میرے پاس بھی ایک معقول رقم جمع ہوگئی ہے میرا خیال ہے اس میں کوئی حرج نہیں کہ ہم دونوں رقمیں ملالیں اور اپنے خاندان کے لئے عید کی خوشیاں خریدیں۔

اَلْأَبُ: إِذَنْ نَخْرُجُ مُبَكِرِيْنَ غَدًا إِلَى السُّوْقِ وَنَشْتَرِيْ مَا يَلْزَمُنَا وَنَعُوْدَ قَبْلَ أَنْ تَشْتَدَّ الْحَرَارَةُ۔

والد: تب پھر ہم کل سویرے بازار جائیں گے اپنی ضرورت کی چیزیں خریدیں گے اور گرمی تیز ہونے سے پہلے ہم لوٹ آئیں گے۔

جَمِيْلَةُ: أَنَا سَأَشْتَرِيْ بَدْلَةً مِنَ السِّرْوَالِ وَالْقَمِيْصِ وَالْخِمَارِ ذَاتَ لَوْنٍ أَحْمَرَ وَأَحْذِيَةً نِسَوِيَّةً عَصْرِيَّةً بِالْإِضَافَةِ إِلٰى أَدْوَاتِ الزِّيْنَةِ الْفَاخِرَةِ۔

جمیلہ: میں شلوار قمیص سوٹ، سرخ رنگ کا دوپٹہ اور ماڈرن لیڈیز جوتا خریدوں گی اس کے ساتھ ساتھ شاندار میک اپ کا سامان بھی۔

عَابِدُ: وَأَنَا أَيْضًا أُرِيْدُ أَنْ اَشْتَرِيَ بَدْلَةً مِنَ السِّرْوَالِ وَالْقَمِيْصِ وَالصُّدْرَةِ وَجَزْمَةً فَاخِرَةً بِالْإِضَافَةِ إِلَى الْأَدْوَاتِ الْمَدْرَسِيَّةِ مِنَ الْكُتُبِ الْمَنْهَجِيَّةِ وَالْكَرَارِيْسِ وَ أَقْلَامِ الرَّصَاصِ وَالْحِبْرِ الْاَزْرَقِ وَالْأَحْمَرِ وَقَلَمِ الْحِبْرِ۔

عابد: اور میں بھی شلوار قمیص سوٹ اور شاندار جوتا خریدنا چاہوں گا اس کے علاوہ سکول کا سامان (جیسے) درسی کتابیں، کاپیاں، پنسلیں، نیلی سرخ روشنائی (انک) اور ایک انک پین بھی خریدوں گا۔

جَمِيْلَةُ: نَعَمْ قَدْ نَسِيْتُ أَنْ أَشْتَرِيَ كُرَّاسَةً كَبِيْرَةً لِلرَّسْمِ وَأُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَهَا الْآنَ۔

جمیلہ: ہاں میں ڈرائنگ / پینٹنگ کی بڑی کاپی خریدنا بھول گئی تھی میں اسے بھی ابھی خریدنا چاہتی ہوں۔

اَلْأَبُ: وَهُوَ كَذٰلِكَ هٰذِهِ أَشْيَاءُ بَسِيْطَةٌ وَأَنْتِ يَا فَاطِمَةُ؟ مَاذَا تُحِبِّيْنَ؟

والد: ایسا ہی ہوگا یہ سب معمولی چیزیں ہیں اور فاطمہ آپ کیا پسند کرو گی؟

اَلْأُمُّ: يَكْفِيْنِي أَفْرَاحُ أَوْلَادِيْ۔

والدہ: (فاطمہ): میرے لئے میری اولاد کی خوشیاں ہی کافی ہیں۔

اَلْأَبُ: لَا يَا فَاطِمَةُ! سَوْفَ نَشْتَرِيْ لَكِ بَدْلَةً مِنَ الْقُمَاشِ الْفَاخِرِ وَأَحْذِيَةً فَاخِرَةً اَيْضًا وَأَنَا سَأَشْتَرِيْ النَّفْسِيْ بَدْلَةً مِنَ السِّرْوَالِ الْقَمِيْصِ وَالصُّدْرَةِ بِالْإِضَافَةِ إِلَى الْجَزْمَةِ اللَّمَّاعَةِ وَيُمْكِنُ لَنَا أَنْ نَشْتَرِيَ الْحَوَائِجَ اللَّازِمَةَ لِلشَّهْرِ الْقَادِمِ مِنَ الدَّقِيْقِ وَالسَّمْنِ وَالزَّيْتِ وَ الصَّابُوْنِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ لِأَنَّ النُّقُوْدَ مُتَوَفِّرَةٌ۔

والد: نہیں فاطمہ ہم آپ کے لئے بھی ایک شاندار سوتی سوٹ اور جوتے خریدیں گے اور میں اپنے لئے بھی شلوار قمیص کا سوٹ اور واسکٹ خریدونگا ساتھ ایک سیاہ چمکدار جوتا بھی اور (ان سب کے ساتھ) ہمارے لئے ممکن ہے کہ ہم آئندہ ماہ کے لئے ضروری اشیاء آٹا، گھی، تیل اور صابن وغیرہ خریدلیں کیونکہ پیسے وافر ہیں۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ اَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

۱۔ لِمَاذَا اجْتَمَعَتِ الْأُسْرَةُ؟

خاندان کیوں جمع ہوا؟

۲۔ مَاذَا اَرَادَتْ جَمِيْلَةُ اَنْ تَشْتَرِيَ؟

جمیلہ نے کیا خریدنے کا ارادہ کیا؟

۳۔ مَاذَا اَرَادَ الْأَبُ اَنْ يَّشْتَرِيَ بِنَفْسِهٖ وَلِرَبَّةِ الْبَيْتِ؟

باپ نے اپنے اور اپنے گھر والوں کے لئے کیا خریدنے کا ارادہ کیا؟

جواب:

۱۔ اِجْتَمَعَتِ الْاُسْرَةُ لِاِشْتِرَاءِ أَفْرَاحِ الْعِيْدِ۔

۲۔ اَرَادَتْ جَمِيْلَةُ اَنْ تَشْتَرِيَ بَدْلَةً مِنْ سِرْوَالٍ وَّقَمِيْصٍ وَّخِمَارٍ بِلَوْنٍ اَحْمَرَ وَاَحْذِيَةً نِسْوِيَّةً عَصْرِيَّةً وَأَدْوَاتِ الزِّيْنَةِ الْفَاخِرَةِ

۳۔ بَدْلَةً وَاَحْذِيَةً لِرَبَّةِ الْبَيْتِ وَبَدْلَةً وَالصُّدْرَةَ وَجَزْمَةً لِنَفْسِهٖ۔

س2۔ شَكِّلِ مَايَأْتِيْ مِنَ الْجُمَلِ:

درج ذیل جملوں کواعراب لگائیں:

۱۔ اَلْإِقْتِصَادُ فِي النَّفَقَةِ مِنْ تَعَالِيْمِ الْإِسْلَامِ۔

۲۔ أُرِيْدُ اَنْ اَشْتَرِيَ بَدْلَةً مِّنَ السِّرْوَالِ وَالْقَمِيْصِ۔

۳۔ اَلْأُمُّ تَرْغَبُ فِيْ أَفْرَاحِ اَوْلَادِهَا۔

س3۔ اِسْتَخْرِجْ عَشَرَةَ اَسْمَاءٍ وَّاكْتُبْهَا بِجُمُوْعِهَا وَمُفْرَدَاتِهَا۔

10 اسم لیں اور انکے واحد اور جمع لکھیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
نَقْدٌ	نُقُوْدٌ	سُوْقٌ	اَسْوَاقٌ
قَلَمٌ	أَقْلَامٌ	عِيْدٌ	اَعْيَادٌ
حَاجَةٌ	حَوَائِجُ	فَرَحٌ	اَفْرَاحٌ
شَهْرٌ	شُهُوْرٌ	وَلَدٌ	اَوْلَادٌ
شَيْئٌ	اَشْيَاءٌ	بَيْتٌ	بُيُوْتٌ

4س خُذْ خَمْسَةً مِّنَ الْاَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ الْمَزِيْدِ فِيْهَا وَصَرِّفْهَا تَصْرِيْفًا كَامِلًا:

5 ماضی مزید فیہ کے افعال لیں اور انکی مکمل گردان لکھیں:

۱۔ اِجْتَمَعَ	عَلَّمَ	تَعَلَّمَ	وَفَّرَ	اِدَّخَرَ
۲۔ اِجْتَمَعَا	عَلَّمَا	تَعَلَّمَا	وَفَّرَا	اِدَّخَرَا
۳۔ اِجْتَمَعُوْا	عَلَّمُوْا	تَعَلَّمُوْا	وَفَّرُوْا	اِدَّخَرُوْا
٤۔ اِجْتَمَعَتْ	عَلَّمَتْ	تَعَلَّمَتْ	وَفَّرَتْ	اِدَّخَرَتْ
٥۔ اِجْتَمَعَتَا	عَلَّمَتَا	تَعَلَّمَتَا	وَفَّرَتَا	اِدَّخَرَتَا
٦۔ اِجْتَمَعْنَ	عَلَّمْنَ	تَعَلَّمْنَ	وَفَّرْنَ	اِدَّخَرْتَ
۷۔ اِجْتَمَعْتَ	عَلَّمْتَ	تَعَلَّمْتَ	وَفَّرْتَ	اِدَّخَرْتَ
۸۔ اِجْتَمَعْتُمَا	عَلَّمْتُمَا	تَعَلَّمْتُمَا	وَفَّرْتُمَا	اِدَّخَرْتُمَا

۹۔اِجْتَمَعْتُمْ	عَلَّمْتُمْ	تَعَلَّمْتُمْ	وَفَّرْتُمْ	اِدَّخَرْتُمْ
۱۰۔اِجْتَمَعْتِ	عَلَّمْتِ	تَعَلَّمْتِ	وَفَّرْتِ	اِدَّخَرْتِ
۱۱۔اِجْتَمَعْتُمَا	عَلَّمْتُمَا	تَعَلَّمْتُمَا	وَفَّرْتُمَا	اِدَّخَرْتُمَا
۱۲۔اِجْتَمَعْتُنَّ	عَلَّمْتُنَّ	لَعَلَّمْتُنَّ	وَفَّرْتُنَّ	اِدَّخَرْتُنَّ
۱۳۔اِجْتَمَعْتُ	عَلَّمْتُ	لَعَلَّمْتُ	وَفَّرْتُ	اِدَّخَرْتُ
۱٤۔اِجْتَمَعْنَا	عَلَّمْنَا	تَعَلَّمْنَا	وَفَّرْنَا	اِدَّخَرْنَا

س5۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّۃِ:

عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ عید خوشی کا موقع ہے۔

۲۔ جمیلہ نے میک اپ کا سامان خریدا

۳۔ کل سویرے بازار جائیں گے۔

۴۔ گرمی شدید ہوگئی ہے۔

۵۔ عابد نے شاندار بوٹ خریدے۔

جواب

۱۔ اَلْعِیْدُ مُنَاسَبَۃُ الْفَرَحِ۔

۲۔ اِشْتَرَتْ جَمِیْلَۃُ اَدَوَاتُ الزِّیْنَۃِ۔

۳۔ نَذْھَبُ مُبَکِّرِیْنَ غدًا اِلَی السُّوْقِ۔

٤۔ قَدِ اشْتَدَّتِ الْحَرَارَۃُ۔

۵۔ اِشْتَرٰی عَابِدُ جَزْمَۃً فَاخِرَۃً۔

OOOOOOOOOO

اَلدَّرسُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ: (اٹھائیسواں سبق)

مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الثَّقَفِيُّ

محمد بن قاسم الثقفی

رَائِدُ الْحُكْمِ الْإِسْلَامِيِّ فِيْ شِبْهِ الْقَارَّةِ

برصغیر میں اسلامی حکومت کا اولین علمبردار

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ رَائِدٌ	بانی۔اولین	٢۔ أهدٰى	بھیجا
٣۔ نِسْوَةٌ	عورتیں	٤۔ وُلِدْنَ	پیدا ہوئیں
٥۔ عَرَضَ	درپے ہوئے	٦۔ اَلسَّفِيْنَةُ	بحری جہاز
٧۔ قَرَاصِنَةٌ	قزاق (بحری ڈاکو)	٨۔ مَقْرَبَةٌ	قریب
٩۔ اَلْهَدَايَا	تحائف	١٠۔ نَادَتْ	پکارا
١١۔ رَفَضَ	انکار کیا	١٢۔ قَائِلًا	کہتے ہوئے
١٣۔ اِخْتَارَ	چنا	١٤۔ ضَمَّ	ملا دیا
١٥۔ اَلْخُيُوْطُ	دھاگے	١٦۔ اَلْإِبَرُ	سویاں
١٧۔ أَيَّامًا	چند دن	١٨۔ جَهَّزَ	تیار کیا
١٩۔ وَافَاهُ	پہنچا دیا	٢٠۔ اِتَّجَهَ	رخ کیا
٢١۔ بَنْبُوْرُ	بنبور	٢٢۔ اَلْجُنُوْدُ	لشکر
٢٣۔ اَلسِّلَاحُ	اسلحہ	٢٤۔ لِتَشْغِيْلِهِ	اس کے چلانے کیلئے
٢٥۔ اَلْمُدَرَّسَنَ	تربیت یافتہ	٢٦۔ رَمَوْا	انہوں نے پھینکے
٢٧۔ هَرَبَ	بھاگ گیا	٢٨۔ عَامِلُ	حاکم۔گورنر
٢٩۔ بَنٰى	تعمیر کی۔بنائی	٣٠۔ اَلْمِنْطَقَةُ	خطہ۔علاقہ

٣١۔ مُدُنٌ	شہر	٣٢۔ عَبَرَ	عبور کیا
٣٣۔ نَهَرٌ	دریا	٣٤۔ حَاسِمَةٌ	فیصلہ کن
٣٥۔ انْهَزَمَ	شکست کھائی	٣٦۔ جَيْشٌ	فوج
٣٧۔ نَحْوُ	طرف	٣٨۔ فَرْجٌ	دروازہ
٣٩۔ اَلْغَنَائِمُ	مال غنیمت	٤٠۔ اَنْفَقَهُ	اس نے خرچ کیا
٤١۔ حِيْنَ	جب	٤٢۔ رَآهَا	اسے دیکھا
٤٣۔ شَفَيْنَا غَيْظَنَا	ہم نے اپنا غصہ ٹھنڈا کر لیا	٤٤۔ اَدْرَكْنَا	ہم نے حاصل کرلیا
٤٥۔ ثَأْرَنَا	اپنا انتقام	٤٦۔ رَأْسٌ	سردار
٤٧۔ يَمْتَازُ	ممتاز ہونا۔نمایاں ہونا	٤٨۔ مَوَاهِبُ	خداداد صلاحیتیں
٤٩۔ اَلدَّقِيْقُ	باریک بین	٥٠۔ اِدَارِيَّةٌ	حکومتی
٥١۔ اِثَارَةٌ	جوش۔جذبہ	٥٢۔ بَوَاعِثُ	بیدار کرنا
٥٣۔ تَعَامُلٌ	معاملہ کرنا۔سلوک کرنا	٥٤۔ اِطْلَاقٌ	کھلی
٥٥۔ حُرِيَّةٌ	آزادی	٥٦۔ يُوَطِّدُوْنَ	انہوں نے بنیاد پختہ کی
٥٧۔ أَصْحَبَتْ	بن گیا	٥٨۔ سَاعَدَ	مدد کی

اردو ترجمہ:

إِنَّ مَلِكَ جَزِيْرَةِ الْيَاقُوْتِ (سری لانکا) كَانَ قَدْ أَهْدٰى إِلَى الْحَجَّاجِ أَمِيْرِ الْعِرَاقَيْنِ نِسْوَةً مُّسْلِمَاتٍ وُّلِدْنَ فِيْ بِلَادِهٖ وَمَاتَ آبَاؤُهُنَّ وَكَانُوْا تُجَّارًا فَعَرَضَ لِلسَّفِيْنَةِ الَّتِيْ كُنَّ فِيْهَا قَوْمٌ مِّنْ قَرَاصِنَةِ دَيْبَلَ (عَلٰى مَقْرَبَةِ كَرَاتِشِيْ) فَأَخَذُوا السَّفِيْنَةَ بِمَا فِيْهَا مِنَ النِّسْوَةِ وَالْيَتَامٰى وَالْهَدَايَا فَنَادَتِ امْرَأَةٌ وَّكَانَتْ مِنْ بَنِيْ يَرْبُوْعٍ: يَاحَجَّاجُ! " فَبَلَغَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ "يَالَبَّيْكِ" فَأَرْسَلَ إِلٰى دَاهِرٍ مَلِكِ السِّنْدِ يَسْأَلُه ' إِنْقَاذَ النِّسْوَةِ وَلٰكِنَّه ' رَفَضَ قَائِلًا بِأَنَّه ' لَايَقْدِرُ عَلَى الْقَرَاصِنَةِ الَّذِيْنَ

كَانُوا قَدْ اَخَذُوا السَّفِينَةَ۔

جزیرہ یاقوت (سری لنکا) کے بادشاہ نے عراق اور شام کے گورنر حجاج کو مسلمان عورتوں کو بھیجیں جو اس کے ملک (سری لنکا) میں پیدا ہوئیں تھیں اور ان کے باپ دادا فوت ہو گئے اور وہ تاجر تھے۔ پس کراچی کے قریب قزاقوں (بحری ڈاکوؤں) کا ایک گروہ اس جہاز کے درپے ہوا۔ پس انہوں نے جہاز کو اور اسمیں موجود عورتوں، یتیموں اور تحائف کو پکڑ لیا پس بنی یربوع کی ایک عورت نے پکارا اے حجاج! یہ آواز اس (حجاج) تک پہنچی تو اس نے کہا میں حاضر ہوں۔ اس نے سندھ کے حکمران (راجہ) داھر کو ان عورتوں کو چھڑوانے کا سوال کیا لیکن اس نے یہ کہتے ہوئے انکار کر دیا کہ وہ ان قزاقوں (بحری ڈاکوؤں) پر قدرت نہیں رکھتا جنہوں نے جہاز پکڑا ہے۔

فَاَرْسَلَ الْحَجَّاجُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ نِبْهَانَ ثُمَّ بُدَيْلَ بْنَ طَهْفَةَ لِإِنْقَاذِهِنَّ فَقُتِلَا فَاخْتَارَ مُحَمَّدَ بْنَ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ لِّمُهِمَّةِ السِّنْدِ وَضَمَّ إِلَيْهِ سِتَّةَ آلَافٍ مِّنْ جُنُوْدِ الشَّامِ وَجَهَّزَهُ بِكُلِّ مَا احْتَاجَ إِلَيْهِ حَتَّى الْخُيُوْطِ وَالْإِبَرِ وَالْمَالِ وَالْغِذَاءِ وَأَقَامَ مُحَمَّدٌ بِمَدِيْنَةِ شِرَازَ أَيَّامًا حَتّٰى وَافَاهُ الْحَجَّاجُ

حجاج نے عورتوں کو چھڑوانے کے لئے عبداللہ بن نبھان پھر (بعد میں) بدیل بن طہفہ کو بھیجا پس وہ دونوں قتل کر دیئے گئے تو اس نے محمد بن قاسم بن محمد کو سندھ کی مہم کے لئے چنا اس کے ساتھ شام کی 6000 فوج لگا دی اور اس کے لئے ضرورت کی ہر چیز یہاں تک کہ دھاگے سویاں، مال اور غذا بھی تیار کر دی۔

بِمَا أَعَدَّلَهُ ثُمَّ اتَّجَهَ مُحَمَّدٌ إِلٰى مَكْرَانَ وَمِنْ هُنَالِكَ إِلٰى بَنْبُوْرَ فَفَتَحَهَا ثُمَّ وَصَلَ إِلٰى دَيْبَلَ حَيْثُ وَافَتْهُ السُّفُنُ الَّتِيْ كَانَتْ تَحْمِلُ الْجُنُوْدَ وَالسِّلَاحَ بِمَا فِيْهِ "الْعَرُوْسُ" الْمَنْجَنِيْقُ الْمَعْرُوْفُ الَّذِيْ كَانَ يَعْمَلُ لِتَشْغِيْلِهٖ خَمْسُمِائَةٍ مِّنَ الْجُنُوْدِ الْمُدَرَّبِيْنَ عَلٰى اسْتِخْدَامِهٖ فَنَصَبُوْهُ وَرَمَوْا بِهِ الْقَذَائِفَ حَتّٰى فُتِحَتِ الْمَدِيْنَةُ وَهَرَبَ عَامِلُهَا وَبَنٰى بِهَا مُحَمَّدٌ مَّسْجِدًا كَانَ أَوَّلَ مَسْجِدٍ فِي الْمِنْطَقَةِ۔

محمد بن قاسم نے شیراز شہر میں چند دن قیام کیا یہاں تک کہ حجاج نے اس کے لئے تیار کیا ہوا سامان پہنچا دیا پھر محمد (بن قاسم) مکران کی طرف متوجہ ہوا اور وہاں سے بنبور کی طرف چلا۔ پس اس نے اسے فتح کر لیا پھر وہ دیبل پہنچا جہاں فوج اور اسلحہ لئے ہوئے بحری جہاز اس سے آن ملے

جن میں عروس نامی مشہور ومعروف منجنیق بھی تھی جس کو چلانے کے لئے پانچ سو تربیت یافتہ فوجی کام کرتے تھے۔ پس انہوں نے اس (منجنیق) کو نصب کیا اور اس سے گولے پھینکے یہاں تک کہ شہر (دیبل) فتح ہو گیا اور اس کا حاکم (گورنر) بھاگ گیا۔ محمد (بن قاسم) نے وہاں دیبل میں مسجد بنائی جو کہ اس خطہ کی پہلی مسجد تھی۔

ثُمَّ أَخَذَ مُحَمَّدٌ يَفْتَحُ مَدِينَةً بَعْدَ أُخْرىٰ مِنْ مُدُنِ السِّنْدِ حَتّٰى عَبَرَ نَهْرَ مِهْرَانَ حَيْثُ قَامَتْ مَعْرِكَةٌ حَاسِمَةٌ بَيْنَه وَبَيْنَ دَاهِرِ الَّذِىْ قُتِلَ فَانْهَزَمَ جَيْشُه وَبِقَتْلِهٖ تَمَّ انْتِصَارُ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ عَلَى السِّنْدِ وَاتَّجَهَ نَحْوَ مُلْتَانَ الَّتِىْ سُمِّيَتْ فَرْجَ بَيْتِ الذَّهَبِ فَحَاصَرَهَا حَتّٰى سَقَطَتْ وَإِسْتَسْلَمَ أَهْلُهَا وَحَصَلَ مُحَمَّدٌ عَلَى الْغَنَائِمِ الْكَثِيْرَةِ مِنْ فَرْجِ بَيْتِ الذَّهَبِ وَالَّتِىْ كَانَتْ ضَعْفَ مَا أَنْفَقَهُ الْحَجَّاجُ عَلٰى مُهِمَّةِ السِّنْدِ فَبَعَثَ مُحَمَّدٌ الْغَنَائِمَ إِلَى الْحَجَّاجِ الَّذِىْ قَالَ حِيْنَ رَآهَا: شَفَيْنَا غَيْظَنَا وَأَدْرَكْنَا ثَأْرَنَا وَازْدَدْنَا سِتِّيْنَ اَلْفَ اَلْفِ دِرْهَمٍ وَرَأْسَ دَاهِرٍ۔

پھر محمد (بن قاسم) یکے بعد دیگرے سندھ کے شہر فتح کرنے لگا یہاں تک کہ اس نے دریائے سندھ عبور کرلیا جہاں اس کے اور (راجہ) داھر کے درمیان فیصلہ کن جنگ ہوئی (جس میں راجہ) داہر قتل ہو گیا تو اس کا لشکر شکست کھا گیا اور اس کے قتل کے ساتھ ہی محمد (بن قاسم) کی فتح سندھ مکمل ہو گئی۔ پھر اس نے ملتان جسے سونے کے گھر کا دروازہ کا نام دیا گیا تھا کا رخ کیا۔ اس نے اس کا محاصرہ کیا یہاں تک کہ وہ فتح ہو گیا اور اس کے باشندوں نے ہتھیار ڈال دیئے اور محمد (بن قاسم) کو سونے کے گھر کے دروازے (ملتان) سے بہت مال غنیمت ملا جو کہ (مقدار میں) حجاج کے سندھ کی مہم پر خرچ شدہ رقم سے زیادہ تھا۔ محمد (بن قاسم) نے مال غنیمت حجاج کی طرف بھیجا جب اس نے ان (مال غنیمت) کو دیکھا تو کہا: ''ہم نے اپنا غصہ ٹھنڈا کیا اور ہم نے اپنا انتقام لے لیا۔'' ایک کروڑ درہم اور داہر کا سر ہم نے زیادہ پالیا۔

وَيَمْتَازُ ابْنُ الْقَاسِمِ فِىْ مَوَاهِبِهِ الْقِيَادِيَةِ بِإِهْتِمَامِهِ الدَّقِيْقِ بِالنُّظُمِ الْإِدَارِيَّةِ لِلْمَنَاطِقِ الْمَفْتُوْحَةِ وَإِثَارَةِ بَوَاعِثِ الْإِيْمَانِ الرَّاسِخِ فِىْ نُفُوْسِ جُنُوْدِهٖ بِالْإِضَافَةِ إِلٰى سِيَاسَتِهِ الْحَكِيْمَةِ فِى الْبِلَادِ

الْمَفْتُوحَةِ وَتَعَامُلِهِ السَّخِي الْكَرِيمِ مَعَ أَهْلِهَا وَإِطْلَاقِ حُرِّيَّةِ الْعِبَادَةِ لَهُمْ مِمَّا جَعَلَهُمْ يُعْلِنُونَ وَلَاءَهُمْ لِإِبْنِ الْقَاسِمِ وَيُوَطِّدُونَ مَرْكَزَ الْإِسْلَامِ فِي هٰذِهِ الْمَنَاطِقِ حَتّٰى أَصْبَحَتْ بِلَادُ الْأَغْلَبِيَّةِ الْمُسْلِمَةِ وَ ذٰلِكَ مِمَّا سَاعَدَ فِي إِنْشَاءِ جُمْهُورِيَّةِ بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةِ

محمد (بن قاسم) مفتوحہ علاقوں میں انتظامی امور کا اعلیٰ انتظام کرنے میں اور اپنی فوج کے دلوں میں پختہ ایمانی جذبہ ابھارنے میں اور اپنی قائدانہ صلاحیتوں میں ممتاز تھا۔ مزید اس نے مفتوحہ علاقوں میں دانشمندانہ سیاست سے کام لیا۔ وہاں کے باشندوں کے ساتھ ایک فراخدل سردار کا سا سلوک کیا اور ان کو انکی عبادت میں کھلی آزادی دی جسکی وجہ سے انہوں نے محمد بن قاسم کے لئے اپنی حمایت کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے اس علاقہ میں اسلامی مرکز کی بنیاد کو پختہ کر دیا۔ یہاں تک کہ یہ مسلم اکثریتی علاقہ بن گیا اور اس سے اسلامی جمہوریہ پاکستان کو بنیاد قائم کرنے میں بڑی مدد ملی۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَاهِيَ الْمَنَاطِقُ الَّتِي فَتَحَهَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ؟

وہ کونسے علاقے ہیں جن کو محمد بن قاسم نے فتح کیا۔

۲۔ مَاذَا أَدْرَكَ الْحَجَّاجُ؟

حجاج نے کیا پایا؟

۳۔ بِمَاذَا يَمْتَازُ ابْنُ الْقَاسِمِ فِي مَوَاهِبِهِ الْقِيَادِيَّةِ؟

محمد بن قاسم اپنی قائدانہ صلاحیتوں میں کیوں ممتاز تھا؟

جواب:

۱۔ فَتَحَ مَنَاطِقَ السِّنْدِ وَمُلْتَانَ

۲۔ اَدْرَكَ ثَارَهٗ وَ سِتِّيْنَ اَلْفَ اَلْفِ دِرْهَمٍ وَرَأْسَ دَاهِرٍ

۳۔ بِإِهْتِمَامِ الدَّقِيْقِ بِالنُّظُمِ الْإِدَارِيَّةِ لِلْمَنَاطِقِ الْمَفْتُوحَةِ۔

س2۔ اِسْتَخْرِجْ عَشَرَةَ اَسْمَاءٍ مُفْرَدَةٍ وَحَوِّلْهَا اِلٰى جُمُوعِهَا۔

10 اسم مفرد لیں اور ان کو جمع میں بدلیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
نَهَرٌ	اَنْهَارٌ	دِرْهَمٌ	دَرَاهِمُ
مَرْكَزٌ	مَرَاكِزُ	مَالٌ	اَمْوَالٌ
مَسْجِدٌ	مَسَاجِدُ	مِنطَقَةٌ	مَنَاطِقُ
كَرِيْمٌ	كِرَامٌ	مَدِيْنَةٌ	مُدُنٌ
مُسْلِمَةٌ	مُسْلِمَاتٌ	بَيْتٌ	بُيُوْتٌ

س3 خُذْ خَمْسَةً مِنَ الْمُرَكَّبَاتِ التَّوْصِيفِيَّةِ مِنَ الدَّرْسِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ۔

سبق 5 مرکبات توصیفی کی تراکیب لیں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

مرکبات توصیفی	جملے
۱۔ نِسْوَةٌ مُّسْلِمَاتٌ	صَلَّتْ نِسْوَةٌ مُّسْلِمَاتٌ مسلمان عورتوں نے نماز پڑھی۔
۲۔ اَلْغَنَائِمُ الْكَثِيْرَةُ	حَصَلَ مُحَمَّدٌ عَلَى الْغَنَائِمِ الْكَثِيْرَةِ۔ محمد نے بہت سا مال غنیمت حاصل کی۔
۳۔ مَعْرَكَةٌ حَاسِمَةٌ	هٰذِهِ مَعْرَكَةٌ حَاسِمَةٌ یہ خونریز معرکہ ہے۔
٤۔ اَلْجُنُوْدُ الْمُدَرَّبُوْنَ	اِنْتَصَرَ الْجُنُوْدُ الْمُدَرَّبُوْنَ تربیت یافتہ لشکروں نے فتح پائی۔
٥۔ اَلْحُكْمُ الْإِسْلَامِيُّ	مُحَمَّدُ بْنُ قَاسِمٍ هُوَ رَائِدُ الْحُكْمِ الْإِسْلَامِيِّ۔ محمد بن قاسم اسلامی حکومت کا علمبردار تھا۔

س4 اِمْلَاءِ الْفَرَاغِ بِكَلِمَةٍ مُّنَاسِبَةٍ۔

مناسب الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ اَهْدَى مَلِكُ جَزِيْرَةِ الْيَاقُوْتِ نِسْوَةً مُّسْلِمَاتٍ اِلَى <u>الْحَجَّاجِ</u>

۲۔ نَصَبُوا الْمَنْجَنِيق وَرَمَوْابِهٖ حَتّٰى فُتِحَتْ اَلْمَدِيْنَةُ۔

۳۔ كَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَدْ فَتَحَ بِلَادَ السِّنْدِ وَمُلْتَان

س5۔ خُذْ خَمْسَةً مِنَ الْأَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ وَحوِّلْهَا اِلَى الْاَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ

5 افعال ماضیہ لیں اور انھیں افعال مضارع میں تبدیل کریں۔

ماضی	مضارع
اَهْدِیْ	يَهْدِیْ
عَرَضَ	يَعْرِضُ
مَاتَ	يَمُوْتُ
أَقَامَ	يُقِيْمُ
اَرْسَلَ	يُرْسِلُ

س6۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

ا۔ سندھ کو باب الاسلام کہا جاتا ہے۔

۲۔ بحری ڈاکوؤں نے کشتی پکڑلی۔

۳۔ عرب عورت نے حجاج کو پکارا۔

۴۔ اسلامی لشکر نے دیبل کا محاصرہ کرلیا۔

۵۔ سندھ کا راجہ داہر قتل ہوگیا۔

جواب:

۱۔ يُقَالُ السِّنْدُ بَابُ الْإِسْلَامِ۔

۲۔ اَخَذَ الْقَرَاصِنَةُ السَّفِيْنَةَ۔

۳۔ نَادَتِ الْإِمْرَأةُ الْعَرَبِيَّةُ حَجَّاجًا۔

٤۔ حَاصَرَ الْجَيْشُ الْإِسْلَامِيُّ دَيْبَلَ۔

۵۔ قُتِلَ دَاهِرُ مَلِكَ السِّنْدِ۔

......☆......

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ وَ الْعِشْرُوْنَ: (انتیسواں سبق)

(خط نمبر ۳)

خِطَابٌ تِجَارِيٌّ وَالرَّدُّ عَلَيْهِ

کاروباری خط اوراس کا جواب

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ خِطَابٌ	خط	٢۔ تِجَارِيٌّ	کاروباری۔کمرشل
٣۔ اَلرَّدُّ	جواب	٤۔ مُؤَسَّسَةٌ	کمپنی
٥۔ وَاَوْلَادِهٖ	اینڈ سنز	٦۔ اَلْمُدِيْرُ الْعَامُ	ڈائریکٹر جنرل
٧۔ اِخْبَارٌ	خبر دینا۔آگاہ کرنا	٨۔ عُنْوَانٌ	ایڈریس
٩۔ اِسْتِيْرَادٌ	درآمد کرنا	١٠۔ اَلْبَضَائِعُ	مال۔سامان
١١۔ مَحَلٌّ تِجَارِيٌّ	تجارتی مرکز	١٢۔ كَانَ يَتَعَامَلُ	معاملہ طے کرتا تھا
١٣۔ اَلسَّجَاجِيْدُ	قالین	١٤۔ نَالَتْ	حاصل کیا۔پایا
١٥۔ اِعْجَابُ الْجَمَاهِيْرِ	لوگوں میں مقبولیت	١٦۔ اِسْتِحْسَانِهِمْ	ان کی داد تحسین
١٧۔ نَاحِيَةٌ	پہلو۔جانب	١٨۔ اَلْمُسْتَوٰى	کوالٹی۔معیار
١٩۔ اَلْأَسْعَارُ	قیمتیں	٢٠۔ شَجَّعَنِیْ	مجھے ابھارا
٢١۔ اَلْمَجَالُ	میدان	٢٢۔ اَرْجُوْا	میں امید کرتا ہوں
٢٣۔ عَيِّنَاتٌ	نمونے	٢٤۔ اَنْوَاعٌ	اقسام
٢٥۔ اَلْإِخْتِبَارُ	آزمائش	٢٦۔ نَرْغَبُ	ہم چاہتے ہیں

۲۷۔ کَمِیَّۃٌ	مقدار	۲۸۔ سُوْقٌ	بازار۔منڈی
۲۹۔ شِرْکَۃٌ	کمپنی	۳۰۔ تلَقَّیْتُ	میں نے پایا
۳۱۔ مَشَاعِرُ	احساسات۔تاثرات	۳۲۔ اَلنَّبِیْلَۃُ	شریفانہ۔عمدہ
۳۳۔ نَحْوَ	طرف	۳٤۔ تُنْتِجُھَا	ان کو بنایا ہے
۳۵۔ مَصَانِعُ	فیکٹریاں	۳٦۔ یَرُوْقُ	خوشگوار
۳۷۔ تَسْعِیْرَۃٌ	ریٹ لسٹ	۳۸۔ اَلْفَاتُوْرَۃُ	بل

اردو ترجمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماجد اینڈ سنز کمپنی

۱۴۔ پارلیمنٹ روڈ، کویت

جناب ڈائریکٹر جنرل حامد اینڈ کمپنی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محترم!

میں جناب کو کویت میں اپنی کمپنی جس کا ایڈریس اوپر دیا گیا ہے، کے بارے میں بتانے کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔ یہ سامان تجارت امپورٹ ایکسپورٹ کرنے والی تجارتی کمپنی ہے۔ اس (کمپنی) کے ڈائریکٹر جنرل نے جدہ کے ایک بڑے تجارتی ادارے میں دس سال تک خدمات سر انجام دی ہیں اور انہوں نے آپ کے بنائے ہوئے قالینوں کی امپورٹ کرنے میں آپ سے معاملہ (لین دین) کیا ہے۔ آپ کی مصنوعات اپنے اعلیٰ معیار اور مناسب قیمتوں کی وجہ سے عوام میں مقبولیت حاصل کر چکی ہیں۔ اسی بات نے میری آپ کو خط لکھنے اور تجارتی میدان میں آپ کے ساتھ تعاون کرنے میں حوصلہ افزائی کی ہے۔

ازراہ کرم آزمائشی طور پر مختلف اقسام کے قالینوں کے نمونے ارسال فرمائیں۔ اس بات کا خیال رکھتے ہوئے کہ ہم ہر سال بھاری مقدار میں قالین امپورٹ کرنا چاہتے ہیں۔

اور آپ ان شاء اللہ کویت میں ایک نفع بخش مارکیٹ پائیں گے۔

ہمارا پُرخلوص سلام قبول فرمائیں

آپ کا مخلص

کمپنی مینیجر

کویت 21-4-2005

خط کا جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامد کارپٹ کمپنی

۱۵۔شارع قائداعظم لاہور

محترم جناب ڈائریکٹر جنرل ماجد اینڈ سنز کمپنی

خلوص بھرا سلام

محترم!

مجھے آپ کا مورخہ ۲۰۰۴-۴-۲۱ کا لکھا ہوا خط ملا۔ ہم اپنی کمپنی کے متعلق آپ کے اچھے تاثرات پر آپ کے شکر گزار ہیں۔ دو یوم قبل ہم نے آپ کو اپنی کمپنی کے کارخانوں میں تیار ہونے والے قالینوں کے بعض نمونے بھیجے ہیں۔ (اور آپ کے لئے ممکن ہے کہ آپ اپنے عمدہ ذوق کے مطابق ان میں سے منتخب کر سکتے ہیں۔ اور ان نمونوں کے ساتھ ہی آپ کو مصنوعات کی ریٹ لسٹ بل اور دوسرے ضروری کاغذات مل جائیں گے۔

اور آخر میں آپ کے لیے زیادہ سلام اور احترام

آپ کا مخلص

ڈائریکٹر جنرل

لاہور 15-5-2004

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ اِحْفَظِ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةَ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ

درج ذیل کلمات کو یاد کریں اور ان کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

مُؤَسَّسَةٌ ، شِرْكَةٌ ، عُنْوَانٌ ، بِضَاعَةٌ ، إِسْتِيْرَادٌ ،
إِعْجَابٌ ، تَشْجِيْعٌ ، تَصْدِيْرٌ

۱۔ مُؤَسَّسَةٌ	هٰذِهٖ مُؤَسَّسَةٌ تِجَارِيَّةٌ۔ یہ ایک تجارتی کمپنی ہے۔
۲۔ شِرْكَةٌ	اِشْتَرَيْتُمْ السَّجَاجِيْدَ مِنْ شِرْكَةِ حَامِدٍ تم نے حامد کارپٹ کمپنی سے قالین خریدے۔

٣۔ عُنْوَانٌ	إِخْبِرْنِیْ عَنْ عُنْوَانِ بَيْتِكَ مجھے اپنے گھر کا پتا بتائیں۔
٤۔ بِضَاعَةٌ	هٰذِهٖ بِضَاعَةٌ تِجَارِيَّةٌ یہ تجارتی سامان ہے۔
٥۔ اِسْتِيْرَادٌ	هٰذِهٖ الْمُؤَسَّسَةُ قَائِمَةٌ لِلْإِسْتِيْرَادِ یہ سامان درآمد کرنے والی کمپنی ہے۔
٦۔ اِعْجَابٌ	نَالَتْ، مَصْنُوْعَاتُكُمْ اِعْجَابِیْ آپکی مصنوعات نے میری پسندیدگی پالی ہے۔
٧۔ تَشْجِيْعٌ	صِرْتُ نَاجِحًا بِتَشْجِيْعِكَ آپکی حوصلہ افزائی سے میں کامیاب ہوگیا۔
٨۔ تَصْدِيْرٌ	هٰذِهٖ بِضَاعَةٌ لِتَصْدِيْرٍ۔ یہ سامان برآمد کرنے کے لئے ہے۔

س2۔ هَاتِ الْمُضَارِعَ لِمَايَأْتِیْ مِنَ الْاَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ:

درج ذیل افعال ماضیہ کو مضارع میں بدلیں:

ماضی: تَشَرَّفَ ، أَخْبَرَ ، صَدَّرَ ، تَعَامَلَ ، اِسْتَوْرَدَ ، نَالَ ، أَعْجَبَ ، اِمْتَازَ ، رَجَا ، أَرْسَلَ

مضارع: يَتَشَرَّفُ ، يُخْبِرُ ، يُصَدِّرُ ، يَتَعَامَلُ ، يَسْتَوْرِدُ ، يَنَالُ ، يُعْجِبُ ، يَمْتَازُ ، يَرْجُوْا ، يُرْسِلُ

س3۔ صَرِّفِ الْاَفْعَالَ التَّالِيَةُ تُصْرِيْفَ الْاَمْرِ وَالنَّهْيِ۔

درج ذیل افعال کی امر اور نہی کی گردان کریں۔

يُصَدِّرُ	يَتَعَامَلُ	يَنَالُ
امر: صَدِّرْ ، صَدِّرَا ، صَدِّرُوْا، صَدِّرِیْ ، صَدِّرَا ، صَدِّرْنَ	امر: تَعَامَلْ ، تَعَامَلَا ، تَعَامَلُوْا ، تَعَامَلِیْ تَعَامَلْنَ	امر: نِلْ ، نَالَا ، نَالُوْا نَالِیْ ، نَالَا ، نِلْنَ

نہی: لَاتُصَدِّر ، لَاتُصَدِّرَا لَاتُــصَــدِّرُوْا ، لَاتُصَدِّرِیْ لَاتُصَدِّرَا ۔ لَاتُصَدِّرْنَ	نہی: لَاتَتَعَامَلْ ، لَاتَتَعَامَلَا لَاتَتَـعَـامَـلُـوْا ، لَاتَتَعَامَلِیْ لَاتَتَعَامَلَا ، لَاتَتَعَامَلْنَ	نہی: لَاتَتَنَلْ ، لَاتَنَالَا ، لَاتَنَالُوْا ، لَاتَنَالِیْ ، لَاتَنَالَا ، لَاتَنَلْنَ

س4۔ خُذْ خَمْسَةً مِنَ التَّرَاكِيْبِ التَّوْصِيْفِيَّةِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِیْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ۔

5مرکبات توصیفی لیں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

١۔ مُؤَسَّسَةٌ عَرَبِيَّةٌ	اَلْمُؤَسَّسَةُ الْعَرَبِيَّةُ عُنْوَانُهَا مَذْكُوْرٌ أَعْلَاهُ عربی کمپنی کا پتہ اوپر مذکور ہے۔
٢۔ كَمِيَّةٌ كَبِيْرَةٌ	نَحْنُ نَرْغَبُ فِیْ اِسْتِيْرَادِ كَمِيَّةٍ كَبِيْرَةٍ ہم بڑی مقدار میں درآمد کرنا چاہتے ہیں۔
٣۔ اَلْمَجَالُ التِّجَارِیُّ	تَعَاوَنُوْا الْمُسْلِمِيْنَ فِیْ الْمَجَالِ التِّجَارِیِّ تجارتی میدان میں مسلمانوں سے تعاون کرو۔
٤۔ سُوْقًا نَافِعًا	لَكَ سُوْقٌ نَافِعٌ هُنَا۔ آپکے لئے وہاں نفع بخش مارکیٹ ہے۔
٥۔ اَلْمُدِيْرُ الْعَامِ	اَنَا مُدِيْرٌ عَامٌ فِی الْمُؤَسَّسَةِ۔ میں کمپنی میں جنرل ڈائریکٹر ہوں۔

س5۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگاؤ۔

١۔ هٰذِهٖ مُؤَسَّسَةٌ تِجَارِيَّةٌ وَعُنْوَانُهَا مَذْكُوْرٌ أَعْلَاهُ۔

٢۔ نَحْنُ نُصَدِّرُ السَّجَاجِيْدَ اِلَی الشَّرْقِ الْأَوْسَطِ۔

٣۔ هٰذِهِ الْمَصْنُوْعَاتُ قَدْ نَالَتْ إِعْجَابَ النَّاسِ۔

س6۔ أَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ۔

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ مَاذَا تَسْتَوْرِدُ الشَّرِكَةُ الْكُوَيْتِيَّةُ؟

کویتی کمپنی کیا درآمد کرتی ہے؟

۲۔ مَاذَا تُصَدِّرُ الشَّرِكَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ؟

پاکستان کمپنی کیا برآمد کرتی ہے۔

۳۔ مَنْ اَرْسَلَ عَيِنَاتِ السَّجَاجِيْدِ؟

کس نے قالینوں کے نمونے بھیجے؟

جواب:

۱۔ تَسْتَوْرِدُ الشَّرِكَةُ الْكُوَيْتِيَّةُ السَّجَاجِيْدَ۔

۲۔ تُصَدِّرُ االشَّرِكَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ السَّجَاجِيْدَ۔

۳۔ اَلشَّرِكَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ اَرْسَلَ عَيِنَاتِ السَّجَاجِيْدِ۔

س8۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ ہم تجارتی مال درآمد برآمد کرتے ہیں۔

۲۔ ہماری کمپنی کا نام اوپر لکھا ہوا ہے۔

۳۔ ہماری مصنوعات کو عوام نے پسند کیا ہے۔

۴۔ اس بات سے میری حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔

۵۔ ہم بھاری مقدار درآمد کرنا چاہتے ہیں۔

جواب:

۱۔ نَحْنُ نُصَدِّرُ وَنَسْتَوْرِدُ البِضَائِعَ التِّجَارِيَّةَ۔

۲۔ اِسْمُ شَرِكَتِنَا مَذْكُوْرٌ أَعْلَاهُ،

۳۔ أَعْجَبَتِ الْجَمَاهِيْرَ مَصْنُوْعَاتُنَا۔

٤۔ ذٰلِكَ قَدْ شَجَّعَنِيْ۔

۵۔ نَرْغَبُ فِيْ إِسْتِيْرَادِ كَمِيَّةٍ كَبِيْرَةٍ۔

......☆......

اَلدَّرسُ الثَّلَاثُوْنَ: (تیسواں سبق)

ہماراوطن (۴)

لِمَاذَا أُنْشِئَتْ بَاكِسْتَانُ؟

پاکستان کیوں بنا؟

لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ شِبْهَ الْقَارَّةِ	برصغیر	٢۔ يَدُسُّوْنَ	وہ تدبیریں کرتے ہیں
٣۔ عَهْدٌ	زمانہ	٤۔ سَيْطَرَةٌ	تسلط
٥۔ اَلْجَيْشُ	لشکر	٦۔ اَلْبِلَادُ	ملک
٧۔ تَحْتَ قَيَادَةِ	زیر قیادت	٨۔ اِحْتِلَالٌ	قبضہ
٩۔ نِهَايَةٌ	آخر۔اختتام	١٠۔ يَتَآمَرُوْنَ	وہ سازشیں کرتے ہیں
١١۔ اَلْقَرْنُ	صدی	١٢۔ ضِدٌّ	خلاف
١٣۔ ظَلَّ	مسلسل رہے ہیں	١٤۔ اَلْقَضَاءُ	قبضہ کرنا
١٥۔ اَلْفُ	ہزار	١٦۔ حَقَّقَ	پورا ہو گیا
١٧۔ ثَوْرَةٌ	انقلاب	١٨۔ أَخْمَدَ	ٹھنڈا کیا
١٩۔ حُكْمٌ	حکومت	٢٠۔ اَلثَّوْرَةُ	انقلاب
٢١۔ الإِنْجِلِيْزُ	انگریز	٢٢۔ اَلْهَنَادِكَةُ	ہندو
٢٣۔ أَخَذُوْا	انھوں نے شروع کر دیا	٢٤۔ تَعَامَلَ	معاملہ کیا
٢٥۔ يُمَهِّدُوْنَ	وہ ہموار کرتے ہیں	٢٦۔ أَطْلَقَ	رکھا۔چھوڑا
٢٧۔ اَلطَّرِيْقُ	راستہ۔راہ (جمع)	٢٨۔ أَحْرَارًا	آزاد

۲۹۔ مَنَاصِبُ	عہدے	۳۰۔ قَادَ	قیادت کی
۳۱۔ اَلسَّاحِقَةُ	اکثریت	۳۲۔ شَارَكَ	شرکت کی
۳۳۔ اَحْتَلَّ	اس نے قبضہ کیا	۳٤۔ وَلَمْ يَمْضِ	زیادہ نہ گزرا (وقت)
۳۵۔ وِلَاءٌ	حمایت	۳٦۔ حَاجَةٌ	ضرورت
۳۷۔ وَفَاءٌ	وفاداری	۳۸۔ حَظٌّ	حصہ
۳۹۔ تَأَكَّدُوْا	انھیں یقین دلایا گیا	٤٠۔ تَنَبَّهَ	اسے آگاہی ہوئی
٤١۔ سَيُغَادِرُوْنَ	عنقریب چھوڑ جائیں گے	٤٢۔ طَالَبَ	اس نے مطالبہ کیا
٤٣۔ سَوْفَ	عنقریب، جلد	٤٤۔ ضَمَانَاتُ	ضمانتیں
٤٥۔ يَسْتَعْبِدُوْنَ	وہ انتقام لیں گے	٤٦۔ يُوْقِظُ	جگاتا ہے
٤٧۔ بَدَأَتْ	شروع ہوئی	٤٨۔ لِتَنْهَضَ	تاکہ اٹھیں
٤٩۔ اَلْحَرَكَاتُ التَّحَرُّرِيَّةُ	آزادی کی تحریکیں	٥٠۔ تُدَافِعُ	دفاع کریں
٥١۔ حِيَاصُ	حصہ	٥٢۔ رَأْئ	رائے
٥٣۔ نَجِسٌ	ناپاک	٥٤۔ يَجِبُ	لازم ہے
٥٥۔ تَهْنِيْدُ	ہندو بنانا	٥٦۔ لِيَعِيْشُوْا	تاکہ زندگی گزاریں
٥٧۔ إِقْتَرَحَ	اس نے تجویز پیش کی	٥٨۔ مُسْتَقِلَّةٌ	آزاد
٥٩۔ اَلْمَنْبُوْذِيْنَ	مردود	٦٠۔ اِقْتَرَحَ	اس نے تجویز پیش کی
٦١۔ سَمَّا	نام رکھا	٦٢۔ اَلرَّشِيْدَةُ	مخلصانہ
٦٣۔ اَلْفِكْرَةُ	سوچ	٦٤۔ أَحَبُّوْا	وہ پسند کرنے لگے
٦٥۔ اَلتَسْمِيَةُ	نام	٦٦۔ اِجْتِمَاعَ	جلسہ
٦٧۔ اَلرَّابِطَةُ	جماعت، لیگ	٦٨۔ عُقِدَ	منعقد کیا ہے
٦٩۔ جِوَارُ	پڑوس	٧٠۔ أُنْشِئَتْ	قائم ہوا

اردو ترجمہ

دَخَلَ الْإِسْلَامُ شِبْهَ الْقَارَّةِ فِيْ عَهْدِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ ثُمَّ دَخَلَ الْجَيْشُ الْإِسْلَامِيُّ الْمُجَاهِدُ الْفَاتِحُ تَحْتَ قِيَادَةِ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ فِيْ نِهَايَةِ الْقَرْنِ الْهِجْرِيِ الْأَوَّلِ وَمُنْذُ ذٰلِكَ الْوَقْتِ ظَلَّ الْمُسْلِمُوْنَ يَحْكُمُوْنَ الْهِنْدَ بَعْضَهَا حِيْنًا وَكُلَّهَا حِيْنًا آخَرَ إِلٰى أَكْثَرِ مِنْ أَلْفِ عَامٍ حَتّٰى تَمَكَّنَ الْإِسْتِعْمَارُ الْبَرِيْطَانِيُّ مِنَ الْقَضَاءِ عَلَى الْحُكْمِ الْإِسْلَامِيِّ بَعْدَ ثَوْرَةِ عَامِ ۱۸۵۷م الَّتِيْ كَانَتْ قَدْ قَامَتْ ضِدَّ حُكْمِ الْإِنْجِلِيْزِ الَّذِيْنَ كَانُوْا قَدْ دَخَلُوْا شِبْهَ الْقَارَّةِ تُجَّارًا ثُمَّ أَخَذُوْا يُمَهِّدُوْنَ الطَّرِيْقَ لِحُكْمِهِمْ وَيَدُسُّوْنَ لِسَيْطَرَتِهِمْ عَلَى الْبِلَادِ واحْتِلَالِهَا وَيَتَآمَرُوْنَ ضِدَّ الْحُكْمِ الْإِسْلَامِيِّ وَالْقَضَاءِ عَلَيْهِ وَتَحَقَّقَ لَهُمْ ذٰلِكَ بَعْدِ الثَّوْرَةِ الَّتِيْ أَخْمَدُوْهَا بِالْكَيْدِ وَالْقُوَّةِ۔

برصغیر میں خلفائے راشدین کے زمانے میں اسلام آیا۔ پھر پہلی صدی ہجری کے آخر میں محمد بن قاسم کی قیادت میں ایک اسلامی فاتح مجاہد لشکر داخل ہوا۔ اس وقت سے لے کر مسلمان کبھی تو پورے ہندوستان پر اور کبھی اس کے بعض علاقوں پر سو سال سے زیادہ عرصہ تک حاکم رہے یہاں تک کہ برطانوی سامراج کے لئے 1857ء کے انقلاب کے بعد اسلامی حکومت پر قبضہ کرنا ممکن ہو گیا۔ یہ جنگ انگریزوں کی حکومت کے خلاف لڑی گئی تھی جو برصغیر میں تاجر بن کر آئے تھے۔ پھر اپنی حکومت کے لئے راہ ہموار کرنا شروع کر دی اور ملک پر تسلط اور قبضے کے لئے تدبیریں کرنے لگے اور اسلامی حکومت کے خلاف اور اسے ختم کرنے کے لئے سازشیں کرنے لگے۔ اور ان کا یہ خواب 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد پورا ہو گیا جسے انھوں نے سازش اور قوت کے ذریعے ٹھنڈا کر دیا۔

وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ مُنْذُ الْفَتْحِ إِلَى الثَّوْرَةِ يَتَعَامَلُوْنَ مَعَ الْهَنَادِكَةِ تَعَامُلَ الْكَرَامَةِ وَالسَّخَاءِ وَالْمُسَاوَاةِ وَلَمْ يَتَدَخَّلْ حَاكِمٌ مُسْلِمٌ فِيْ عَقِيْدَتِهِمْ وَأَطْلَقَهُمْ أَحْرَارًا وَفَوَّضَ إِلَيْهِمْ مَنَاصِبَ الْحُكُوْمَةِ وَالْوِزَارَةِ وَمِنْ ثُمَّ ظَلَّتِ الْهِنْدُوْكِيَّةُ هِيَ دِيْنُ الْأَغْلَبِيَّةِ السَّاحِقَةِ حَتّٰى احْتَلَّ الْإِنْجِلِيْزُ الْبِلَادَ فَأَكَّدَ الْهَنَادِكَةُ وِلَاءَهُمْ وَوَفَاءَهُمْ لِلْحُكْمِ الْجَدِيْدِ وَاحْتَلُّوا الْمَنَاصِبَ الْحُكُوْمِيَّةَ وَتَأَكَّدُوْا بِأَنَّ الْإِنْجِلِيْزَ

سَيُغَادِرُوْنَ الْبِلَادَ يَوْمًا وَأَنَّ الْحُكْمِ سَوْفَ يَكُوْنُ نَصِيْبُ الْأَغْلَبِيَّةِ السَّاحِقَةِ مِنَ الْهَنَادِكَةِ وَأَنَّهُمْ سَوْفَ يَسْتَعْبِدُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَيَنْتَقِمُوْنَ مِنْهُمْ لِمَا حَكَمُوْا عَلَيْهِمْ إِلٰى أَكْثَرِ مِنْ أَلْفِ سَنَةٍ۔

مسلمان فتح سے لے کر انقلاب تک ہندوؤں کے ساتھ شرافت، سخاوت اور مساوات کا سلوک کرتے رہے۔ مسلمان حکمرانوں نے ان کے عقائد میں مداخلت نہ کی انھیں آزاد رکھا اور حکومت اور وزارت کے عہدے ان کو سونپے اس وجہ سے ہندومت غالب اکثریت کا دین رہا۔ یہاں تک کہ انگریزوں نے وہاں پر قبضہ کرلیا تو ہندوؤں نے نئی حکومت کو اپنی دوستی اور وفاداری کا یقین دلایا۔ حکومت کے عہدے حاصل کیے۔ انھیں یقین دلایا گیا کہ انگریز عنقریب ملک چھوڑ جائیں گے اور حکومت ہندوؤں میں سے واضح اکثریت کو مل جائے گی اور وہ مسلمانوں کو غلام بنالیں گے۔

ثُمَّ بَدَأَتِ الْحَرَكَاتُ التَّحَرُّرِيَّةُ الَّتِيْ قَادَهَا الْعُلَمَاءُ الْمُسْلِمُوْنَ ثُمَّ شَارَكَهُمُ الْهَنَادِكَةُ الَّذِيْنَ أَقْنَعُوا الْمُسْلِمِيْنَ أَخِيْرًا بِحَاجَةِ التَّوْحِيْدِ بَيْنَ الْهَنَادِكَةِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَلَمْ يَمْضِ وَقْتٌ طَوِيْلٌ حَتّٰى اكْتَشَفَ الْمُسْلِمُوْنَ بِأَنَّ الْهَنَادِكَةَ يَعْنُوْنَ بِالْهِنْدِ الْمُسْتَقِلَّةِ دَوْلَةً هِنْدُوْكِيَّةً لَاحَظَّ فِيْهَا لِلْمُسْلِمِيْنَ وَلَا نَصِيْبَ لَهُمْ وَكَانَ الْقَائِدُ الْأَعْظَمُ مُحَمَّد عَلِي جِنَاح هُوَ أَوَّلُ مَنْ تَنَبَّهَ لِذٰلِكَ فَطَالَبَ الْحُقُوْقَ لِلْمُسْلِمِيْنَ مِنَ الْهَنَادِكَةِ بِالضَّمَانَاتِ الدُّسْتُوْرِيَّةِ فَرَفَضُوْا فَتَأَكَّدَ الْقَائِدُ الْأَعْظَمُ بِمَا كَانَ قَدْ تَنَبَّهَ إِلَيْهِ فَأَخَذَ يُوْقِظُ الْأُمَّةَ الْإِسْلَامِيَّةَ لِتَنْهَضَ فَتُدَافِعَ عَنْ حِيَاضِهَا وَحُقُوْقِهَا فِي الْمُسْتَقْبَلِ۔

پھر آزادی کی تحریکیں شروع ہوئیں جن کی قیادت مسلمان علماء نے کی پھر ہندو بھی ان کے ساتھ شامل ہو گئے۔ جنھوں نے مسلمانوں کو آخر کار ہندو مسلم اتحاد کی ضرورت پر قائل کر دیا۔ زیادہ عرصہ نہ گزرا کہ مسلمانوں کو انکشاف ہوا کہ ہندو آزاد ہندوستان سے مراد ایک ہندو مملکت لیتے ہیں جن میں مسلمانوں کا کوئی حصہ نہیں ہوگا۔ قائداعظم وہ پہلے شخص تھے جنہیں اس بات کی آگاہی ہوئی پس انھوں نے ہندوؤں سے مسلمانوں کے حقوق کا دستوری ضمانتوں کے ساتھ مطالبہ کر دیا۔ پس انھوں نے انکار کر دیا پس قائداعظم کو اس بات کا یقین ہو گیا۔ جس بارے میں انھیں آگاہی ہوئی تھی پس انھوں نے امت اسلامیہ کو جگانا شروع کر دیا تا کہ وہ اٹھیں اور مستقبل میں اپنے حقوق اور

حصے کا دفاع کریں۔

وَلَقَدْ رَأَى الْقَائِدُ الْاَعْظَمُ بِأَنَّ الْهِنْدُوْكِيَّةَ الْمُتَعَصِّبَةَ تُعَادِىْ كُلَّ شَىْءٍ إِسْلَامِيٍّ مِّنَ التَّارِيْخِ وَالْعَقِيْدَةِ وَالثَّقَافَةِ وَالْاٰثَارِ وَيَعْتَبِرُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ نَجْسًا وَوَسَخًا يَّجِبُ إِمَّا مَسْحُهُمْ مِنْ شِبْهِ الْقَارَّةِ أَوْتَهْنِيْدُهُمْ لِيَعِيْشُوْا مَعَ الْهَنَادِكَةِ الْمَنْبُوْذِيْنَ۔

قائداعظم نے دیکھا کہ متعصب ہندو ہر اسلامی شے تاریخ، عقیدہ، ثقافت آثار سے دشمنی رکھتے ہیں۔ وہ مسلمانوں کو ناپاک سمجھتے ہیں اور لازم ہے کہ یا تو مسلمانوں کو برصغیر سے نکال دیا جائے یا انھیں ہندو بنا دیا جائے گا تاکہ وہ مردود ہندوؤں کے ساتھ زندگی گزاریں۔

وَكَانَ الْعَلَّامَةُ مُحَمَّد إِقْبَالُ هُوَ أَوَّلُ مَنِ اقْتَرَحَ بِإِنْشَاءِ دَوْلَةٍ اِسْلَامِيَّةٍ مُّسْتَقِلَّةٍ فِىْ مَنَاطِقِ الْأَغْلَبِيَّةِ الْمُسْلِمَةِ وَكَانَ تَشُوْدَرِىْ رَحْمَتْ عَلِىْ قَدْ سَمَّاهَا بَاكِسْتَانُ فَتَبَنَّى الْمُسْلِمُوْنَ تَحْتَ قِيَادَةِ الْقَائِدِ الْأَعْظَمِ الرَّشِيْدَةِ هٰذِهِ الْفِكْرَةَ وَأَحَبُّوْا هٰذِهِ التَّسْمِيَةَ فَاتَّخَذُوْ اقَرَارًاتَا رِيْخِيًّابِإِ نْشَاءِ بَاكِسْتَانَ فِىْ إِجْتِمَاعِ الرَّابِطَةِ الْمُسْلِمَةِ الَّذِىْ عُقِدَ بِجِوَارِ الْمَسْجِدِ الْمَلِكِيِّ بِلَاهُوْرَ فِىْ ٢٣ مَارِسْ عَامَ ١٩٤٠ م ثُمَّ تَحَرَّكَتِ الْقَافِلَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ تَحْتَ الْقِيَادَةِ الْمُخْلِصَةِ الرَّشِيْدَةِ حَتّٰى أُنْشِئَتْ بَاكِسْتَانُ فِىْ ١٤ ' أُغُسْطُسْ عَامَ ١٩٤٧ م وَ تَحَقَّقَ حُلْمُ إِقْبَالٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا۔

علامہ اقبال وہ پہلے شخص تھے جنھوں نے تجویز پیش کی کہ مسلم اکثریت کے صوبوں میں آزاد مسلم ریاست قائم کی جائے۔ چوہدری رحمت علی نے اس کا نام پاکستان رکھا۔ پس مسلمان قائد اعظم کی ذہین قیادت کے تحت مسلمانوں نے اس سوچ کی بنیاد رکھی اور انھوں نے اس نام کو پسند کیا۔ پھر انھوں نے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں پاکستان بنانے کے لئے تاریخی قرارداد پیش کی۔ یہ اجلاس 23 مارچ 1940ء میں بادشاہی مسجد کے پہلو میں منعقد ہوا پھر مخلص ذہین قیادت کے تحت مسلمانوں کا قافلہ آگے چلا یہاں تک کہ 14 اگست 1947ء کو پاکستان بن گیا اور علامہ اقبال کا خواب پورا ہو گیا اور اللہ کا حکم پورا ہو کر ہی رہتا ہے۔

......☆......

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ فِیْ اَیِّ اِجْتِمَاعٍ اِتَّخَذَ الْمُسْلِمُوْنَ الْقَرَارَ بِإِنْشَاءِ بَاکِسْتَانَ؟

کس جلسے میں مسلمانوں نے قرارداد پاکستان پیش کی؟

فِیْ اِجْتِمَاعِ الرَّابِطَةِ الْمُسْلِمَةِ۔

۲۔ مَنِ الَّذِیْ اُقْتُرِحَ بِاِنْشَاءِ دَوْلَةٍ اِسْلَامِیَّةٍ؟

اسلامی ملک بنانے کی تجویز کس نے پیش کی؟

اَلْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ إِقْبَالٌ

۳۔ مَاذَا ایَعْتَبِرُ الْهَنَادِکَةُ الْمُسْلِمِیْنَ؟

ہندو مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں؟

یَعْتَبِرُوْنَ الْمُسْلِمِیْنَ نَجِسًا وَ وَسِخًا

س2۔ اِحْفَظِ الْکَلِمَاتِ الْاٰتِیَةَ وَاسْتَخْدِمْهَا فِیْ جُمَلٍ مُفِیْدَةٍ۔

درج ذیل الفاظ کو یاد کریں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

شِبْهُ الْقَارَّةِ	دَخَلَ الْاِسْلَامُ شِبْهَ الْقَارَّةِ فِیْ عَهْدِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ اسلام برصغیر میں خلفائے راشدین کے دور میں آیا۔
اَلْاِسْتِعْمَارُ	کَانَ الْاِسْتِعْمَارُ الْبَرِیْطَانِیُّ ظَالِمًا شَدِیْدًا۔ برطانوی سامراج بہت ظالم تھیں۔
اَلثَّوْرَةُ	هَلْ تَعْرِفُ ثَوْرَةً اِسْلَامِیَّةً فِیْ اِیْرَانَ؟ کیا تو ایران میں اسلامی انقلاب کے بارے میں جانتی ہے؟
سَیْطَرَةٌ	وَیَدُسُّوْنَ الْهِنَادِکَةُ لِسَیْطَرَتِهِمْ عَلَی الْبِلَادِ ہندو ملک پر تسلط کرنے کے لئے تدبیریں کرنے لگے۔
اَلْحَرَکَاتُ التَّحْرِیْرِیَّةُ	حَصَلْنَا الْبَاکِسْتَانَ بِالْحَرَکَاتِ التَّحْرِیْرِیَّةِ۔ ہم نے پاکستان آزادی کی تحریکوں کے ذریعے حاصل کیا۔

س4۔ ھَاتِ الْمُفْرَدَ لِمَایَأْتِی؟

درج ذیل کے مفرد بنائیں؟

جمع	واحد	جمع	واحد
اَلْخُلَفَاءُ	خَلِیْفَۃٌ	تُجَّارٌ	تَاجِرٌ
اَلْھَنَادِکَۃُ	ھِنْدُوْ	اَلْمَنَاصِبُ	مَنْصَبٌ
اَلْحَرَکَاتُ	حَرَکَۃٌ	اَلْآثَارُ	اَثَرٌ
اَلْعُلَمَاءُ	عَالِمٌ		

س5۔ ھَاتِ الْجَمْعَ لِمَایَأْتِی

درج ذیل کے جمع بنائیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
اَلْقَارَّۃُ	قَارَّاتٌ	اَلْفٌ	اٰلَافٌ
اَلْعَقِیْدَۃُ	عَقَائِدُ	عَھْدٌ	عُھُوْدٌ
قَرَارٌ	قَرَارَاتٌ	اَلْقَافِلَۃُ	اَلْقَوَافِلُ
اَلْاُمَّۃُ	اُمَمٌ	أَمْرٌ	اُمُوْرٌ

س6۔ شَکِّلِ الْجُمَلَ الْاٰتِیَۃَ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگائیں:

۱۔ کَانَ الْإِنْجِلِیْزُ قَدْدَ خَلُوْاشِبْہَ الْقَارَّۃِ تُجَّارًا۔

۲۔ لَمْ یَتَمَکَّنِ الْاِنْجِلِیْزُ مِنَ الْقَضَاءِ عَلَی الْاِسْلَامِ۔

س7۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْکَلِمَاتِ فِیْ کُلِّ سَطْرٍ۔

ہر سطر میں کلمات کو ترتیب دے کر جملے بنائیں۔

۱۔ اَلْھَنَادِکَۃُ ، إِلٰی ، الْاِنْجِلِیْزُ ، الْحُکُوْمَۃِ ، فَوَّضَ ، مَنَاصِبَ

فَوَّضَ الْاِنْجِلِیْزُ مَنَاصِبَ الْحُکُوْمَۃِ اِلٰی الْھَنَادِکَۃِ۔

۲۔ اَحْرَارًا ، اَلْھَنَادِکَۃِ ، اَطْلَقَ ، الْمُسْلِمُوْنَ ، الْحُکَّامُ

اَطْلَقَ الْحُکَّامُ الْمُسْلِمُوْنَ اَلْھَنَادِکَۃَ اَحْرَارًا۔

س8۔ ترجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّۃِ؟

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ علامہ اقبال نے اسلامی ملک بنانے کی تجویز پیش کی۔

اِقْتَرَحَ الْعَلَّامَۃُ اِقْبَالٌ بِإِنْشَاءِ دَوْلَۃٍ إِسْلَامِیَۃٍ۔

۲۔ چوہدری رحمت علی نے اسلامی ملک کا نام پاکستان رکھا۔

کَانَ تَشُودَرِیْ رَحْمَتْ عَلِی قَدْسَمَّا ھٰذِہٖ الدَّوْلَۃَ الْاِسْلَامِیَّۃَ بَاکِسْتَانَ

۳۔ قائداعظم نے پاکستان بنایا۔

اَسَّسَ الْقَائِدُ الْاَعْظَمْ بَاکِسْتَانَ

۴۔ لاہور میں مسلمانوں نے قرارداد پاس کی۔

اِتَّخَذَ الْمُسْلِمُوْنَ قَرَارًا بِاِنْشَاءِ بَاکِسْتَانَ بِلَاھُوْرَ۔

۵۔ آزادی کا قافلہ چل پڑا۔

تَحَرَّکَتْ قَافِلَۃُ الْحُرِّیَّۃِ۔

۶۔ ہندو ہر اسلامی شے سے عداوت رکھتے ہیں۔

اَلْھِنْدُوْکِیَّۃُ تُعَادِیْ کُلَّ شَیْءٍ اِسْلَامِیٍّ۔

……☆……

اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ وَالثَّلَاثُوْنَ : (سبق نمبر 31)

شِعْرُ الْحِکْمَةِ

حکمت ودانائی کے اشعار

منتخب اشعار (۴)

زھیر بن ابی سلمیٰ

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ اَلْمَعْرُوْفُ	نیکی	٢۔ عِرْضٌ	عزت
٣۔ یَفِرْهُ	اس نے اپنی عزت بچائی	٤۔ یَتَّقِیْ	وہ بچتا ہے
٥۔ حَمْدٌ	تعریف	٦۔ ذَمٌّ	مذمت، برائی
٧۔ یَنْدَمُ	وہ نادم ہوجاتا ہے	٨۔ کَائِنْ	کتنے ہی، بہت سے
٩ صَامِتٌ	خاموش	١٠۔ مُعْجِبٌ	پسندیدہ
١١۔ نَقْصٌ	کمی، خرابی	١٢۔ تَکَلُّمٌ	گفتگو
١٣۔ لِسَانٌ	زبان	١٤۔ اَلْفَتٰی	نوجوان
١٥۔ اَللَّحْمُ	گوشت	١٦۔ اَلدَّمُ	خون
١٧۔ غَامَرْتَ	تو خطرہ مول لے	١٨۔ طَعْمٌ	ذائقہ
١٩۔ مَرُوْمٍ	مقصود	٢٠۔ اَلْجُبَنَاءُ	بزدل (جمع)
٢١۔ اَلْعِجْزُ	عاجزی، انکساری	٢٢۔ خَدِیْعَةٌ	دھوکا
٢٣۔ اَلطَّبْعُ	طبیعت	٢٤۔ اَللَّئِیْمُ	گھٹیا
٢٥۔ تُغْنِیْ	بے نیاز کرتا ہے	٢٦۔ عَائِبٌ	عیب نکالنے والا

٢٧۔ آفَتُهُ	اسکی مصیبت	٢٨۔ فَهْمٌ	سمجھ، عقل
٢٩۔ سَقِيْمٌ	بیمار، ناقص	٣٠۔ جَارَيْتَ	ساتھ دنیا، برابر ہونا
٣١۔ دَنِئِيٌّ	کمینہ	٣٢۔ سَوَاءٌ	برابر
٣٣۔ رَأَيْتُ	میں نے دیکھا	٣٤۔ اَلْحُرُّ	آزاد
٣٥۔ اَلْمُخَاذِيْ	ذلت، رسوائی	٣٦۔ يَحْمِيْهِ	اس کی حفاظت کرتی ہے
٣٧۔ شِدَّةٌ	مصیبت، سختی	٣٨۔ اَلْعُوْدُ	لکڑی
٣٩۔ اَللِّحَاءُ	چھلکا	٤٠۔ سَيَأْتِيْ	جلد آتی ہے
٤١۔ رَخَاءٌ	نرمی	٤٥۔ لَمْ يَنَالُوْا	نہیں پا سکے
٤٦۔ مُحَسَّدٌ	جس پر حسد کیا جائے	٤٤۔ لَمْ يَجْتَرِمْ	کوئی جرم نہیں کیا
٤٥۔ حُسَّادٌ	حاسد	٤٦۔ ضَرُوْمٌ	دہکتی ہوئی تلوار
٤٧۔ خُصُوْمٌ	دشمن، مخالف	٤٨۔ اَللَّبِيْبُ	عقلمند
٤٩۔ شَتَمَ	گالی دی	٥٠۔ مَشْتُوْمٌ	داغدار
٥١۔ نِعْمَةٌ	نعمت	٥٢۔ سَيْفٌ	تلوار
٥٣۔ عَارٌ	شرم، عار	٥٤۔ عَظِيْمٌ	بڑی

ترجمہ

١۔ وَمَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِهٖ
يَفِرْهُ وَمَنْ لَّايَتَّقِي الشَّتْمَ يُشْتَمِ،

جو شخص اپنی عزت بچانے کی خاطر دوسروں پر احسان کرے گا وہ عزت کو بچائے گا۔ جو گالیوں سے نہیں بچے گا۔ اسے گالی دی جائے گی۔

٢۔ وَمَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ فِيْ غَيْرِ أَهْلِهٖ
يَكُنْ حَمْدُهٗ ذَمًّا عَلَيْهِ وَيَنْدَمِ،

جو شخص نااہل پر احسانات کرے گا اس کی تعریف بھی مذمت بن جائے گی اور وہ شرمندہ ہوگا۔

٣۔ وَكَائِنٍ تَرىٰ مِنْ صَامِتٍ لَّكَ مُعْجِبٍ
زِيَادَتُه' أَوْنَقْصُه' فِي التَّكَلُّمِ

بہت سے خاموش طبع آدمی تجھے پسند ہیں حالانکہ ان کی برتری اور کمتری گفتگو سے نمایاں ہوتی ہے۔

٤۔ لِسَانُ الْفَتٰى نِصْفٌ وَنِصْفٌ فُؤَادُه'
فَلَمْ يَبْقَ إِلاَّ صُوْرَةُ اللَّحْمِ وَالدَّمِ

نوجوان کی زبان نصف ہے اور باقی نصف کا دل ہے پس باقی فقط خون اور گوشت ہی تو ہے

٢۔ وَقَالَ أَبُوالطَّيِّبُ اَحْمَدُ الْمُتَنَبِّيُّ:

ابوطیب احمد المتنبی:

١۔ إِذَاغَامَرْتَ فِي شَرَفٍ مَرُوْمٍ
فَلَا تَقْنَعْ بِمَا دُوْنَ النُّجُومِ

جب تو شرف مطلوب میں جان کی بازی لگادے تو ستاروں سے نیچے قناعت نہ کر۔

فَطَعْمُ الْمَوْتِ فِي أَمْرٍ حَقِيْرٍ
كَطَعْمِ الْمَوْتِ فِي أَمْرٍ عَظِيْمٍ

ایک ادنیٰ سے کام میں موت کا مزہ چکھنا کسی عظیم کام میں موت کا مزہ چکھنے کے برابر ہے۔

يَرَى الْجُبَنَاءُ أَنَّ الْعِجْزَ عَقْلٌ
وَتِلْكَ خَدِيْعَةُ الطَّبْعِ اللَّئِيْمِ

بزدل لوگ دشوار کاموں سے بچنا ہوشیاری سمجھتے ہیں حالانکہ یہ ان کمینہ طبیعت کا ایک دھوکا ہے۔

وَكُلُّ شَجَاعَةٍ فِي الْمَرْءِ تُغْنِي
وَلَا مِثْلَ الشَّجَاعَةِ فِي الْحَكِيْمِ

انسان میں ہر قسم کی شجاعت مفید ہے۔ مگر ایسی مفید نہیں جیسے حکیم و دانا کی شجاعت ہے۔

وَكَـمْ مِـنْ عَـائِـبٍ قَـوْلًا صَـحِيْـحًـا
وَآفَتُـــهٗ مِـــنَ الْـفَـهْـمِ السَّـقِـيْـمِ

اور قول صحیح کے عیب گیر بہت ہیں مگر خرابی عیب گیر کی اس کا فہم بیمار ہے۔

٣۔ وَقَالَ أَبُوْ تَمَّامٍ حَبِيْبُ الطَّائِيُّ:

ابوتمام حبیب الطائی:

إِذَا جَـارَيْـتَ فِـيْ خُـلُـقٍ دَنِيْـأً
فَـأَنْـتَ وَمَـنْ تُـجَـارِيْـهِ سَـوَاءٌ

اگر تو گھٹیا اخلاق آدمی کے ساتھ ہمسائیگی رکھے گا تو تو اور وہ برابر ہوں گے؟

رَأَيْـتُ الْـحُـرَّ يَـجْـتَـنِـبُ الْـمَـخَـازِيْ
وَيَـحْـمِـيْـهِ عَـنِ الْـغَـدْرِ الْـوَفَـاءُ

میں نے شریف آدمی کو دیکھا کہ ذلت اور رسوائی سے کنارہ کرتا ہے۔ اسے دھوکہ دہی سے وفا بچاتی ہے۔

وَمَـا مِـنْ شِـدَّةٍ إِلَّا سَيَـاتِـيْ
لَهَـا مِـنْ بَـعْـدِ شِـدَّتِهَـا رَخَـاءٌ

جو کوئی سختی بھی آتی ہے جلد ہی اس کے بعد آسانی آجاتی ہے۔

يَـعِـيْـشُ الْـمَـرْءُ مَـا اسْـتَـحْـيَـا بِـخَـيْـرٍ
وَيَـبْـقَـى الْـعُـوْدُ مَـا بَـقِـيَ اللِّـحَـاءُ

جب تک حیاء ہے آدمی کی زندگی بھی بھلی ہے

فَلَا وَاللّٰــهِ مَـا فِـي الْـعَـيْـشِ خَـيْـرٌ
وَلَا الـدُّنْـيَـا إِذَا ذَهَـبَ الْـحَـيَـاءُ

اللہ کی قسم جب حیاء جاتی ہے تو زندگی اور دنیا میں کوئی خوبی باقی نہیں رہتی۔

٤۔ وَقَالَ أَبُو الْأَسْوَدِ الدُّؤَلِيُّ:

ابوالاسود الدولی:

حَسَـدُوا الْـفَـتَـى إِذْ لَـمْ يَـنَـالُـوْا سَـعْـيَـهٗ
فَـالْـقَـوْمُ أَعْـدَاءٌ لَـهٗ وَخُـصُـوْمٌ

لوگ نوجوان کا حسد کرنے لگتے ہیں جب اس کی جدوجہد کو نہیں پاسکتے تو اس کا پیچھا کرتے ہیں اور دشمنی کرنے لگتے ہیں۔

وَتَرَی اللَّبِیْبَ مُحَسَّدًا لَّمْ یَجْتَرِمْ
شَتْمَ الرِّجَالِ وَعِرْضُہ' مَشْتُوْمٌ

تو عقلمند کو دیکھتا ہے کہ اس پر حسد کیا جاتا ہے حالانکہ اس نے کوئی جرم نہیں کیا لوگ اسے گالی دیتے ہیں اور اس کی بے عزتی کرتے ہیں۔

وَکَذٰلِکَ مَنْ عَظُمَتْ عَلَیْہِ نِعْمَۃٌ
حُسَّادُہ' سَیْفٌ عَلَیْہِ ضَرُوْمٌ

اسی طرح وہ جس پر نعمت کی فراوانی ہوتی ہے اس کے حاسد ایک ایسی تلوار ہیں جس پر آگ بڑکائی ہوئی ہو۔

لَاتَنْہَ عَنْ خُلُقٍ وَّتَأْتِیَ مِثْلَہ'
عَارٌ عَلَیْکَ إِذَا فَعَلْتَ عَظِیْمٌ

لوگوں کو ایسے کام سے کیوں روکتا ہے جو تو خود کرتا ہے اگر تو ایسا کرے گا تو تیرے لیے بڑی شرم کی بات ہے۔

مختلف اشعار کی تشریح وترجمہ

شاعر کا تعارف:

زہیر بن ابی سلمٰی کا شمار شعراء جاہلیت میں ہوتا ہے۔ اسکی کنیت ''ابو سلمٰی'' تھی زہیر بن ابی سلمٰی نے طویل عمر پائی زہیر بن ابی سلمٰی عظیم النفس سخی شخص تھا وہ اللہ اور بعثت نبوی پر یقین رکھتا تھا عرب میں زہیر اپنے اعلٰی اخلاق اور حکیمانہ اشعار کی وجہ سے مشہور ہوا اسکے اشعار کا پورا دیوان موجود ہے

وَمَنْ یَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِہٖ
یَفِرْہُ وَمَنْ لَا یَتَّقِی الشَّتْمَ یُشْتَمِ

ترجمہ:

جو اپنی عزت کیلئے خرچ کرتا ہے وہ اسکو بچالیتا ہے اور جو گالی سے نہیں بچتا اسے گالی دی جاتی ہے۔

تشریح:

یہ شعر حکمت سے بھرا ہوا ہے شاعر زہیر بن ابی سلمٰی عزت و معیار کے بڑھانے کے بارے میں بتایا ہے کہا اگر کوئی شخص اپنی عزت کو بڑھانا چاہتا ہے تو اسکو چاہیے کہ لوگوں پر زیادہ سے زیادہ خرچ کرے انکی ضروریات کا خیال رکھے اور جہاں تک ہو سکے اس کو پورا کرنے کی کوشش کرے حضور ﷺ نے اپنے بھائیوں کا خیال رکھنے کو کہا حضور ﷺ نے فرمایا

"جو کوئی اپنے بھائی کی ضرورتوں کا خیال رکھے تو اللہ اسکے لیے جنت میں دروازہ کھول دیتا ہے" ایسا کرنے سے لوگوں میں انسان کی عزت بڑھتی ہے لیکن اگر انسان ایسا نہ کرے اور لوگوں سے اچھا سلوک نہ کرے تو لوگ اسے گالی دیں گے یعنی بُرا بھلا کہیں گے۔

وَمَنْ يَجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ فِيْ غَيْرِ أَهْلِهِ
يَكُنْ حَمْدُهُ ذَمًّا عَلَيْهِ وَيَنْدَمِ

ترجمہ:

جو نا اہل کے ساتھ نیکی کرتا ہے تو تعریف کی بجائے اس کی مذمت کی جاتی ہے اور وہ نادم ہو جاتا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر نے اپنے حکیمانہ تجربات میں سے ایک اور تجربے کے بارے میں بتایا ہے کہ نیکی کرنا بہت اچھی بات ہے۔ نیکی کا اجر بہت زیادہ ملتا ہے مگر شاعر یہ کہنا چاہتا ہے کہ نیکی صرف اسی کے ساتھ کرنی چاہیے جو اس کا اہل ہو جس کو نیکی کی ضرورت ہو مگر جب ایک اچھا انسان جسے سب کے ساتھ نیکی کرنے کی عادت ہوتی ہے، کسی غیر اہل، بے عقل کے ساتھ نیکی کرتا ہے تو اس کی تعریف کی بجائے، مذمت (برائی) کی جاتی ہے لوگ اس کی تعریف کی بجائے اسے برا بھلا کہتے ہیں کیونکہ جس کے ساتھ نیکی کی گئی تھی وہ اس کا متحمل نہیں تھا۔

وَكَائِنْ تَرَى مِنْ صَامِتٍ لَّكَ مُعْجِبٍ
زِيَادَتُهُ أَوْ نَقْصُهُ فِي التَّكَلُّمِ

ترجمہ:

بہت سے خاموش لوگ تو دیکھے گا جو تجھے پسند آئیں گے ان کا اچھا یا برا ہونے کا معیار انکی گفتگو پر موقوف ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کسی انسان کے اچھا اور برا ہونے کا معیار اس کی گفتگو کو قرار دیتا ہے کسی بھی شخص کو جو دیکھنے میں بہت بھلا خوبصورت دکھائی دیتا ہے مگر ہو سکتا ہے کہ اندر سے کھوکھلا اور برا ہو شاعر کے مطابق ان کو جانچنے اور پرکھنے کا واحد طریقہ اس سے بول چال اور لین دین ہے شاعر کہتا ہے کہ بظاہر خاموشی اچھی چیز ہے کیونکہ خاموش انسان میں غور و فکر کا مادہ زیادہ ہوتا ہے مگر یہ درست نہیں ہے کہ ظاہری خوبصوتی کو اچھا ہونے کا معیار قرار دیا جائے خوبصورتی کردار میں ہوتی ہے۔

لِسَانُ الْفَتٰی نِصْفٌ وَ نِصْفٌ فُؤَادُهُ

فَلَمْ یَبْقَ اِلَّا صُوْرَۃُ اللَّحْمِ وَ الدَّمِ

ترجمہ:

ایک نوجوان کا نصف اس کی زبان ہے اور نصف اس کا دل ہے پس باقی تو سوائے گوشت اور خون کے کچھ بھی نہیں بچتا۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بڑے پتے کی بات بتاتا ہے کہ انسان کا اصل اسکا دل اور زبان ہے جس کا دل اور زبان قابو میں ہے وہ انسان کامل کے معیار کے مطابق ہے صرف زبان اور دل دونوں انسان کو اچھائی اور برائی کی طرف دھکیلتے ہیں۔ دنیا میں دو چیزیں ایسی ہے جو انسان کو جنت کی طرف بھی لے جا سکتی ہیں اور دوزخ کی طرف بھی وہ ''دل اور زبان'' ہیں حدیث رسول ہے ''بہترین انسان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے لوگ محفوظ رہیں''۔

ابوطیب احمد متنبیؔ

شاعر کا تعارف:

ابوطیب احمد متنبی کوفہ میں پیدا ہوا اور یہیں پروان چڑھا اور ملک شام میں اس نے علم حاصل کیا اور اس کے علاوہ حصول علم کی خاطر یہ مختلف شہروں میں گیا۔ وہ علم کا پیاسا تھا بلند ارادہ شخص تھا۔ نہ صرف بہت بڑا شاعر تھا بلکہ اس نے سرداری بھی طلب کی یہ ان اشخاص میں سے تھا جنھوں نے جھوٹا نبی ہونے کا دعوی کیا تھا اور اس نے اپنے اوپر آیات کے نازل ہونے کا دعوی کیا تھا اسے قید بھی کیا گیا اور اس نے کافی عرصہ قید میں گزارا یہ شاعروں کی مجلس میں بیٹھا رہتا تھا۔ اسکے اشعار فلسفے، حکمت سے بھرے ہوئے ہیں اور لوگوں کی زبانوں پر ضرب الامثال کی طرح جاری ہیں۔

اِذَا غَامَرْتَ فِیْ شَرَفٍ مَرُوْمٍ
فَلَا تَقْنَعْ بِمَا دُوْنَ النُّجُوْمِ

ترجمہ:

جب تو کسی عظیم کام کا ادارہ کرنے کے لیے خطرہ مول لے تو ستاروں سے ادھر قناعت مت کر۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر متنبی نے لوگوں کو بہادری کیطرف مائل کیا ہے متنبی کے اشعار بہادری وشجاعت سے بھرے ہوئے ہیں موجود شعر میں شاعر عظیم کام کی تعریف بیان کر رہا ہے اور عظیم کام وہ ہوتا ہے جو اتنا بلند ہو کہ ستارے جو کہ انتہائی بلندی پر ہیں وہ بھی اس کام سے پیچھے رہ جائیں شاعر نے ستاروں سے بلندی کا استعارہ استعمال کیا ہے حالانکہ ستاروں سے بلند جانا ممکن نہیں مگر شاعر نے بلند کام کے لیے ستاروں کا استعارہ استعمال کیا ہے عظیم کام میں جان کا خطرہ ہوتا ہے لیکن جب انسان خطرہ مول لے ہی لیتا ہے تو پھر چاہیے کہ انسان کسی انتہائی ناممکن کام کو ممکن کرے۔

فَطَعْمُ الْمَوْتِ فِیْ أَمْرٍ حَقِیْرٍ
كَطَعْمِ الْمَوْتِ فِیْ أَمْرٍ عَظِیْمٍ

ترجمہ:

حقیر کام میں موت کا ذائقہ عظیم کام میں موت کے ذائقہ کے برابر ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ جب انسان عظیم کام کا خطرہ مول لیتا ہے تو اسے ڈرنا نہیں چاہیے موت تو برحق ہے اسے آکر ہی رہنا ہے ہر ایک کا وقت مقرر ہے موت سے کوئی فرار نہیں ہوسکتا ۔شاعر موت کی حقیقت سے آگاہ کرتے ہوئے کہتا ہے کہ موت کا آنا برحق ہے موت کی سختی ہر ایک پر آنی ہوتی ہے۔موت کا فرشتہ عزرائیل جب کسی کی جان لینے حاضر ہوتا ہے تو اسکا روح قبض کرنے کا طریقہ اچھے برے دونوں اشخاص کیلئے ایک جیسا ہوتا ہے اس لیے شاعر کہتا ہے کہ جب مرنا ہی ہے اور موت کا ذائقہ اچھے اور برے کام میں ایک جیسا ہے تو پھر عظیم کام ہی کیوں نہ کیا جائے۔

يَرَى الْجُبَنَاءُ أَنَّ الْعِجْزَ عَقْلٌ
وَتِلْكَ خَدِيْعَةُ الطَّبْعِ اللَّئِيْمِ

ترجمہ:

بزدل عاجزی کو عقل مندی خیال کرتے ہیں حالانکہ یہ کمینی طبیعت کا ایک دھوکہ ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بزدل کے بارے میں بتاتا ہے اور کہتا ہے کہ جو لوگ ترقی کرنا نہیں جانتے وہ کنوئیں کے مینڈک بنے رہنے کو ترجیح دیتے ہیں آگے بڑھنا نہیں چاہتے۔ ایسے لوگ عاجزی کے ڈھونگ میں عظیم کام کرنے کا حوصلہ نہیں رکھتے۔ شاعر متنبّی نے ایسے لوگوں کو کمینے کا خطاب دیا ہے یہ ان بزدل لوگوں کی کمینی طبیعت کا دھوکہ ہے جو اپنے آپ کو عاجز ثابت کرتے ہوئے عظیم کام کا خطرہ مول نہیں لیتے۔

وَكُلُّ شَجَاعَةٍ فِي الْمَرْءِ تُغْنِي
وَلَا مِثْلَ الشَّجَاعَةِ فِي الْحَكِيمِ

ترجمہ:

ہر شجاعت (بہادری) انسان کو بے نیاز کر دیتی ہے جبکہ دانا شخص کی بہادری کو کوئی مثال نہیں

تشریح:

اس شعر میں متنبّی بہادری کی خوبیاں بیان کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ بہادر ہر شخص کے خوف سے بے نیاز ہو جاتا ہے کسی کے رعب و دبدبے میں نہیں آتا شاعر کہتا ہے کہ بہادر شخص کی ہر طرف واہ واہ ہوتی ہے مگر ایک شخص بہادر بھی ہو اور ساتھ ساتھ عقل مند بھی ہو تو وہ شخص بے مثال، بے نظیر ہو جاتا ہے کیونکہ عقل اور شجاعت خدا کی دو بڑی بڑی نعمتیں ہیں۔

وَكَمْ مِنْ عَائِبٍ قَوْلًا صَحِيحًا
وَآفَتُهُ مِنَ الْفَهْمِ السَّقِيمِ

ترجمہ:

کتنے ہی لوگ ہیں جو صحیح بات پر عیب نکالتے ہیں اور اسکی وجہ انکی ناقص عقل ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بزدل لوگوں کے بارے میں بتاتا ہے جو خود تو عظیم کام کرنے کا حوصلہ نہیں رکھتے بلکہ عاجزی کی آڑ میں بزدل بنے بیٹھے رہتے ہیں بجائے عظیم کام کرنے کے دوسروں پر عیب نکالتے ہیں۔ انہیں برا بھلا کہتے ہیں ان لوگوں کی عقل ٹھیک نہیں ہوتی ناقص عقل کے باعث وہ دوسروں کی عیب جوئی کرتے ہیں یہ لوگ حسد کے جذبے سے بھرے ہوتے ہیں ان کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ جو کام وہ خود نہ کر پائیں دوسرے بھی اس تک نہ پہنچیں اگر وہ عظیم لوگ ایسا کام کر گزریں تو وہ

اس میں عیب نکالتے رہتے ہیں۔

ابو تمام حبیب الطائی

شاعر کا تعارف:

ابو تمام کا پورا نام حبیب بن اوس الطائی ہے ابو تمام گندمی رنگت، طویل القامت تھا رومی عیسائی تھا شام میں پیدا ہوا۔ دمشق میں جوان ہوا اور دمشق ہی میں اسلام قبول کیا عمرو بن العاص کی مسجد میں سقہ پانی پلانے کا کام کرتا رہا اس نے مدح (تعریف، قصیدہ) گوئی سے اپنی شاعری شروع کی پھر اس نے ہجویہ شاعری (کسی کی برائی میں اشعار بیان کرنا) بھی کی ان کا کلام بہت شیریں اور فصیح تھا اسکو اپنے 14000 ہزار اشعار زبانی یاد تھے اسکے اشعار عربی شاعری کی مشہور کتاب "حماسہ" میں لکھے گئے ہیں یہ دور عباسی کا عظیم شاعر تھا ابو تمام حبیب الطائی نے کہا ہے۔

إِذَا جَارَيْتَ فِي خُلُقٍ دَنِيئًا
فَأَنْتَ وَمَنْ تُجَارِيهِ سَوَاءُ

ترجمہ:

جب تو اخلاق میں کسی گھٹیا شخص سے معاملہ کرے پس تو اور وہ شخص جس کے ساتھ تو ہے دونوں برابر ہیں۔

تشریح:

مشہور قول ہے کہ "انسان اپنی صحبت سے پہچانا جاتا ہے"

اس شعر مین اسی قول کی وضاحت کی گئی ہے اور کہتا ہے کہ جب انسان کسی گھٹیا، حقیر النفس انسان سے دوستی کا تعلق استوار کرتا ہے اور اس سے مزید تعلقات بڑھاتا ہے اور لین دین کرتا ہے تو لوگ اس شخص کی وجہ سے اچھے انسان کو بھی برا ہی سمجھنے لگتے ہیں اس لیے شاعر ابو تمام نے موجودہ شعر میں انسانوں کو نصیحت کی ہے کہ برے لوگوں کی صحبت سے بچیں۔

رَأَيْتُ الْحُرَّ يَجْتَنِبُ الْمَخَازِي
وَيَحْمِيهِ عَنِ الْغَدْرِ الْوَفَاءُ

ترجمہ:

میں نے آزاد آدمی کو دیکھا ہے کہ وہ ذلت سے بچتا ہے اور وفا دھوکہ دہی سے اس کی حفاظت کرتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر خود لوگوں سے مخاطب ہوتے ہوئے انہیں اپنے ذاتی تجربے سے آگاہ کرتا ہے شاعر کا مخاطب کرنے کا مقصد لوگوں کو اس شعر کی اہمیت کی طرف توجہ دلانا ہے شاعر ابوتمام کہتا ہے کہ میں نے خود آزاد آدمی کو دیکھا ہے کہ وہ جھوٹی بندشوں میں جکڑا نہیں ہوتا اور اس کو دیکھ کر میں (شاعر) اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ ذلت سے صرف وہی بچ سکتا ہے جو وفادار ہے اور وفاداری میں اسے ذلت سے بچاتی ہے اور اس کی حفاظت کرتی ہے۔

وَمَا مِنْ شِدَّةٍ اِلَّا سَيَأْتِيْ
لَهَا مِنْ بَعْدِ شِدَّتِهَا رَخَاءُ

ترجمہ:

اور جو کوئی سختی آتی ہے تو جلد ہی اس کی شدت کے بعد نرمی بھی آجاتی ہے۔

تشریح:

آیت قرآنی ہے "میں ہر نفس کو اس کی برداشت کے مطابق تکلیف دیتا ہوں"
اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ کس انسان کو تکلیف میں مبتلا کرنا ہے اور کسے مصروف عمل رکھنا ہے اللہ کا ہر کام مصلحت سے بھرا ہوتا ہے اللہ غیب کا علم جانتا ہے اللہ کا یہ قانون ہے کہ جسے بھی ایک وقت میں تکلیف دیتا ہے تو دوسرے وقت میں سکون بھی دیتا ہوں یہ اللہ کی مصلحت ہے کہ وہ خود جانتا ہے کہ کس وقت میں کس انسان کے ساتھ کیسا سلوک کرنا ہے مگر یہاں شاعر آسانی کی امید دلاتا ہے اور لوگوں کو مایوسی سے بچاتے ہوئے کہتا ہے کہ تکلیف کے بعد آسانی آتی ہے بالکل ایسے ہی جیسے ہر رات کے بعد دن کو طلوع ہونا ہوتا ہے۔

يَعِيْشُ الْمَرْءُ مَا اسْتَحْيَا بِخَيْرٍ
وَيَبْقَى الْعُوْدُ مَا بَقِيَ اللِّحَاءُ

ترجمہ:

آدمی زندہ رہتا ہے جب تک حیا کے ساتھ رہے اور عود کی لکڑی باقی رہتی ہے جب تک اس کی چھال باقی رہتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر حیا کی تعریف بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ انسان اس وقت تک زندہ رہتا ہے اور زندگی گذارتا ہے جب تک اس میں حیا باقی رہتی ہے حیا ایک اخلاقی صفت ہے اور جس

چیز میں نہ ہو اسے بدصورت بنا دیتی ہے حیا ایک صفت ہے جس کے ذریعے انسان بہت سی برائیوں سے بچا رہتا ہے اگر انسان میں حیا نہ رہے تو وہ برائیوں کا ارتکاب کرتا ہے اخلاقی برائیاں کرتا ہے جھوٹ اور بہتان تراشی جیسی برائیوں میں مبتلا ہو جاتا ہے بے شرم انسان کسی بھی جرم کا ارتکاب کر سکتا ہے حتیٰ کہ بے حیا انسان قتل جیسے بڑے جرم کا بھی ارتکاب کر لیتا ہے، لیکن جس شخص میں ذرہ برابر بھی حیا ہو وہ نہ تو اپنے مسلمان بھائی سے جھوٹ بولتا ہے اور نہ اس کی غیبت کرتا ہے اور نہ اس کو قتل کرتا ہے اور جس شخص کو خدا سے حیا ہو وہ بندوں کے ساتھ نہ تو ناانصافی کرتا ہے اور نہ ہی انہیں دھوکہ دیتا ہے حیا کو اسلامی اخلاقیات میں بھی نمایاں مقام حاصل ہے حضور ﷺ کا ارشاد ہے

اَلْحَيَاءُ مِنَ الْإِيْمَانِ

"حیا ایمان سے ہے" اور حیا ایمان کا جزو ہے اگر کوئی شخص اپنے ایمان کا اقرار کرتا ہے تو مومن کہلاتا ہے اس میں دوسری خوبیوں کے ساتھ ساتھ حیا کا ہونا بھی ضروری ہے پھر ایک جگہ ارشاد ہوتا ہے۔

"ایمان کی ستر سے اوپر شاخیں ہیں حیا ان میں سے ایک ہے"

فَلَا وَ اللّٰهِ مَا فِي الْعَيْشِ خَيْرٌ
وَلَا الدُّنْيَا إِذَا ذَهَبَ الْحَيَاءُ

ترجمہ:

پس خدا کی قسم زندگی اور دنیا میں کوئی بھلائی نہیں جب حیا جاتی رہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر حیا کے فقدان سے پیدا ہونے والی برائیوں کا ذکر کرتا ہے اور کہتا ہے اگر انسان میں سے حیا کم ہو جائے اس شخص کے لیے نہ تو دنیا میں کوئی بھلائی ہے اور نہ ہی زندگی میں کوئی نفع ہے یعنی جب انسان بے حیا بن جاتا ہے تو وہ ہر کام اور ہر بے حیائی کا آزادانہ ارتکاب کرتا چلا جاتا ہے پھر نہ تو وہ اخلاقی حدود کا خیال رکھتا ہے اور نہ ہی سماجی قیود کا حضور ﷺ کا فرمان ہے۔

إِذْ فَاتَكَ الْحَيَاءُ فَافْعَلْ مَا شِئْتَ

"جب تجھ میں حیا ختم ہو جائے تو جو جی چاہے وہ کر"

یعنی جب انسان میں سے حیا ختم ہو جائے تو وہ ہر برا کام کرتا چلا جاتا ہے اور بے حیائی کے تمام کام جھوٹ، غیبت، بہتان، کفر، شرک کے گناہ کرتا ہے اور نہ صرف یہ برے کام کرتا ہے بلکہ نہایت بے باکانہ انداز میں ان کا اقرار بھی کرتا ہے جبکہ حیادار شخص لوگوں سے بھی حیا کرتا ہے اور اللہ

سے بھی حیا کرتا ہے اس طرح وہ بندے کے حقوق بھی ادا کرتا ہے اور اللہ کے حقوق بھی ادا کرتا ہے اس کے ساتھ حیا انسان کا زیور بھی ہے جو شخص حیا سے متصف ہوتا ہے دین اور دنیا میں سرفراز ہوتا ہے لوگوں میں بلند مقام اور مرتبہ پاتا ہے اور آخرت میں بھی سرخرو ہوتا ہے۔

ابوالاسود الدولی

شاعر کا تعارف:

ابوالاسود الدولی کو علم نحو (گرائمر) کا بانی تصور کیا جاتا ہے اس نے علم النحو (گرائمر) کے اصول وضع کیے اس نے بہت سے اشعار کہے اسکی شاعری حکمت سے بھرپور ہے فی البدیع (فوراً) اشعار کہتا تھا لوگ اسکی شاعری پر رشک کرتے ہیں

حَسَدُوا الْفَتٰی اِذْلَمْ یَنَالُوْ اسَعْیَهٗ
فَالْقَوْمُ أَضْدَاءٌ لَهٗ وَخُصُوْمٌ

ترجمہ:

لوگ نوجوان سے حسد کرتے ہیں جب اسکی جدوجہد کو نہیں پہنچ سکتے پس لوگ اس کے مخالف اور دشمن بن جاتے ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بیان کرتا ہے کہ لوگ کسی باصلاحیت نوجوان سے حسد کرتے ہیں۔ وہ شخص جو معاشرے میں ترقی کرتا ہے اور علم وحکمت کے موتی پاتا ہے اور بلند مرتبہ حاصل کر لیتا ہے تو لوگ اس سے حسد کرنا شروع ہو جاتے ہیں اور اسکے دشمن بن جاتے ہیں اور بھرپور کوشش کرتے ہیں کہ یہ مقام اور مرتبہ اس سے چھن جائے اور وہ معاشرے میں ذلیل و رسوا ہو جائے حاسد لوگ ان کے خلاف سازشیں کرتے ہیں اور انکو مقام ومرتبہ سے گرانے کی کوشش کرتے ہیں جب کوئی شخص یا کوئی نوجوان اپنی ہمت وکوشش سے نمایاں مقام حاصل کرتا ہے تو اسکے قریب لوگ بھی اس سے حسد کرنے لگتے ہیں جب وہ لوگ اس بلند مقام کو حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو وہ اس کی تعریف یا حوصلہ افزائی کے خلاف اس کے دشمن بن جاتے ہیں اور بھرپور کوشش کرتے ہیں یہ بلند مقام ومرتبہ یہ اونچی شان اور یہ عزت ناموس اور فخر اس سے چھن جاتے ان لوگوں کے اس رویے کو شاعر نے تیز دھار والی تلوار سے تشبیہ دی ہے جو کہ کاٹ دار ہوتی ہے اور ہر چیز کو کاٹ ڈالتی ہے اور پھر جلا دیتی ہے۔ حاسد اسی طرح بلند مقام ومرتبہ پانے والے شخص سے حسد کرتے ہیں اور ہر ممکن

طریقے سے آگے بڑھنے اور ترقی کرنے سے روکتے ہیں

وَتَرَى اللَّبِيبَ مُحَسَّدًا لَّمْ يَجْتَرِمْ
شَتْمَ الرِّجَالِ وَعِرْضُهُ مَشْتُومُ

ترجمہ:

پس تو دیکھے گا کہ عقل مند آدمی پر حسد کیا جاتا ہے حالانکہ اس نے جرم نہیں کیا ہوتا لوگ اس کو گالی دیتے ہیں اور اسکی عزت داغدار کی جاتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بیان کرتا ہے کہ عقلمند آدمی سے بغیر کسی جرم سے حسد کیا جاتا ہے حالانکہ اس نے جرم نہیں کیا ہوتا اور اس کا جرم صرف یہی ہوتا ہے کہ وہ عقلمند اور ذہین ہوتا ہے اور اپنی ذہانت کے بل بوتے پر بلند مقام و مرتبہ اور عزت اور شہرت حاصل کرتا ہے مگر یہ عزت و شہرت اور مقام و مرتبہ سر بلندی اس کیلئے عذاب بن جاتی ہے معاشرے کے وہ افراد جو یہ بلند مقام و مرتبہ حاصل نہیں کر پاتے وہ اس سے حسد کرتے ہیں اس کے لیے سازشوں کا جال بچھاتے ہیں اور ہر ممکن طریقے سے اسے اس کے مقام سے گرانے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ وہ لوگوں کی نظروں سے گر جائے بدنام ہو جائے اور جب وہ اپنی ان کوششوں میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو وہ عقلمند و بلند مرتبہ شخص معاشرے میں اپنا وقار کھو بیٹھتا ہے اور تمام لوگ اسے برا سمجھتے ہیں اس کا مقام معاشرے میں گر جاتا ہے اور وہ بلا قصور و بلا وجہ لوگوں کی نظروں میں ذلیل و رسوا بن جاتا ہے۔

وَكَذَاكَ مَنْ عَظُمَتْ عَلَيْهِ نِعْمَةٌ
حُسَّادُهُ سَيْفٌ عَلَيْهِ صَرُومُ

ترجمہ:

اس طرح جس پر نعمت کثرت سے ہو اس کے حاسد اس کے لیے دہکتی ہوئی تلوار بن جاتے ہیں۔

تشریح:

حسد کا جذبہ انسان کی فطرت میں موجود ہوتا ہے زیادہ تر تو یہ جذبہ انسان میں دبا ہی رہتا ہے مگر جب حسد کا جذبہ سر پکڑنے لگتا ہے تو بہت برے اثرات پڑتے ہیں جب اللہ کسی پر اپنا فضل و کرم کرتا ہے لوگ اس سے حسد کرنے لگتے ہیں شاعر نے بُرے لوگوں کے حسد کی شدت کو ظاہر کرنے کے لیے دہکتی ہوئی تلوار کی مثال کا سہارا لیا ہے تلوار تو ویسے ہی کسی شخص کو ختم کرنے لیے کافی ہے

مگر جب یہ تیز دھار ہونے کے ساتھ دہکتی بھی ہو تو اس وقت اس کا وار بہت شدت سے لگے گا اس طرح حاسد اپنے دشمن (نیک انسان) کے لیے اس تلوار کی طرح بن جاتے ہیں جو نہ صرف کاٹتی ہے بلکہ جلا بھی دیتی ہے۔

لَاتَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَّ تَأْتِيَ مِثْلَهُ
عَارٌ عَلَيْكَ اِذَا فَعَلْتَ عَظِيْمٌ

ترجمہ:

لوگوں کو ایسے کام سے کیوں روکتا ہے جو تو خود کرتا ہے ایسا کرے گا تو تیرے لیے بڑی شرم کی بات ہے

تشریح:

دنیا میں اگر کسی انسان کو نیکی کی طرف مائل کرنا ہو تو اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اسکے سامنے نیکی کا عملی نمونہ پیش کیا جائے انسانی فطرت کسی کے سمجھانے سے زیادہ عملی طور پر زیادہ سمجھتی ہے اس لیے لوگوں کو ایسے کام کرنے کو کہنا چاہیے جو وہ خود کر سکتا ہے اللہ تعالی خود اپنے بندوں پر ان کی طاقت کے مطابق بوجھ ڈالتا ہے۔

ارشاد نبوی ہے "لوگوں کے لیے وہی پسند کرو جو اپنے لیے کرتے ہو اور دوسروں کو وہی کھلا دُ جو تم خود کھانا پسند کرو گے۔"

انسان کے ظاہر اور باطن کا ایک ہونا ضروری ہے ورنہ انسان کے اندر تضاد پیدا ہو جائے گا۔ اس لیے دوسروں کو بھی وہی کام کہنا چاہیے جو انسان خود کر سکتا ہو۔ لیکن اگر ایسا ہو کہ "دوسروں کو نصیحت اور خود میاں فصیحت" تو خرابی پیدا ہو گی اور ایسا کرنے والے کے لیے بہت شرم کی بات ہو گی۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س 1۔ اِقْرَأْ أَبْيَاتَ زُهَيْرٍ مِنَ الدَّرْسِ ثُمَّ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ

سبق سے زہیر کے اشعار پڑھیں اور پھر درج ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

۱۔ مَاذَا يَسْتَفِيْدُ مَنْ يَّجْعَلُ الْمَالَ مِنْ دُوْنِ عِرْضِهٖ؟

جو شخص اپنی عزت کے لئے مال خرچ کرتا ہے اس کو کیا فائدہ ہوتا ہے؟

مَنْ يَّجْعَلُ الْمَالَ مِنْ دُوْنِ عِرْضِهٖ يَفِرْهُ

۲۔ مَاذَا يَخْسَرُ الْاِنْسَانُ الَّذِيْ لَايَخَافُ الشَّتْمَ؟

جو شخص گالی سے نہیں بچتا اس کو کیا نقصان ہوتا ہے؟

هُوَ يُشْتَمُ

٣۔ مَنِ الَّذِيْ يَصِيرُ حَمْدُهٗ ذَمًّا عَلَيْهِ فَيَنْدَمُ عَلٰى ذٰلِكَ؟
کس شخص کی تعریف اسکی مذمت بن جاتی ہے اور کون اس پر نادم ہوتا ہے؟
مَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ فِيْ غَيْرِ أَهْلِهٖ۔

س2۔ اِقْرَأْ أَبْيَاتَ الْمُتَنَبِّيْ ءِ مِنَ الدَّرْسِ ثُمَّ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:
سبق سے متنبّی کے اشعار پڑھیں پھر نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں۔

١۔ مَنْ يَرٰى أَنَّ الْعِجزَ عَقْلٌ؟
کس کے خیال میں عاجزی عقل ہے۔
يَرَى الْجُبَنَاءُ أَنَّ الْعِجزَ عَقْلٌ

٢۔ كَيْفَ يَخْدَعُ الْإِنْسَانَ طَبْعُهُ اللَّئِيمُ؟
گھٹیا طبیعت انسان کو کیسے دھوکا دیتی ہے؟
تَقُوْلُ الطَّبْعُ اللَّئِيمُ اَنَّ الْعَجزَ عَقْلٌ

٣۔ مَاهِيَ آفَةُ مَنْ يَّعِيبُ الْقَوْلَ الصَّحِيحَ؟
صحیح بات میں عیب نکالنے والے کی مصیبت کیا ہے؟
آفَتُهٗ مِنَ الْفَهْمِ السَّقِيمِ

س3۔ اِقْرَأْ أَبْيَاتَ الطَّائِيِّ وَافْهَمْهَا فَهْمًا جَيِّدًا ثُمَّ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِيْ
الطائی کے اشعار پڑھیں اور انھیں اچھی طرح سمجھیں اور پھر نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جواب دیں۔

١۔ مَا الَّذِيْ يَجتَنِبُ مِنْهُ الْإِنْسَانُ الْحُرُّ النَّبِيلُ؟
شریف آدمی کس چیز سے بچتا ہے؟
هُوَ يَجْتَنِبُ الْمَخَازِيْ

٢۔ مَاذَا يَمْنَعُ الْحُرَّ مِنَ الْغَدْرِ؟
شریف آدمی کو بے وفائی سے کیا چیز روکتی ہے۔
يَحْمِيهِ عَنِ الْغَدْرِ الْوَفَاءُ

٣۔ مَاذَا يَأْتِيْ بَعْدَ الشِّدَّةِ فِيْ حَيَاةِ الْإِنْسَانِ؟

انسان کی زندگی میں شدت کے بعد کیا آتا ہے؟

يَأْتِي بَعْدَ الشِّدَّةِ رَخَاءٌ

س4۔ اِقْرَأْ أَبْيَاتَ الدُّؤَلِيِّ ثُمَّ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِي:

الدولی کے اشعار پڑھیں پھر نیچے دیئے ہوئے سوالوں کے جوابات دیں۔

۱۔ مَتٰى يَحْسُدُ النَّاسُ الْفَتٰى؟

نوجوان پر لوگ کب حسد کرتے ہیں؟

اِذْ لَمْ يَنَالُوْا سَعْيَهُ

۲۔ مَاذَا يَفْعَلُ الْحَاسِدُوْنَ بِالْإِنْسَانِ اللَّبِيْبِ؟

عقلمند انسان کے ساتھ حاسد کیا کرتے ہیں؟

يَشْتَمُوْنَ عِرْضَهُ

۳۔ هَلْ يَحْسُدُ النَّاسُ مَنْ يُنْعِمُ اللّٰهُ عَلَيْهِ؟

کیا جس پر اللہ کی نعمتیں ہوں لوگ اس سے حسد کرتے ہیں؟

نَعَمْ

س5۔ هَاتِ الْمَاضِيَ لِمَا يَأْتِي مِنَ الْأَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ:

نیچے دیئے ہوئے افعال مضارع کے ماضی بتائیں۔

مضارع	ماضی	مضارع	ماضی
يَشْتِمُ	شَتَمَ	يَنْدَمُ	نَدَمَ
يَقْنَعُ	قَنَعَ	يَرٰى	رَأٰى
يَتَّقِيْ	اِتَّقِيْ	يُجَارِيْ	جَارٰى
يَحْمِيْ	حَمٰى	يَعِيْشُ	عَاشَ

س-6 اِسْتَخْدِمِ الْمُفْرَدَاتِ التَّالِيَةَ فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

نیچے دیئے ہوئے الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ	معنی	جملے
۱۔ مَعْرُوْفٌ	نیکی	اِجْعَلُوْا الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِكُمْ۔ اپنی عزت کی خاطر مال خرچ کرو۔

٢۔ مُعْجِبٌ	پسندیدہ	اَلصَّامِتُ مُعْجِبٌ خاموش آدمی اچھا لگتا ہے۔
٣۔ عِرْضٌ	عزت	اِجْعَلُوا الْمَعْرُوفَ دُوْنَ عِرْضِكُمْ اپنی عزت کے لئے مال خرچ کرو۔
٤۔ كَائِنٌ	کتنے ہیں	كَائِنٍ تَرٰى مِنْ صَامِتٍ لَّكَ مُعْجِبٍ کتنے ہی خاموش لوگ تجھے پسند آئیں گے۔
٥۔ حَمْدٌ	تعریف	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تعریف اللہ کے لئے ہے۔
٦۔ ذَمٌّ	مذمت	اَلذَّمُّ مَمْنُوْعٌ مذمت سے منع کیا گیا ہے۔
٧۔ طَعْمٌ	ذائقہ	طَعْمُ الْمَوْتِ مَرِيْرٌ موت کا ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔
٨۔ رَخَاءٌ	نرمی	سَيَأْتِيْ بَعْدَ الشِّدَّةِ رَخَاءٌ سختی کے بعد جلد ہی آسانی آجاتی ہے۔

س7۔ خُذْ خَمْسَةً مِّنَ الْمُفْرَدَاتِ وَهَاتِ أَسْمَاءَ الْجَمْعِ لَهَا مِنَ الْقِطْعَةِ الشِّعْرِيَّةِ الْأُوْلٰى۔

پہلے بند سے پانچ مفرد لیں اور اس کی جمع بنائیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
عِرْضٌ	أَعْرَاضٌ	صَامِتٌ	صَامِتُوْنَ
فُؤَادٌ	إِفْئِدَةٌ	غَيْرٌ	اَغْيَارٌ
مُعْجَبٌ	مُعْجَبُوْنَ		

س8۔ هٰذِهِ أَسْمَاءٌ مُفْرَدَةٌ اِبْحَثْ عَنِ الْجُمُوْعِ لَهَا فِي الْقِطْعَتَيْنِ الثَّانِيَةِ وَالثَّالِثَةِ:

یہ اسم مفرد ہیں۔ دوسرے اور تیسرے بند سے ان کی جمع تلاش کرو۔

مفرد	جمع
نَجْمٌ	نُجُوْمٌ
جُبَانٌ	جُبَنَاءُ
مَخْزَاۃٌ	مَخَازِیُ

س9۔ تَرْجِمْ اِلٰی الْعَرَبِیَّۃِ:

عربی ترجمہ کرو۔

۱۔ عزت کی خاطر دولت خرچ کرو۔

اِجْعَلُوا الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِکُمْ۔

۲۔ نااہل سے نیکی مت کرو۔

لَا تَجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ فِیْ غَیْرِ اَھْلِہٖ۔

۳۔ خاموش آدمی اچھا لگتا ہے۔

اَلصَّامِتُ مُعْجَبٌ

۴۔ کسی معزز مقصد کے لئے خطرہ مول لو۔

غَامَرُوْا فِیْ شَرْفٍ مَرُوْمٍ۔

۵۔ بہادری ہر آدمی کو فائدہ دیتی ہے۔

اَلشَّجَاعَۃُ تُغْنِیْ کُلَّ الْمَرْءِ۔

۶۔ گھٹیا آدمی کی قربت مت اختیار کرو۔

لَا تَقْرَبُوا الدَّنِیْٔ۔

……☆……

اَلدَّرسُ الثَّانِی وَالثَّلاَثُوْنَ: (بتیسواں سبق)

ہماراوطن (۵)

اَلْمُجْتَمَعُ الْبَاکِسْتَانِیُّ

پاکستانی معاشرہ

حلِ لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ عَالِمٌ	عالم، سائنسدان	۲۔ یُحِبُّ	وہ محبت کرتا ہے
۳۔ خِلاَلَ	آمد۔ دوران	۳۔ زِیَارَۃٌ	سیر
۵۔ نَزَلَ	وہ ٹھہرا	٦۔ صَدِیْقٌ	دوست
۷۔ جَلَسَا	وہ دونوں بیٹھے	۸۔ یَتَحَدَّثَانِ	وہ دونوں باتیں کرتے ہیں
۹۔ یَشْرَبَانِ	وہ دونوں پیتے ہیں	۱۰۔ اَلشَّایَ	چائے
۱۱۔ مَسَاءَ	شام	۱۲۔ یُخَاطِبُ	وہ مخاطب ہوتا ہے
۱۳۔ أُرِیْدُ	میں چاہتا ہوں	١٤۔ أَسَالُكَ	میں تجھ سے سوال کروں
۱۵۔ تَقَالِیْدُ	رواج	١٦۔ مُجْتَمِعٌ	معاشرہ
۱۷۔ تَفَضَّلُ	تشریف رکھیے	۱۸۔ سَلُ	پوچھو
۱۹۔ بَدَالَ	وہ چاہے	۲۰۔ اَتَمُّ	مکمل
۲۱۔ اِسْتِعْدَادُ	تیاری	۲۲۔ أُرُدُّ	میں جواب دوں گا
۲۳۔ عَدَدُ	تعداد	٢٤۔ سُکَّانُ	باشندے
۲۵۔ اَلْوَقْتُ الحاضِرُ	موجودہ وقت	٢٦۔ اَلاِحْصَاءُ	مردم شماری، شماریات
۲۷۔ أُجْرِیَ	جاری کی گئی	۲۸۔ تَجَاوُزُ	تجاوز کرنا۔ بڑھنا

۲۹۔ مُسْتَمِرٌّ	مسلسل۔لگاتار	۳۰۔ سَرِیْعٌ	تیز رفتاری
۳۱۔ یَهْتَمُّوْنَ	اہمیت دیتے ہیں	۳۲۔ بِدِیْنِهِمْ	ان کا دین
۳۳۔ یَتَحَمَّسُوْنَ	جوش رکھتے ہیں	۳۴۔ یُطَّبِقُوْنَ	وہ مطابقت کرتے ہیں
۳۵۔ أَقَامُوْا	انھوں نے قائم کیا	۳۶۔ مُسْتَقِلَّةٌ	آزاد
۳۷۔ یَعِیْشُوْا	وہ زندگی گزاریں	۳۸۔ ظِلٌّ	سایہ
۳۹۔ اَلتَّقَارِیْرُ	رپورٹیں	۴۰۔ أَهْمَلُوْا	انھوں نے بھلادیا
۴۱۔ تَخَلَّفُوْا	وہ پیچھے رہ گئے ہیں	۴۲۔ کَافَّةٌ	تمام
۴۳۔ مَجَالَاتٌ	میدان	۴۴۔ یَهْتَمُّوْنَ	وہ اہمیت دیتے ہیں
۴۵۔ قَرَابَةٌ	رشتے داری	۴۶۔ دَمَوِیَّةٌ	خونی
۴۷۔ خِطْبَةٌ	منگنی	۴۸۔ اَلْمُتَثَقِّفُوْنَ	تہذیب یافتہ
۴۹۔ مُتَخَلِّفِیْنَ	پسماندہ (جمع)	۵۰۔ اَلْقُرَوِیِّیْنَ	دیہاتی لوگ (جمع)
۵۱۔ اَلْإِجْرَاتُ	کاروائیاں	۵۲۔ اَلتَّقْلِیْدِیَّةُ	روایتی
۵۳۔ اَلْعَرِیْسُ	دولہا	۵۴۔ اَلْعُرُوْسَ	دلہن
۵۵۔ أُسْرَةٌ	خاندان	۵۶۔ عَقْدُالزَّوَاجِ	شادی کی گرہ، نکاح
۵۷۔ لَازِمَةٌ	ضروری	۵۸۔ یُهْدِیْنَ	وہ دے دیتی ہیں
۵۹۔ لِتَخْضِبَ	تاکہ رنگ لے	۶۰۔ کَفَّیْ	ہتھیلیاں

اردو ترجمہ

عَبْدُاللّٰهِ یَحْیٰ عَالِمٌ سَعُوْدِیٌّ یُحِبُّ بَاکِسْتَانَ وَیُکْثِرُمِنْ زِیَارَتِهَا وَخِلَالَ زِیَارَةِ الْأَخِیْرَةِ نَزَلَ ضَیْفًا عِنْدَ صَدِیْقِهِ الْبَاکِسْتَانِیِّ خَالِدِ فَجَلَسَا یَتَحَدَّثَانِ وَیَشْرَبَانِ الشَّایَ مَسَاءَ یَوْمٍ فِیْ مَنْزِلِ خَالِدِ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَهُوَ یُخَاطِبُ صَدِیْقَهٗ خَالِدًا۔

عبداللہ یحیٰ ایک سعودی عالم ہیں۔ جو پاکستان سے محبت رکھتے ہیں۔اور اکثر اس کی سیر کو آتے ہیں۔اپنی تازہ ترین سیر کے دوران وہ اپنے ایک پاکستانی دوست خالد کے پاس مہمان کے طور

پر ٹھہرا۔ پس وہ دونوں ایک دن خالد کے گھر شام کے وقت بیٹھے باتیں کر رہے تھے اور چائے پی رہے تھے۔ پس عبداللہ نے اپنے دوست خالد سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا۔

عَبْدُاللّٰهِ: أُرِيْدُ أَنْ أَسْأَلَكَ اَشْيَاءَ عَنْ تَقَالِيْدِ الْمُجْتَمَعِ الْبَاكِسْتَانِي وَعَادَاتِهِ يَاخَالِدُ، إِذَا سَمَحْتَ؟

عبداللہ: میں آپ سے پاکستانی معاشرے کے رسم ورواج کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں۔ اگر آپ اجازت دیں؟

خَالِدُ: تَفَضَّلْ يَا صَدِيْقِيَ الْكَرِيْمَ ! وَسَلْ مَابَدَالَكَ فَأَنَا عَلٰى أَتَمِّ اسْتِعْدَادٍ أَرُدَّ عَلٰى أَسْئِلَتِكَ إِذَ اسْتَطَعْتُ

خالد: اے میرے محترم دوست تشریف رکھیے اور جو چاہیں پوچھیں پس میں آپکے سوال کے جواب کے لئے حسب استطاعت مکمل تیار ہوں۔

عَبْدُاللّٰهِ: طَيِّبٌ، مَاهُوَ عَدَدُسُكَّانِ بَاكِسْتَانِ فِي الْوَقْتِ الْحَاضِرِ

عبداللہ: خوب! پاکستان کے باشندوں کی اس وقت کیا تعداد ہے؟

خَالِدُ: يَقُوْلُ الْإِحْصَاءُ الْأَخِيْرُ الَّذِيْ أُجْرِيَ قَبْلَ سَنَوَاتٍ بِأَنَّ عَدَدَسُكَّانِهَا قَدْ تَجَاوَزَ ثَمَانِيْنَ مِلْيُوْنِ نَسَمَةٍ وَيَرٰى خُبَرَاءُ الْإِحْصَاءِ الْآنَ بِأَنَّ الْعَدَدَ قَدْ تَجَاوَزَ مِائَةَ مِلْيُوْنَ نَسَمَةٍ۔

خالد: تازہ ترین مردم شماری کے مطابق جو چند سال پہلے ہوئی اس کے باشندوں کی تعداد تقریباً 80 ملین سے تجاوز کر گئی ہے۔ شماریات کے ماہرین کی رائے کے مطابق اب تعداد تقریباً 100 ملین سے بڑھ چکی ہے۔

عَبْدُاللّٰهِ: وَيَعْنِيْ، ذٰلِكَ أَنَّ عَدَدَ السُّكَّانِ فِي ازْدِيَادٍ مُّسْتَمِرٍّ سَرِيْعٍ۔

عبداللہ: اس کا مطلب ہے کہ باشندوں کی تعداد مسلسل تیزی سے بڑھ رہی ہے۔

خَالِدُ: نَعَمْ، وَهٰذَا مِمَّالَا شَكَّ فِيْهِ۔

خالد: جی ہاں اور اس میں کوئی شک نہیں

عَبْدُاللّٰهِ: وَهَلِ الْمُسْلِمُوْنَ يَهْتَمُّوْنَ بِدِيْنِهِمْ وَيَتَحَمَّسُوْنَ لَهُ، وَيُطَبِّقُوْنَهُ، فِيْ حَيَاتِهِمِ الْعَمَلِيَّةِ؟

عبداللہ: کیا مسلمان اپنے دین کو اہمیت دیتے ہیں اور اس کے لئے جوش وخروش دکھاتے ہیں اور اپنی عملی زندگیوں میں اس کی پیروی کرتے ہیں۔

خَالِدُ: نَعَمْ، وَلِمَ لَا، فَقَدْ أَقَامُوْا دَوْلَةً إِسْلَامِيَّةً مُسْتَقِلَّةً لَهُمْ لِيَعِيْشُوْا فِيْ ظِلِّهَا أَحْرَارًا فِي عَقِيْدَتِهِمْ وَعِبَادَتِهِمْ وَثَقَافَتِهِمْ وَيُطَبِّقُوا الشَّرِيْعَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ السَّمْحَاءَ تَطْبِيْقًا صَحِيْحًا۔

خالد: جی ہاں کیوں نہیں۔ مسلمانوں نے اپنے لئے ایک آزاد اسلامی ملک اس لیے قائم کیا تاکہ اس کے سایے میں اپنے عقیدے، عبادت اور ثقافت کے مطابق آزادانہ زندگی گزار سکیں اور شریعت اسلامیہ کی ٹھیک ٹھیک مکمل پیروی کر سکیں۔

عَبْدُ اللهِ: مَانِسْبَةُ مَعْرِفَةِ الْقِرَاءَةِ وَالْكِتَابَةِ فِيْ بَاكِسْتَانَ؟

عبداللہ: پاکستان میں پڑھنے لکھنے کی شرح کیا ہے؟

خَالِدُ: بَاكِسْتَانُ لَاتَزَالُ تُعْتَبَرُ مِنَ الدُّوَلِ الْمُتَخَلِّفَةِ فِيْ هٰذَا الْمَجَالِ فَإِنَّ التَّقَارِيْرَ الْأَخِيْرَةَ تَقُوْلُ بِأَنَّ نِسْبَةَ الْمَعْرِفَةِ لَا تَزِيْدُ مِنَ الثَّلَاثِيْنَ فِي الْمِائَةِ مَعَ الْأَسَفِ الشَّدِيْدِ۔

خالد: پاکستان مسلسل اس میدان میں پسماندہ شمار کیا جاتا رہا ہے۔ پس تازہ ترین رپورٹوں کے مطابق پڑھنے لکھنے کی شرح افسوس کے ساتھ 30% سے زیادہ نہیں ہے۔

عَبْدُ اللّٰهِ: هٰذَا قَلِيْلٌ جِدًّا! وَالْإِسْلَامُ دِيْنُ الْعِلْمِ وَالْحَضَارَةِ وَالتَّقَدُّمِ......

عبداللہ: یہ تو بہت کم ہے۔ اسلام تو علم، تہذیب وتمدن اور آگے بڑھنے کا دین ہے۔

خَالِدُ: نَعَمْ يَا أَخِيْ! وَلٰكِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ قَدْ أَهْمَلُوْا تَعَالِيْمَ نَبِيِّهِمْ فَتَخَلَّفُوْا فِيْ كَافَّةِ الْمَجَالَاتِ مِنَ الْحَيَاةِ۔

خالد: جی ہاں اے میرے بھائی! لیکن مسلمانوں نے اپنے نبی کی تعلیمات کو بھلا دیا ہے۔ پس وہ زندگی کے تمام میدانوں میں پیچھے رہ گئے ہیں۔

عَبْدُ اللّٰهِ: وَأَخِيْرًا۔ لَا آخِرًا۔ كَلِمَةٌ عَنْ تَقَالِيْدِ الزَّوَاجِ فِيْ بَاكِسْتَانَ، هَلِ النَّاسُ يَهْتَمُّوْنَ كَثِيْرًا بِالْقَرَابَةِ الدَّمَوِيَّةِ أَوِالْعَصَبِيَّةِ الْقَبَلِيَّةِ فِيْ أَمْرِ الْخِطْبَةِ وَالزَّوَاجِ؟

عبداللہ: آخر میں نہ کہ آخری بات پاکستان میں شادی کے رسم ورواج کے بارے میں کیا لوگ منگنی اور نکاح کے معاملے میں اپنے خونی رشتوں کو اہمیت دیتے ہیں یا قبائلی عصبیت کو۔

خَالِدُ: أَمَّا الْمُثَقَّفُوْنَ فَلَمْ يَعُوْدُوْا يَهْتَمُّوْنَ كَثِيْرًا بِذٰلِكَ إِلَّا أَنَّ

الْمُتَخَلِّفِيْنَ وَالْقَرَوِيِّيْنَ مِنَّا لَايَزَالُوْنَ التَّقَالِيْدَ الْقَدِيْمَةَ۔

خالد: جہاں تک تہذیب یافتہ لوگوں کا تعلق ہے تو وہ اس بات کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے ہیں۔ مگر ہم میں سے پسماندہ اور دیہاتی لوگ مسلسل ان قدیم رواجوں کی پیروی کرر ہے ہیں۔

عَبْدُاللّٰہِ: وَمَا هِيَ الْإِجْرَاءَاتُ التَّقْلِيْدِيَّةُ الَّتِيْ تَتِمُّ عِنْدَ الزَّوَاجِ فِيْ بَيْتِ الْعَرِيْسِ وَالْعَرُوْسِ؟

عبداللہ: وہ کونسی رسمی کاروائیاں ہیں جو دلہا اور دلہن کے گھر شادی کے موقع پر پوری ہوتی ہیں۔

خَالِدٌ: مِنْ تَقَالِيْدِ الزَّوَاجِ عِنْدَنَا أَنَّ النِّسْوَةَ مِنْ أُسْرَةِ الْعَرِيْسِ يَزُرْنَ بَيْتَ الْعَرُوْسِ فِي اللَّيْلَةِ الَّتِيْ قَبْلَ لَيْلَةِ عَقْدِ الزَّوَاجِ وَمَعَهُنَّ مِقْدَارٌ مِنَ الْحِنَّاءِ وَالْأَشْيَاءِ اللَّازِمَةِ الْأُخْرٰى فَيُهْدِيْنَهَا إِلَى الْعَرُوْسِ لِتَخْضِبَ بِهَا كَفَّيْهَا وَأَنَامِلَهَا ثُمَّ يَخْرُجُ الْعَرِيْسُ فِيْ مُوْكِبٍ مِنْ أَقَارِبِهٖ وَاَصْدِقَاءِ رِجَالًا وَّنِسَاءً اَوْهُوَ عَلٰى ظَهْرِ الْفَرَسِ أَوْفِي السَّيَّارَةِ إِلٰى بَيْتِ الْعَرُوْسِ حَيْثُ يَسْتَقْبِلُهُمْ أَهْلُهَا فَيَتِمُّ عَقْدُ الزَّوَاجِ ثُمَّ يُقَدِّمُوْنَ لَهُمُ الطَّعَامَ ثُمَّ يُوَدِّعُوْنَ الْعَرُوْسَ وَيَكُوْنَ مَوْقِفًا حَزِيْنًا حَيْثُ يَبْكِيْ أَهْلُهَا وَصَدِيْقَاتُهَا عَلٰى فِرَاقِهَا۔

خالد: ہمارے ہاں شادی کے رسم ورواج میں سے ہے کہ نکاح کی رات سے ایک رات قبل دلہا کے گھر کی عورتیں دلہن کے گھر جاتی ہیں اور انکے پاس مہندی کی کچھ مقدار اور دوسری ضروری اشیاء ہوتی ہیں۔ پس وہ اسے دلہن کو دے دیتی ہیں۔ تا کہ اس کے ذریعے اپنی ہتھیلیوں اور انگلیوں کو رنگ لے پھر دلہا عورتوں اور مردوں پر مشتمل جلوس میں گھوڑے کی پشت پر بیٹھ کر یا کار میں سوار ہو کر دلہن کے گھر جاتا ہے۔ جہاں دلہن کے گھر والے اس کا استقبال کرتے ہیں۔ پھر نکاح کی رسم ہوتی ہے پھر انھیں کھانا پیش کیا جاتا ہے۔ پھر دلہن کو الوداع کیا جاتا ہے اور یہ موقع پر بڑا غمناک ہوتا ہے۔ جبکہ دلہن کے گھر والے اور اس کی سہیلیاں اس کی جدائی پر روتی ہیں۔

عَبْدُاللّٰہِ: غَرِيْبٌ جِدًّا! مَالِلْحُزْنِ وَمُنَاسَبَةِ الْفَرَحِ وَالسُّرُوْرِ؟

عبداللہ: بہت عجیب بات ہے۔ خوشی ومسرت کے موقع پر غم کی کیا بات؟

خَالِدٌ: هٰكَذَا التَّقَالِيْدُ عِنْدَ نَا وَأَرَاهَا نَتِيْجَةَ التَّاثِيْرِ الْهِنْدُوْكِيِّ فِى الْمُجْتَمَعِ الْبَاكِسْتَانِيِّ مُنْذُ الْقَدِيْمِ۔

خالد: ہمارے ہاں کے رسم ورواج اسی طرح کے ہیں۔اور میرا خیال ہے کہ یہ پاکستانی معاشرے پر ہندوؤں کے قدیم زمانے سے موجود اثر کا نتیجہ ہے۔

عَبْدُ اللّٰهِ: شُكْرًا يَاخَالِدُ! وَقَدْ حَانَ وَقْتُ أَذَانِ الْمَغْرِبِ

عبداللہ: شکریہ اے خالد! مغرب کی اذان کا وقت ہو گیا ہے۔

خَالِدٌ: هَيَّا بِنَا إِلَى الْمَسْجِدِ لِنُصَلِّيَ مَعَ الْجَمَاعَةِ۔

خالد: میرے ساتھ آؤ مسجد کی طرف چلیں اور با جماعت نماز ادا کریں۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

۱۔ أَيْنَ جَلَسَ الصَّدِيْقَانِ لِلْحَدِيْثِ وَالشَّايِ؟

دونوں دوست باتوں اور چائے کے لئے کہاں بیٹھے تھے؟

جَلَسَ الصَّدِيْقَانِ فِيْ مَنْزِلِ خَالِدٍ

۲۔ مَاذَا يَرَى الْخُبَرَاءُ عَنْ عَدَدِ سُكَّانِ بَاكِسْتَانَ الْآنَ؟

اس وقت پاکستان کی آبادی ماہرین کی رائے کے مطابق کیا ہے؟

قَدْ تَجَاوَزَ مِائَةِ مِلْيُوْنِ نَسَمَةٍ۔

۳۔ لِمَاذَا أَنْشَاءَ الْمُسْلِمُوْنَ دَوْلَةً مُسْتَقِلَّةً لَهُمْ؟

مسلمانوں نے اپنے لیے ایک آزاد ملک کیوں قائم کیا تھا؟

لِيَعِيْشُوْا فِيْ ظِلِّهَا أَحْرَارًا فِيْ عَقِيْدَتِهِمْ وَعِبَادَتِهِمْ وَثَقَافَتِهِمْ وَيُطَبِّقُوا الشَّرِيْعَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ۔

س2۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ۔

نیچے دیئے ہوئے جملوں کے اعراب لگائیں۔

۱۔ مَنْ يُرَافِقُ الْعَرِيْسَ فِي الْمَوْكِبِ يَوْمَ الزَّوَاجِ؟

۲۔ مَا الَّذِي اسْتَغْرَبَهُ عَبْدُ اللّٰهِ يَحْيٰ مِنْ تَصَرُّفِ أَهْلِ الْعَرِيْسِ؟

۳۔ إِنَّ بَاكِسْتَانَ تُعْتَبَرُ دَوْلَةً مُتَخَلِّفَةً فِيْ مَجَالِ الْمَعْرِفَةِ

س3۔ صَحِّحْ مَایَأْتِیْ مِنَ الْجُمَلِ:
نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کریں۔

۱۔ مَاهُوَ الْعَدَدُ السُّكَّانِ بَاكِسْتَانَ الْآنَ؟
مَاهُوَ عَدَدُ سُكَّانِ بَاكِسْتَانَ الْآنَ۔

۲۔ اِنَّ عَدَدُ السُّكَّانِ قَدْ تَجَاوَزَتْ ثَمَانُوْنَ مِلْيُوْنَ نَسَمَةٌ۔
اِنَّ الْعَدَدَ سُكَّانِ قَدْ تَجَاوَزَ ثَمَانِيْنَ مِلْيُوْنَ نَسَمَةٍ۔

۳۔ اَلْعَرِيْسُ تَخْرُجُ فِیْ مَوْكِبٍ مِنَ الْبَيْتِهِ۔
اَلْعَرِيْسُ يَخْرُجُ فِیْ مَوْكِبٍ مِن بَيْتِهِ۔

س4۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْكَلِمَاتِ فِیْ كُلِّ سَطْرٍ مِمَّا يَلِیْ۔
نیچے دیئے ہوئے الفاظ کو ترتیب دے کر جملے بنائیں۔

۱۔ وَقْتُ ، حَانَ ، اَلْمَغْرِبِ ، آذَانِ ، وَقَدْ
وَقَدْ حَانَ وَقْتُ أَذَانِ الْمَغْرِبِ۔

۲۔ اَلْأَعْظَمُ ، بَاكِسْتَانَ ، اَلْقَائِدُ ، مُؤَسِّسُ ، دَوْلَةِ ، هُوَ
اَلْقَائِدُ الْأَعْظَمُ هُوَ مُؤَسِّسُ دَوْلَةِ بَاكِسْتَانَ۔

۳۔ لَهُمْ ، مُسْتَقِلَّةٌ ، اَلْمُسْلِمُوْنَ ، اِسْلَامِيَّةٌ ، أَقَامَ ، دَوْلَةٌ
أَقَامَ الْمُسْلِمُونَ دَوْلَةً إِسْلَامِيَّةً مُسْتَقِلَّةً لَهُمْ۔

س5۔ اِسْتَخْرِجْ خَمْسَةً مِنَ التَّرَاكِيْبِ الْاِضَافِيَّةِ وَخَمْسَةً مِنَ التَّرَاكِيْبِ التَّوْصِيْفِيَّةِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِیْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ۔
5 مرکب اضافی اور 5 مرکب توصیفی نکالیں اور ان کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

مرکب اضافی	جملے
۱۔ نِسْبَةُ الْمَعْرِفَةِ	هَلْ تَعْلَمُ نِسْبَةُ الْمَعْرِفَةِ؟ کیا تو خواندگی کی شرح کا علم رکھتا ہے۔
۲۔ بَيْتُ الْعُرُوْسِ	زُرْتُ بَيْتَ الْعُرُوْسِ میں نے دلہن کا گھر دیکھا۔

٣۔ ظَهْرُ الْفَرَسِ	هُوَ رَكِبَ عَلٰى ظَهْرِ الْفَرَسِ۔ وہ گھوڑے کی پشت پر سوار ہوا۔
٤۔ مُنَاسَبَةِ الْفَرَحِ	مَالِلْحُزْنِ وَمُنَاسَبَةِ الْفَرَحِ؟ خوشی کے موقع پر غم کی کیا بات؟
٥۔ اَذَانُ الْمَغْرِبِ	وَقَدْ حَانَ وَقْتُ أَذَانِ الْمَغْرِبِ۔ مغرب کی اذان کا وقت ہو گیا ہے۔
مرکب توصیفی	جملے
١۔ عَالِمٌ سَعُوْدِيٌّ	عَبْدُ اللّٰهِ يَحْيٰ عَالِمٌ سَعُوْدِيٌّ۔ عبداللہ یحیٰ ایک سعودی عالم ہے۔
٢۔ وَقْتٌ حَاضِرٌ	مَاهُوَ عَدَدُ سُكَّانِ بَاكِسْتَانَ فِي الْوَقْتِ الْحَاضِرِ؟ اس وقت پاکستان کی آبادی کیا ہے؟
٣۔ اَلْاِحْصَاءُ الْاَخِيْرُ	مَاذَا يَقُوْلُ الْإِحْصَاءُ الْأَخِيْرُ؟ مردم شماری کی تازہ ترین رپورٹیں کیا کہتی ہیں؟
٤۔ دَوْلَةٌ اِسْلَامِيَّةٌ	بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ اِسْلَامِيَّةٌ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے۔
٥۔ اَلشَّرِيْعَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ	طَبِّقُوا الشَّرِيْعَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ شریعت اسلامیہ کی پیروی کرو۔

س خُذْ عَشَرَةَ أَسْمَاءِ الْجَمْعِ وَهَاتِ الْمُفْرَدَاتِ لَهَا۔

سبق سے 10 اسم جمع نکالیں اور ان کے مفرد بنائیں۔

جمع	واحد	جمع	واحد
١۔ أَشْيَاءُ	شَيْءٌ	٢۔ أَسْئِلَةٌ	سُؤَالٌ
٣۔ سَنَوَاتٌ	سَنَةٌ	٤۔ تَقَارِيْرُ	تَقْرِيْرٌ
٥۔ مَجَالَاتٌ	مَجَالٌ	٦۔ دُوَلٌ	دَوْلَةٌ
